★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور
روزنامہ
قوت
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی
جلد نمبر 15
منگل 13 رجب المرجب 1446ھ، 14 جنوری 2025ء، 27 پوہ 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے)
شمارہ نمبر 87
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

بلوچستان میں سیکورٹی فورسز کی کارروائی 27 دہشتگرد ہلاک

فورسز نے آپریشن بلوچستان کے ضلع کچھی میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیا، دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے، اسلحہ اور گولہ بارود کی بھاری کھیپ تباہ کر دی گئی

مارے گئے دہشت گرد سکیورٹی فورسز اور معصوم شہریوں پر متعدد حملوں میں ملوث تھے، ہلاک دہشت گرد قانون نافذ کرنے والے اداروں کو انتہائی مطلوب تھے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق سکیورٹی فورسز نے کچھی میں آپریشن کے دوران 27 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ سکیورٹی فورسز نے آپریشن بلوچستان کے ضلع کچھی میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیا۔ پاک (بقیہ نمبر 65)

پشاور، گورنر خیبر پختونخواہ فیصل کریم کنڈی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان سعودیہ میں حج معاہدہ طے، عازمین کو بہترین سہولیات فراہم کرنے پر اتفاق

عازمین کو مخصوص بیگ فراہم کیے جائیں گے، پاکستانی پرچم، کیو آر کوڈ اور متعلقہ معلومات ہوں گی، ترجمان وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان حج 2025 کیلئے معاہدہ طے پا گیا، وزیر مذہبی امور چودھری سالک حسین اور سعودی وزیر حج نے معاہدے پر دستخط کر دیے۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق رواں سال ایک لاکھ 79 ہزار 210 پاکستانی حج ادا کریں گے (بقیہ نمبر 3)

وزیراعلیٰ پنجاب کا مستحق افراد کو 3 مرلے کا مفت پلاٹ دینے کیلئے سکیم لانے کا اعلان

مریم نواز شریف کی کالا شاہ کاکو آمد، زہرہ ہومز / مسکن راوی کا افتتاح کر دیا، 100 خاندانوں کو گھروں کی الاٹمنٹ لیٹرز اور چابیاں دیں

زہرہ ہومز کو ترین ای پی ایس سمارٹ پینل ٹیکنالوجی سے زلزلے سے محفوظ، توانائی کے لحاظ سے مؤثر اور ماحولیاتی طور پر پائیدار بنایا گیا، بریفنگ

مانانوالہ (صدف الطاف) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا مستحق اور نادار افراد کو تین مرلے کا مفت پلاٹ دینے کیلئے سکیم لانے کا اعلان۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی کالا شاہ کاکو آمد۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے زہرہ ہومز / مسکن راوی کا افتتاح کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا زہرہ ہومز / مسکن راوی کا دورہ، تفصیلی معائنہ کیا۔ وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین۔ (بقیہ نمبر 6)

عدالت کا وزیراعظم کے بیرون ملک دوروں کی تفصیلات ایک ہفتے میں جمع کرانے کا حکم

ڈاکٹر فوزیہ صدیقی امریکا پہنچ گئیں، تاحال امریکا میں تعینات پاکستانی سفیر سے ملاقات نہیں ہو سکی، وکیل عمران شفیق

آئندہ ہفتہ اہم ہے، عدالت کی وزارت خارجہ کو ڈاکٹر فوزیہ صدیقی سے امریکا میں پاکستانی سفیر کی ملاقات یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں امریکا میں قید ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی اور وطن واپسی سے متعلق کیس میں عدالتی حکم کے باوجود وزیر اعظم کے بیرون ملک دوروں کا ریکارڈ پیش نہ کیا جا سکا، عدالت عالیہ نے وزیراعظم کے بیرون ملک دوروں کی تفصیلات جمع کرانے کے لیے اگلے ہفتے تک مہلت دے دی جبکہ عدالت عالیہ نے وزارت خارجہ کو ڈاکٹر فوزیہ صدیقی سے امریکا میں (بقیہ نمبر 30)

190 ملین پاؤنڈ کیس کا فیصلہ ایک بار پھر مؤخر

عدالت ریفرنس کا فیصلہ 17 جنوری جمعہ کے روز سنائے گی، احتساب عدالت کے جج 9 بجے سے کمرہ عدالت میں موجود تھے، عمران خان، بشریٰ بی بی اور وکلا کمرہ عدالت میں نہیں پہنچے، بانی پی ٹی آئی کو دو بار پیغام بھیجا لیکن وہ نہیں آئے اور نا ہی بشریٰ بی بی یا ان کے وکلا کی طرف سے کوئی پیش ہوا

احتساب عدالت اسلام آباد کے عملے نے باضابطہ طور پر آگاہ کر دیا ہے کہ آج 190 ملین پاونڈ ریفرنس کا فیصلہ اڈیالہ جیل میں سنایا جائے گا، بانی پی ٹی آئی کے وکیل خالد یوسف چوہدری کی تصدیق

راولپنڈی (یو این پی) 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کیخلاف دائر کردہ ریفرنس کا فیصلہ ایک بار پھر موخر کر دیا گیا، احتساب عدالت 190 پاؤنڈز ریفرنس کا فیصلہ 17 جنوری جمعہ کے روز سنائے گی، احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے (بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے کیخلاف درخواست پر حکومت، اوگرا کو نوٹس

دو رکنی بنچ نے متفرق درخواست کو اسی نوعیت کی دیگر درخواستوں کے ساتھ یکجا کرنے کی ہدایت کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف متفرق درخواست پر سماعت کرتے ہوئے وفاقی حکومت اور اوگرا کو نوٹس جاری کر دیے، عدالت نے متفرق درخواست کو اسی نوعیت کی دیگر درخواستوں کے ساتھ یکجا کرنے کی بھی ہدایت کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس عابد عزیز شیخ اور جسٹس انوار حسین پر مشتمل دو رکنی بنچ نے جوڈیشل ایکٹوازم (بقیہ نمبر 2)

ہمیشہ مخلص، محبت کرنیوالوں کو ہی یاد رکھا جاتا ہے، راجہ پرویز اشرف

موت اٹل حقیقت ہے ہرزی روح نے اس کا ذائقہ چکھنا ہے، سابق وزیراعظم

گوجر خان (این این آئی) سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ موت اٹل حقیقت ہے ہرزی روح نے اس کا ذائقہ چکھنا ہے، سب نے اس عارضی دنیا کو چھوڑ کر جانا ہے ہمیشہ مخلص اور محبت کرنے والوں کو ہی یاد رکھا جاتا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے مقامی سینئر (بقیہ نمبر 32)

حضرت علیؓ کا یوم ولادت آج عقیدت

واحترام سے منایا جائے گا

لاہور (این این آئی) خلیفہ چہارم مولود کعبہ امیر المومنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کا یوم ولادت آج نہایت (بقیہ نمبر 31)

وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال یونیورسٹی آف نارووال میں یوتھ فیسٹیول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

فیصلہ فیصلہ کا راگ الاپنے والوں کا پورا ٹبر عدالت سے غائب ہے، عظمیٰ بخاری

سرٹیفائیڈ جھوٹا، کرپٹ اور بددیانت شخص قوم کا خیر خواہ نہیں ہو سکتا، چوروں کا ٹبر احتساب سے زیادہ دیر نہیں بھاگ سکتا، وزیر اطلاعات کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ فیصلہ فیصلہ کا راگ الاپنے والوں کا پورا ٹبر عدالت سے غائب ہے۔ ساری عمر سیاسی مخالفین پر چور ڈاکو کے الزامات لگانے والے آج خود احتساب سے بھاگ رہے ہیں۔ جج دو گھنٹے چوروں کے ٹبر کا انتظار کرتے رہے لیکن موصوف (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی، چیرمین پی ٹی آئی عمران خان کی بہنیں میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں

دشمن طاقتیں عمران خان کے ذریعے سازش کر رہی ہیں، رانا تنویر

جھوٹ پھیلانا پی ٹی آئی کی عادت، عمران خان سیاسی نہیں سنگین مجرم ہے، وفاقی وزیر

شیخوپورہ (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ دشمن طاقتیں بانی پی ٹی آئی کے ذریعے پاکستان کے خلاف سازش کر رہی ہیں۔ شیخوپورہ میں (بقیہ نمبر 22)

موسم سرما کی تعطیلات کے بعد تعلیمی

ادارے دوبارہ کھل گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر میں موسم سرما کی تعطیلات کے بعد تعلیمی ادارے (بقیہ نمبر 7)

اڈیالہ جیل کی سخت سکیورٹی، جی ایچ

کیو حملہ کیس کی سماعت بھی ملتوی

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ جیل میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کی وجہ سے (بقیہ نمبر 8)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں طالبہ کو ہونہار سکالرشپ کا چیک دے رہی ہیں

بجلی کمپنیوں کی نااہلی، گردشی قرضوں میں سالانہ 600 ارب کا اضافہ

نادہندگان میں بڑی سیاسی / صنعتکار شخصیات شامل، ڈسکوز کے 1.094 ٹریلین کے مقروض

اسلام آباد (این این آئی) بجلی کمپنیاں نادہندگان سے عدم وصولی، بجلی چوری اور دیگر نااہلیوں کے باعث گردشی قرضے میں ماہانہ 50 ارب اور سالانہ 600 ارب کا اضافہ کر رہی ہیں (بقیہ نمبر 21)

بلدیاتی انتخابات سے متعلق

درخواستوں پر سماعت کل ہوگی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں الیکشن ایکٹ 2022 کے تحت بلدیاتی انتخابات سے متعلق دائر (بقیہ نمبر 33)

چیئرمین سینیٹ نے سینیٹر اعجاز احمد چوہدری

کے پروڈکشن آرڈرز جاری کردیئے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے سینیٹر اعجاز احمد چوہدری کے پروڈکشن آرڈرز جاری (بقیہ نمبر 19)

آرمی ایکٹ میں موجود جرائم کا اطلاق فوجی افسران پر ہوگا، جسٹس جمال مندوخیل

عدلیہ مارشل لاء کی توثیق کرتی رہی، کیا غیر آئینی اقدام پر جج بھی آرٹیکل 6 کے زمرے میں آتے ہیں، جج سپریم کورٹ

اگر کوئی آرمی آفیسر آئین کو معطل کرتا ہے تو کیا سزا ہے، جسٹس مسرت ہلالی، ملٹری کورٹس کیس کی سماعت آج تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت کے دوران جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ آرمی ایکٹ میں کئی جرائم کا ذکر بھی موجود ہے، ایکٹ کے مطابق تمام جرائم کا اطلاق فوجی افسران پر ہوگا، سویلین کا ملٹری ٹرائل کورٹ مارشل کہلاتا ہے۔ سپریم کورٹ میں فوجی عدالتوں کے کیس کی سماعت جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بنچ (بقیہ نمبر 29)

القادر ٹرسٹ بھونڈا کیس ہے جس میں عمران خان نے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا، پی ٹی آئی قیادت

یہ حکومت خود تو کچھ کر نہیں سکتی، اس لیے بھونڈا کیس بنا دیا اس کی سخت مذمت کرتے ہیں، خواجہ آصف فیصلہ آنے سے پہلے سب کچھ بتا رہے تھے،

عدت اور توشہ خانہ کیس میں بانی کی غیر موجودگی میں فیصلہ سنایا گیا تھا، جو کیس بنایا گیا ہے وہ رقم سپریم کورٹ میں جمع کرائی گئی، عمر ایوب، شبلی فراز، سلمان اکرم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی و رہنما تحریک انصاف عمر ایوب نے کہا ہے کہ القادر ٹرسٹ ایک بھونڈا کیس ہے، عمران خان اور بشریٰ بی بی کا القادر ٹرسٹ سے کوئی لینا دینا نہیں۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کا پی ٹی آئی رہنماؤں شبلی فراز اور سلمان اکرم راجہ کے (بقیہ نمبر 1)

شوگر ملز کیس، حمزہ شہباز کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور

حمزہ شہباز بیٹی کا چیک اپ کرانے ملک سے باہر گئے ہیں، نمائندہ انوار حسین پیش ہوئے

لاہور (این این آئی) اینٹی کرپشن لاہور کی عدالت نے وزیراعظم شہباز شریف اور ان کے بیٹے سابق وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کے خلاف رمضان شوگر ملز کے مقدمے پر مزید (بقیہ نمبر 13)

بانی پی ٹی آئی سے کوئی ملاقات

نہیں ہو سکی، علیمہ خان

راولپنڈی (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف کی ہمشیرہ علیمہ خان نے (بقیہ نمبر 14)

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول

بھٹو زرداری آئندہ ہفتے لاہور آئیں گے

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری (بقیہ نمبر 15)

سلمان اکرم راجہ نے سابق جج پر

مشتمل الیکشن ٹریبونل کو چیلنج کر دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان (بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ سے او آئی سی کی نمائندہ خصوصی ملاقات کر رہی ہیں

تھیلیسیمیا کے شکار بچوں کو خصوصی بچوں کا درجہ دیا جائے: ملک محمد احمد خان

ملک محمد احمد خان کی وفد کو پنجاب اسمبلی میں تھیلیسیمیا کے حوالے سے قانون سازی کی یقین دہانی

وزیر صحت خواجہ عمران نذیر کی سپیکر ملک محمد احمد خان کو تھیلیسیمیا سینٹر کے قیام پر بریفنگ

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی خصوصی دعوت پر سندس فاؤنڈیشن کے تھیلیسیمیا کے مرض میں مبتلا بچوں کے وفد نے پنجاب اسمبلی کا دورہ کیا۔ وفد میں سندس فاؤنڈیشن کے صدر یاسین

چترال، کرسٹین پبلو آبیلو گامیزو نے

کشمیری مارخور کا پرمٹ شکار کیا

چترال (این این آئی) محکمہ جنگلی حیات لوئر چترال کے مطابق لوئر چترال (بقیہ نمبر 27)

کیسز کے فیصلے عدالتوں نے کرنے

ہیں حکومت نے نہیں، قیصر احمد شیخ

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ کیسز کے فیصلے عدالتوں نے کرنا ہیں حکومت نے نہیں، (بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی، چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

عمران خان کی مطالبات سے پسپائی، پی ٹی آئی میں تقسیم کی پیشگوئی

عمران خان کے حق میں ٹرمپ نے کچھ کہا تو پھر ہم بھی ابسولوٹلی ناٹ کہیں گے، منظور وسان

کراچی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اپنے مطالبات سے پسپائی اور پی ٹی آئی میں تقسیم کے حوالے سے پیش گوئی سامنے آ گئی۔ پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سیاسی پیش (بقیہ نمبر 17)

سپیکر ملک احمد خان پنجاب اسمبلی کے رواں اجلاس میں نو منتخب رکن رانا طاہر اقبال سے حلف لے رہے ہیں

وزارت خوراک کے 7 اداروں کو

ختم، 9 کو صوبوں میں ضم کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت کی رائٹ سائزنگ کمیٹی کی وزارت خوراک کے 16 ذیلی اداروں کو ختم، صوبوں میں منتقل (بقیہ نمبر 25)

تربت: جوسک میں سڑک کنارے دھماکا، ایک شخص جاں بحق

سی ٹی ڈی اور دیگر تحقیقاتی ادارے دھماکے کی نوعیت اور دھماکا خیز مواد کا تعین کر رہے ہیں، پولیس

تربت (این این آئی) بلوچستان کے ضلع کیچ کی تحصیل تربت کے علاقے جوسک میں سڑک کنارے دھماکا ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق دھماکے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ پولیس (بقیہ نمبر 18)

آرٹیکل 191 اے کے ذریعے عدالت سے دائرہ اختیار چھینا گیا، جسٹس منصور علی شاہ

معاملہ آئین کی تشریح کا ہے، موجودہ آئینی انتظام کے تحت اس بینچ کو یہ اختیار حاصل نہیں، عدالت کے اندر الگ بینچ کیسے بنایا جا سکتا ہے؟

یہ عدلیہ کی آزادی اور اختیار کی شقوں سے متصادم ہے، پہلے اس معاملے کو دیکھیں گے، کسٹم ایکٹ سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیئے ہیں کہ آرٹیکل 191 اے کے ذریعے عدالت سے دائرہ اختیار چھینا گیا، کیا ہم سے دائرہ اختیار واپس لیا جا سکتا ہے؟ سپریم کورٹ کے جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کسٹم ایکٹ کے سیکشن 221 اے کی ذیلی شق 2 کی آئینی حیثیت سے متعلق کیس کی سماعت کی۔ بینچ میں جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس عرفان سعادت خان بھی شامل تھے۔ دوران سماعت (بقیہ نمبر 12)

ٹل پاراچنار روڈ محفوظ بنانے

کیلئے اہلکاروں کی بھرتی شروع

پشاور (این این آئی) کرم کی مرکزی شاہراہ ٹل پاراچنار روڈ محفوظ بنانے کیلئے اہلکاروں کی بھرتی کا عمل شروع کر دیا گیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق ٹل پارا چنار روڈ محفوظ بنانے کیلئے پولیس اہلکاروں کی بھرتیوں کا عمل شروع کر دیا گیا ہے اور اسپیشل (بقیہ نمبر 23)

ڈپٹی کمشنر کے احکامات کے باوجود کرم میں بنکرز گرائے نہ جا سکے

ایک فریق نے دو روز تک بنکرز مسمار نہ کرنے کی مہلت مانگی، کھانے پینے کے سامان کا قافلہ روانہ نہ ہو سکا

کرم (این این آئی) ڈپٹی کمشنر کے احکامات کے باوجود کرم میں بنکرز گرائے نہ جا سکے۔ گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر نے سی اینڈ ڈبلیو ایکسین کو بالش خیل اور خار کلے میں بنکرز گرانے کا حکم جاری کیا تھا۔ ذرائع کے مطابق ایک فریق نے دو روز تک بنکرز مسمار نہ کرنے کی مہلت مانگی ہے۔ دھرنے (بقیہ نمبر 24)

لاس اینجلس، آگ 6 روز بعد بھی بے قابو، ہلاکتوں کی تعداد 24 ہو گئی

پیسفک پیلیسیڈز کی آگ پر اب تک 11 فیصد، ایٹن کے مقام پر لگنے والی آگ پر 27 فیصد قابو پا لیا گیا

لاس اینجلس (این این آئی) امریکی شہر لاس اینجلس میں لگی آگ پر 6 روز بعد بھی قابو نہ پایا جا سکا، تیز ہواؤں کے سبب پھیلتی تباہ کن آگ کے باعث اب تک 24 افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق پیسفک پیلیسیڈز کی سب سے بڑی آگ پر اب تک 11 فیصد (بقیہ نمبر 9)

بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت کی 3 درخواستیں مسترد، ایک میں فیصلہ محفوظ

عملدرآمد ہی نہیں کر رہے، عبوری ضمانت کی درخواستیں خارج کی جاتی ہیں، ایڈیشنل سیشن جج

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت کی درخواستیں مسترد کر دی گئیں۔ ایڈیشنل سیشن جج افضل مجوکہ نے عبوری ضمانت کی درخواستوں پر (بقیہ نمبر 10)

القادر ٹرسٹ کیلئے پیسے بیرونِ ملک سے پاکستان آئے، بیرسٹر سیف

القادر ٹرسٹ میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو کوئی ذاتی فائدہ نہیں ہوا، مشیرِ اطلاعات

پشاور (این این آئی) خیبر پختون خوا کے مشیرِ اطلاعات بیرسٹر علی سیف نے کہا ہے کہ القادر ٹرسٹ ایسا کیس ہے جس میں پیسے بیرونِ ملک سے پاکستان آئے۔ ایک بیان میں انہوں نے (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد، وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر رومینہ خورشید سے ناروے کے سابق وزیراعظم ملاقات کر رہے ہیں



لاہور، رکن قومی اسمبلی رانا مبشر اقبال کا وزیراعظم شہباز شریف اور مریم نواز کے حلقے میں ترقیاتی کاموں کا افتتاح کرنے کے موقع پر اہل علاقہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:25
فجر	6:15
ظہر	1:30
عصر	4:00
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:00

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ڈولفن و پی آر یو/ ہفتہ وار کارکردگی رپورٹ جاری کردی

ہفتہ وار کارروائیوں کے دوران ڈولفن و پی آر یو فورس نے ڈکیتی و چوری کی وارداتوں میں ملوث 10 ملزمان گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن و پی آر یو/ ہفتہ وار کارکردگی رپورٹ جاری کردی ایس پی ڈولفن شاہ میر خالد کا کہنا ہے کہ ہفتہ وار کارروائیوں کے دوران ڈولفن و پی آر یو فورس نے ڈکیتی و چوری کی وارداتوں میں ملوث 10 ملزمان گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے 04 موٹر سائیکل، 01 موبائل، 01 کار، 16 پستول، 04 رائفل، گولیاں و میگزینز برآمد کیے ہیلپ لائن پر موصول 924 کالز پر فوری ریسپانس عمل میں لایا گیا۔ دورانِ پٹرولنگ 28 اشتہاری سمیت 158 عادی مجرمان، 19 عدالتی مفروران گرفتار کئے گئے جبکہ منشیات فروشوں کے قبضہ سے 26 بوتلیں شراب، 10 گرام آئس، چرس برآمد کی گئی ایس پی ڈولفن نے مزید بتایا کہ ایک ہفتے کے دوران 93 مشکوک گاڑیاں و موٹر سائیکلیں تھانوں میں بند جبکہ 252 اشخاص کے خلاف قانونی کارروائی کی گئی۔ 11 ون ویلنگ× 05 آتش بازی و ہوائی فائرنگ میں ملوث ملزمان گرفتار کیے گئے

بھکاریوں اور سٹریٹ کرائمز میں خطرناک حد تک اضافہ ہو چکا

آمدن میں مسلسل کمی اور اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافے نے سفید پوش طبقہ کو زندہ درگور کردیا ہے

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی غربی لاہور کے امیر سید علی ارتضی حسنی نے کہا ہے کہ مہنگائی اور بے روزگاری کی وجہ سے بھکاریوں اور سٹریٹ کرائمز میں خطرناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے۔ آمدن میں مسلسل کمی اور اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں اضافے نے سفید پوش طبقہ کو زندہ درگور کردیا ہے۔ حکومت نے ابھی تک بجلی کی قیمتوں میں نمایاں کمی اور ٹیکس ختم نہ کر کے وعدہ خلافی کی ہے۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کی اپیل پر 17 تاریخ کو لاہور میں بھرپور احتجاج کریں گے۔ جماعت اسلامی غربی لاہور کی تیاریاں مکمل ہیں۔ جماعت اسلامی غربی لاہور کے سینکڑوں کارکن جماعت اسلامی کے بجلی کی قیمتوں میں کمی نہ کرنے اور پر اسرار ٹیکس ختم نہ کرنے بجلی کا فلیٹ ریٹ نہ کرنے کے خلاف احتجاج میں شرکت کریں گے۔ ان خیالات کا ظہار انہوں نے گزشتہ روز 17 جنوری کے احتجاج میں شرکت کی تیاریوں کے حوالے سے وحدت روڈ پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سید ارتضی حسنی کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی پاکستان عوام کے ہر دکھ اور درد میں ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ حکمرانوں کا دو لاکھ کی تنخواہ میں بھی گزارہ نہیں ہو رہا ہے۔ جن کی بجلی، گیس، پانی، فون، پٹرول، گاڑیاں اور گھر مفت کے ہیں۔ انہوں نے اپنی تنخواہوں میں چھ لاکھ سے دس لاکھ روپے تک اضافہ کرلیا ہے۔

جنوبی چھاؤنی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے 17 سالہ لڑکی اغوا کرلی پولیس نے مقدمہ درج

لاہور (کرائم رپورٹر) جنوبی چھاؤنی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے 17 سالہ لڑکی اغوا کر لی پولیس نے مقدمہ درج کر کے مغویہ اور ملزمان کی تلاش شروع کردی تفصیلات کے مطابق، تفصیلات کے مطابق شمالی چھاؤنی کی رہائشی 17 سالہ ہما پر اسرار طور پر بازار جاتے ہوئے لاپتہ ہوگئی پولیس نے لڑکی کے بھائی بلال کی مدعیت میں درج کر کے مغویہ کی تلاش شروع کردی مدعی مقدمہ کے مطابق اس کی بہن گھر سے بازار گئی

شہر لاہور میں سائیکل اور موٹر سائیکل سواروں کے لیے مخصوص لین بنانے کا فیصلہ

ڈی جی ایل ڈی اے نے پائلٹ پراجیکٹ کا جائزہ لیا

وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر ایل ڈی اے کا شہر لاہور میں سائیکل اور موٹر سائیکل سواروں کے لیے مخصوص لین بنانے کا فیصلہ فیروز پور روڈ پر مخصوص بائیکر لین کے پائلٹ پراجیکٹ پر کام کا آغاز کر دیا گیا، ڈی جی ایل ڈی اے نے پائلٹ پراجیکٹ کا جائزہ لیا۔ کلمہ چوک سے لاہور برج تک دونوں اطراف 4 کلومیٹر لین بنائی جا رہی ہے، بائیکر لین 12 فٹ چوڑی بنے گی، شہریوں کو سہولت ہوگی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق ڈی جی ایل ڈی اے نے گلبرگ میں سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ کے تحت جاری کاموں کا بھی جائزہ لیا، ترقیاتی کام بلاتعطل جاری رکھنے کی ہدایت کیلاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر ایل ڈی اے نے صوبائی دارالحکومت میں ٹریفک روانی بہتر بنانے کے لیے شہر لاہور میں سائیکل اور موٹر سائیکل سواروں کے لیے مخصوص لین بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایل ڈی اے نے پہلے مرحلے میں فیروز پور روڈ پر مخصوص بائیکر لین کے پائلٹ پراجیکٹ پر کام کا آغاز کر دیا ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے فیروز پور روڈ کا دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے مخصوص بائیکر لین کے پائلٹ پراجیکٹ کا جائزہ لیا۔ چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید اور پراجیکٹ ڈائریکٹر نے بریفنگ دی۔ ایل ڈی اے فیروز پور روڈ کی آؤٹر سائیڈ پر دونوں اطراف بائیکر لین بنائے گا۔ بائیکر لین کو کربر اور ماحول دوست بلیو پینٹ کر کے مین شاہراہ سے الگ کیا جائے گا۔

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر سبزہ زار سکیم میں گرینڈ آپریشن۔ 55 پلاٹوں سے تجاوزات ختم ایل ڈی اے ٹیموں نے بلاک ایچ ون، بلاک ایچ سبزہ زار میں کارروائی کی۔ شاہ فرید بلاک ایچ ون سبزہ زار اور پلاٹ نمبر 500، پلاٹ 500 اے، پلاٹ نمبر 500 بی، پلاٹ نمبر 500 سی، پلاٹ نمبر 475، پلاٹ نمبر 836 تا 840، پلاٹ

نمبر 844 تا 848، پلاٹ نمبر 851 تا 854، پلاٹ نمبر 865 تا 867 بلاک ایچ سبزہ زار سے تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیا۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر شاہ فرید چوک بازار سبزہ زار میں متعدد دکانوں سے تجاوزات ہٹا دیں۔ آپریشن کی نگرانی ڈائریکٹر ہاؤسنگ فور یاور بشیر ورک اور اسسٹنٹ کمشنر سٹی نے کی۔ آپریشن میں پولیس، ضلعی انتظامیہ، ایل ڈی اے انفورسمنٹ سکواڈ نے حصہ لیا چوک بازار سے بھی غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیالاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے ٹیموں کا سبزہ زار سکیم میں روزانہ کی بنیاد پر گرینڈ آپریشن جاری ہے۔ ایل ڈی اے انفورسمنٹ سکواڈ نے ایل ڈی اے ملکیتی 55 پلاٹوں سے تجاوزات ہٹا دیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے پلاٹ نمبر 390 سی ون بلاک اے سبزہ زار سے غیر قانونی تجاوزات ختم کر دیں۔ پلاٹ نمبر 52 تا 59، پلاٹ نمبر 61 تا 70، پلاٹ نمبر 101 تا 103، پلاٹ نمبر 107 تا 117

لاہور میں وارداتوں کی ٹرپل سنچری مکمل، شہر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 308 وارداتیں رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں وارداتوں کی ٹرپل سنچری مکمل، شہر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 308 وارداتیں رپورٹ۔۔ پولیس زرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور مختلف علاقوں کے 13 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 13 افراد سے لاکھوں روپے، 3 شہریوں سے موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز چھین کر لے گئے، جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 13 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 35 موٹر سائیکلیں، 1 کار، 1 دیگر وہیکل، 4 مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 225 وارداتیں رپورٹ ہوئیں

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں ترکیہ کے دو رکنی وفد کی ملاقات

نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ، میڈیکل ایجوکیشن، میڈیکل ٹورزم، ریذیڈینسی پروگرام و دیگر باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال ہوا

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں ترکیہ کے دو رکنی وفد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز، رجسٹرار یونیورسٹی پروفیسر محمد عمران، فوکل پرسن ڈاکٹر زاہد پرویز اور پروفیسر عامر زمان خان موجود تھے۔ ترکیہ کے وفد میں ڈاکٹر ایگن ینی جن اور ڈاکٹر فتح بونول شامل تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور ترکیہ کے طبی وفد کے درمیان نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ، میڈیکل ایجوکیشن، میڈیکل ٹورزم، ریذیڈینسی پروگرام و دیگر باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ اس موقع پر ترکیہ کے ماہرین کے ہمراہ نوازا شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ بارے سیر حاصل گفتگو رہی۔ وائس چانسلر پروفیسر محمود ایاز نے ہسپتال کی موجودہ کنسٹرکشن اور دیگر مراحل بارے آگاہ کیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پاکستان اور ترکی کے درمیان دیرپا، دیرینہ اور قریبی تعلقات وابستہ ہیں۔ ترکیہ میں نظام صحت کے معترف ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب کے دل لاہور میں پاکستان کی تاریخ کا سب سے پہلا اور بڑا نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ بنایا جا رہا ہے۔ پنجاب میں میڈیکل ایجوکیشن کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ ترکی جانے کا بہت بار اتفاق ہوا اس لئے ترکی کیلئے دل میں خاص محبت ہے۔ ترکی کی تہذیب انتہائی قدیم ہے۔ ترکی میں ریزیڈینسی پروگرام کے آغاز کیلئے پنجاب مکمل تعاون کرے گا۔ ہمیں پاکستان اور ترکی کے درمیان میڈیکل ٹورزم کو پروموٹ کرنا چاہیے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ میں انشاء اللہ رواں سال او پی ڈی کا آغاز کر دیا جائے گا۔

چیف ٹریفک آفیسر سفارشی وارڈنز سے تنگ آگئے

لاہور (کرائم رپورٹر) چیف ٹریفک آفیسر سفارشی وارڈنز سے تنگ آگئے، سی ٹی او اطہر وحید نے سفارشی اہلکاروں کو معطل کرنے کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق سی ٹی او اطہر وحید نے کہا کہ تبادلے کے لئے سفارش کروانے والا وارڈن خود کو معطل سمجھے، سفارش کروانے پر وارڈنز کو مناواں لائنز بھجوا دیا جائے گا۔ اس حوالے سے ٹریفک افسران، سینئر ٹریفک وارڈنز، ٹریفک وارڈنز، اور ٹریفک اسسٹنٹس کو بذریعہ وائرلیس میسج آگاہ کردیا گیا

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے شہر کی اہم شاہرات اور چوکوں میں صفائی ستھرائی کے عمل کا جائزہ لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے شہر کی اہم شاہرات اور چوکوں میں صفائی ستھرائی کے عمل کا جائزہ لیا عوام الناس کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے بیوٹیفکیشن کے کاموں کے لیے ہدایات جاری کیں، انہوں نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عملہ صفائی شہر کے اہم شاہرات اور پوائنٹس کی صفائی ستھرائی کے لیے اقدامات کرے اور ان کی خوبصورتی کے لیے محنت اور لگن سے فرائض سرانجام دیے جائیں، ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کرنے کے سلسلہ میں اقدامات کی نگرانی کے لیے اسسٹنٹ کمشنر اور میونسپل اداروں کے افسران نگرانی کے عمل کو یقینی بنائیں تا کہ شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کیا جاسکے۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب 52/2 ایل اور 53/2 ایل اور ستگھرہ موڑ پر جاری تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کی نگرانی کی، اس موقع پر روڈ کے اطراف اور دکانوں سے ملحقہ بڑی تعداد میں تجاوزات کا بھاری مشینری کی مدد سے خاتمہ کر دیا گیا، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے کہا کہ ضلع بھر کو تجاوزات سے پاک کرنے کے لیے گرینڈ آپریشن جاری ہے جس کے تحت عوام الناس کو تجاوزات سے پاک ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں اور متعلقہ ادارے باہمی ربط و روابط سے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر محکمہ سول ڈیفنس کی ٹیموں نے متعدد پٹرول پمپس پر فائر سیفٹی کے انتظامات کو چیک کیا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر محکمہ سول ڈیفنس کی ٹیموں نے متعدد پٹرول پمپس پر فائر سیفٹی کے انتظامات کو چیک کیا گیا اور نامکمل انتظامات پر پانچ عدد پیٹرول پمپس کو نوٹسز دیے گئے اور سختی سے ہدایت کی کہ آگ بجھانے کے آلات کو سول ڈیفنس شیڈول کے مطابق 07 دن کے اندر مکمل کریں

ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1214 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1214 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 528 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 748 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (74 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 695 ڈرائیوز، 41 کم عمر ڈرائیور، 451 مسافر اور 152 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 245 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی درالحکومت 270 متاثرین کے ساتھ پہلے فیصل آباد 94 حادثات میں 94 متاثرین کے ساتھ دوسرے، ملتان 74 حادثات میں 65 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1298 متاثرین میں 1027 مرد اور 271 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 218 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 710 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 370 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔

تھانہ کوٹ لکھپت انویسٹی گیشن نے پولیس کو مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کرلیا

تھانہ کوٹ لکھپت انویسٹی گیشن نے کارروائی کے دوران فنانشل کرائم کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزم محمد شجاعت کو گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ کوٹ لکھپت انویسٹی گیشن نے پولیس کو مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق تھانہ کوٹ لکھپت انویسٹی گیشن نے کارروائی کے دوران فنانشل کرائم کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزم محمد شجاعت کو گرفتار کر لیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم نے شہری اویس علی کو لین دین کے معاملے میں بوگس چیک دیا تھا جسے سی سی ٹی وی کیمروں اور ہیومن انٹیلیجنس کی مدد سے گرفتار کیا گیا ہے لاہور (کرائم رپورٹر) گوالمنڈی چوکی میو ہسپتال پولیس نے 15 سال منشیات فروشی کرنے پر سزا کاٹنے منشیات فروش سمیت دو ملزمان گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے تفصیلات کے مطابق چوکی میو ہسپتال پولیس نے کارروائی کے دوران مختلف مقامات سے منشیات فروشی کرتے ہوئے 15 سال منشیات فروشی کرنے پر سزا کاٹ کر آنے والے ملزم اشفاق اور ملزم ریاض کو منشیات فروشی کرتے گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں مالیت کی 3 کلو کے قریب چرس برآمد ہو کر کے مقدمات درج کر لیے

تمام ریکارڈ پولکام پر بھی اپ ڈیٹ رکھنے کے احکامات جاری

تمام محرران تھانہ کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھیں جو کسی بھی وقت چیک کیا جاسکتا ہے

لاہور (خالد صمدانی سے) لاہور ایس ایس پی انویسٹی گیشن محرران اور ریڈرز سے خطاب ایس ایس پی انویسٹی گیشن لاہور محمد نوید کی تمام ڈویژنز کے ریڈرز اور تھانوں کے محرران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پینڈنگ اور زیرِ التواء مقدمات کے چالان کو فوری عدالتوں میں بھجوانے جائے اپنی زیر نگرانی تمام ریکارڈ پولکام پر بھی اپ ڈیٹ رکھنے کے احکامات جاری کردیے گئے ہیں تمام محرران تھانہ کا ریکارڈ اپ ڈیٹ رکھیں جو کسی بھی وقت چیک کیا جا سکتا ہے ریکارڈ کی بروقت تکمیل نا کرنے اور سستی برتنے والے ریڈرز اور محرران خود کو محکمانہ احتساب کے لیے تیار رکھیں غفلت، کوتاہی اور ڈیوٹی میں عدم دلچسپی لینے والے اہلکاروں کی محکمہ میں کوئی جگہ نہیں انہوں نے مزید کہا تھانوں کی صفائی و سیکورٹی کے مناسب انتظامات کروانا بھی آپ کی ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے ڈسپلن کی خلاف ورزی پر متعدد تھانوں کے محرران کو مختلف سزائیں دی گئی

برکی پولیس فارم ہاؤس میں ڈانس پارٹی پر چھاپہ

لاہور (کرائم رپورٹر) برکی پولیس فارم ہاؤس میں ڈانس پارٹی پر چھاپہ مار کر 10 لڑکیوں سمیت 28 ملزمان کو حقہ شیشہ، شراب اور اسلحہ سمیت گرفتار کرلیا ترجمان کے مطابق برکی پولیس نے 15 کی کال پر 10 لڑکیوں سمیت 28 ملزمان کو حقہ شیشہ، شراب اور اسلحہ سمیت گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان فارم ہاؤ× پر س میں لڑکے لڑکیاں اکٹھے اونچی آواز میں فحاشی گانوں پر ڈانس کرنے میں مصروف تھے دوران گرفتاری ملزمان نے پولیس پارٹی کے ساتھ سخت مزاحمت کی ملزمان میں آصف، اقصی وغیرہ شامل ہیں۔

ضلع اوکاڑہ کی تاریخ میں پہلی بار 32 ویں نیشنل تن شن کان شوتو کان کراٹے چیمپئن شپ ریاض الحق چیمپئنز ٹرافی کا انعقاد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ضلع اوکاڑہ کی تاریخ میں پہلی بار 32 ویں نیشنل تن شن کان شوتو کان کراٹے چیمپئن شپ ریاض الحق چیمپئنز ٹرافی کا انعقاد۔ چیئرمین آل پاکستان شوتو کان کراٹے فیڈریشن جاوید نور، بشیر بٹ فاؤنڈر آل پاکستان تن شن کان کراٹے فیڈریشن کی کاوشوں کی بدولت اوکاڑہ کی تاریخ میں پہلی بار یہ چیمپئن شپ انعقاد پذیر ہوئی نعیم اختر اور محمد وسیم طارق نے ٹورنامنٹ میں بطور آرگنائزنگ سیکریٹری کے فرائض سرانجام دیئے چیمپئن شپ میں بلوچستان، خیبر پختونخواہ، سندھ، کشمیر، اسلام آباد، پنجاب گرین اور پنجاب وائٹ کی ٹیموں نے حصہ لیا دو روز جاری رہنے والی اس چیمپئن شپ میں پاکستان بھر سے آئے ہوئے کراٹے کے کھلاڑیوں نے حصہ لیا بوائز اور گرلز کی مختلف کیٹگریز کے مقابلہ جات ہوئے کراٹے کے کھلاڑیوں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کر کے حاضرین سے خوب داد وصول کی علاوہ ازیں انفرادی اور ٹیم کاتا کے مقابلہ جات نے بھی اس ٹورنامنٹ میں چار چاند لگا دیئے ضلع اوکاڑہ کے کھلاڑیوں نے پنجاب وائٹ کی نمائندگی کرتے ہوئے انفرادی ٹیم کاتا اور ٹیم کاتا میں گولڈ میڈلز اپنے نام کئے

کنٹونمنٹ بورڈ بکر محلہ میں نالے کے ساتھ کوڑے اور گندگی کے ڈھیر۔ کڑتی محلہ میں کوڑے کے ڈھیر

لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) کنٹونمنٹ بورڈ بکر محلہ میں نالے کے ساتھ کوڑے کے ڈھیر۔ کڑتی محلہ میں کوڑے اور گندگی کے ڈھیر۔ ایف جے سکول کے سامنے کوڑے کا ڈھیر۔ کنٹونمنٹ بورڈ وارڈ نمبر 2 کے مختلف علاقوں میں کوڑے اور گندگی کے ڈھیر لگے ھیں ایسا لگتا ھے کہ ورکرز ان علاقوں میں بالکل کام نہیں کرتے جھاڑو سے بھی بہت کم صفائی کی جاتی ھے ان علاقوں میں صفائی ستھرائی کی بہت کمی ھے برا× نام ھی صفائی کی جاتی ھے اعلیٰ افسران کو فوری نوٹس لینے کی ضرورت ہے

سرلہ روڈ کی بنیاد کو ایک سال مکمل ہونے پر پروقار تقریب و کارزمیٹنگ کا انعقاد بمقام بادشاہ پور میں ہوا۔

چوآ سیدن شاہ (نامہ نگار) تقریب کی مہمان خصوصی ایم پی اے مہوش سلطانہ راجہ تھیں۔۔۔ ڈھڈہ کوٹ چوک سے بادشاہ پور تک ریلی کی صورت میں قافلہ بادشاہ پور پہنچا۔ یہاں ایم پی اے مہوش سلطانہ راجہ کا شاندار استقبال کیا گیا تقریب میں سالگرہ کا کیک کاٹا گیا۔ اور سرلہ روڈ کی تعمیر کے حوالے سے کوششوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔۔۔ نیک عزم کا اعادہ کیا گیا۔۔۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔۔ جس کے بعد سرلہ روڈ کی تنظیم کے عہدیداران و ممبران نے ایک سال سے سرلہ روڈ کے حوالے سے کاوشوں اور جدوجہد پر خراج تحسین پیش کیا۔ پروقار تقریب میں دھن اور محال سے بھی لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ معروف سماجی شخصیت راجہ احمد بخش ڈلوال اور ایم پی اے مہوش سلطانہ راجہ صاحبہ نے سچ کی آواز۔ سرلہ کی بنیاد کے ایک سال مکمل ہونے پر مبارکباد و خراج تحسین پیش کیا۔۔۔ اور کہا کہ اس حوالے سے اپنی بھرپور کوشش اور جدوجہد جاری ہے۔ اور انشاءاللہ جلد سرلہ روڈ پر کام کا آغاز ہوگا۔ سرلہ روڈ کے شرکاء کا کہنا تھا۔ یہ ڈرامہ نہیں۔ بلکہ ایک حقیقت ہے۔

پی ایچ اے کا 26 ویں بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس

مستقل ملازمین کی تنخواہوں میں 50 فیصد الاونس 2022ء کی بیسک تنخواہ پر منظوری دی گئی

لاہور (خبر نگار) پی ایچ اے کا 26 ویں بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس جیلانی پارک ہیڈ کواٹر میں چیئرمین پی ایچ اے غزالی سلیم بٹ کی زیر صدارت اجلاس ہوا۔ اجلاس میں ڈی جی پی ایچ اے محمد طاہر وٹو نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران کو ایجنڈے پر بریفنگ دی۔ پی ایچ اے کے 26 ویں بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں زیر بحث 34 نکاتی ایجنڈوں پر متفقہ رائے کے بعد ڈیلی پیڈ ملازمین کی تنخواہوں 37 ہزار ماہانہ کرنے کی منظوری دی گئی۔ مستقل ملازمین کی تنخواہوں میں 50 فیصد الاونس 2022ء کی بیسک تنخواہ پر منظوری دی گئی۔ پارکوں کی اپ گریڈیشن اور ڈویلپمنٹ، پکنک پوائنٹ، سیٹنگ پوئنٹس کی منظوری دی گئی۔ جیلانی پارک میں ریسٹورنٹ اور کنال ریسٹورنٹ کی منظوری دی گئی۔ ہارس اینڈ کیٹل شو کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی لاہور کے محکمہ جات ایڈمنسٹریشن، کوآرڈینیشن، ایم اینڈ او، انجینئرنگ، مارکیٹنگ، ہارٹی کلچر کی بہتری کے حوالے سے مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال ہوا

ڈاکٹر مسعود شیخ نے میڈیا اور ڈاکٹروں کے درمیان کامیابی سے پل کا کردار ادا کیا: پروفیسر الفرید ظفر

ڈاکٹر مسعود شیخ میڈیا نمائندگان کی بھرپور شرکت نے انکے خلاف چلائی جانے والی نام نہاد مہم کی نفی کردی صدر جنرل کیڈر ڈاکٹرز ایسوسی ایشن

لاہور (خبر نگار) جنرل کیڈر ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر مسعود شیخ کی سالگرہ کی تقریب میں پرنسپل لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر الفرید ظفر نے سالگرہ کا کیک کاٹتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر مسعود شیخ ڈاکٹروں اور صحافیوں میں ایک پل کا کردار ادا کر رہے ہیں اور پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا میں انکے دوستوں اور چاہنے والیوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ اپنے دوست صحافیوں کے ساتھ اچھے روابط رکھتے ہیں اور انکو نبھانے کی کوشش بھی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹروں اور میڈیا کے درمیان اچھا تعلق قائم ہونے سے انتظامی مسائل میں کمی آتی ہے۔ ڈاکٹر مسعود شیخ نے تقریب میں شرکت کرنے والوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صحافی انکی فیملی ہیں اور انسے تعلقات نہیں بلکہ وہ اس فیملی کا حصہ ہیں۔ صحافیوں نے ہر اچھے وقت میں انکے ساتھ خوشیاں بانٹیں اور برے وقت میں انکا ساتھ نبھایا۔ انہوں نے کہا کہ آج کی تقریب میں ہیلتھ رپورٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداران، ایجوکیشن رپورٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداران، کرائم رپورٹرز، سیاسی بیٹ سے منسلک رپورٹرز، اخبارات کے ایڈیٹرز، اور پریس کلب کے عہدیداران کی شمولیت نے مقامی اخبار اور صحافیوں کی جانب سے پچھلے دنوں کی جانے والی انکی کردار کشی کے تاثر کو ختم کر دیا، اور انکے خلاف چلائی جانے والی نام نہاد پراپوگنڈا مہم کی بھی نفی کر دی۔ ڈاکٹر مسعود شیخ نے کہا کہ یہ مہم کہاں سے اور کس کے کہنے پر چلائی جا رہی ہے اب لوگوں کو اس بارے میں بخوبی علم ہو چکا ہے اسلئے اسپر مزید بات نہیں کرنا چاہتے۔ ڈاکٹر اسد عباس شاہ نے کہا کہ ڈاکٹر مسعود شیخ ہمیشہ حق اور سچ کا علم بلند کرتے رہے ہیں

جنرل ہسپتال لاہور کے پرنسپل پروفیسر سردار الفرید ظفر، جنرل کیڈر ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر مسعود شیخ کی سالگرہ کی تقریب میں شریک ہیں

سیکرٹری پرائس کنٹرول اینڈ کموڈٹیز مینجمنٹ پنجاب محمد اجمل بھٹی کی زیر صدارت اجلاس کا انعقاد کیا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سیکرٹری پرائس کنٹرول اینڈ کموڈٹیز مینجمنٹ پنجاب محمد اجمل بھٹی کی زیر صدارت اجلاس کا انعقاد کیا گیا، اجلاس میں ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید ڈائریکٹر ایگریکلچر اکنامکس اینڈ مارکیٹنگ سمیت ڈویژن بھر کے سیکرٹری مارکیٹ کمیٹیز کی شرکت کی، عوام الناس کو ٹماٹر، آلو، پیاز، دالوں سمیت ضروری اشیاء کی سپلائی، ڈیمانڈ اور قیمتوں بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی، سیکرٹری پرائس کنٹرول اینڈ کموڈٹیز مینجمنٹ پنجاب محمد اجمل بھٹی نے کہا کہ عوام الناس کو اشیائے ضروریہ کی فراہمی کے سلسلے میں رمضان المبارک پلان 2025 بارے بھی آگاہ کیا گیا، عوام کو کنٹرول ریٹس پر وافر مقدار میں اشیائے ضروریہ کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، تمام سیکرٹری مارکیٹ کمیٹیز عوامی سہولت کے پیش نظر طلب اور رسد کی نگرانی کریں، موثر پرائس کنٹرول میکنزم کے ذریعے عوام کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں۔

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی خصوصی دعوت پر سندس فاؤنڈیشن کے تھیلیسیمیا کے مرض میں مبتلا بچوں کے وفد نے پنجاب اسمبلی کا دورہ کیا

لاہور ( ) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی خصوصی دعوت پر سندس فاؤنڈیشن کے تھیلیسیمیا کے مرض میں مبتلا بچوں کے وفد نے پنجاب اسمبلی کا دورہ کیا۔ وفد میں سندس فاؤنڈیشن کے صدر یاسین خان، سی ای او عبدالستار، منیجر مارکیٹنگ عمران مہر اور دیگر معزز شخصیات شامل تھیں۔ وفد کے بچوں نے پنجاب اسمبلی کے نئے ایوان کا دورہ کیا اور اہم اجلاس کے مقامات کا مشاہدہ کیا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے بچوں کا استقبال کیا اور انہیں اپنے چیمبر میں خصوصی ملاقات کے لیے مدعو کیا۔ ملاقات کے دوران وزیر صحت خواجہ عمران نذیر بھی موجود تھے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے تھیلیسیمیا کے خاتمے کے لیے قانون سازی کو مزید مؤثر بنانے کی یقین دہانی کروائی اور سندس فاؤنڈیشن کے لیے ہر ممکن مالی معاونت فراہم کرنے کا وعدہ کیا۔ وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے سپیکر ملک محمد احمد خان کو تھیلیسیمیا سینٹر کے قیام پر بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ہر ضلع میں تھیلیسیمیا سینٹر قائم کیا جائے گا، اور سندس فاؤنڈیشن کی ماہرین کی رائے کو اس منصوبے میں شامل کیا جائے گا۔

اصلاحی معاشرے کیلئے علماء کا کردار انتہائی اہم ہے: ڈاکٹر راغب نعیمی

جو قومیں تعلیم سے رشتہ مضبوط رکھتی ہیں وہ ہی ترقی کے سفر میں آگے ہوتی ہیں، تقریب سے خطاب

لاہور (پ ر) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ اصلاحی معاشرے کیلئے علماء کا کردار انتہائی اہم ہے۔ علماء کرام معاشرے میں اسلام کی ترویج کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ جو قومیں تعلیم سے رشتہ مضبوط رکھتی ہیں وہ ہی ترقی کے سفر میں آگے ہوتی ہیں۔ مدارس دینیہ میں زیر تعلیم طلبہ وطالبات کی تعلیم کے ساتھ ساتھ کردار سازی بھی کی جاتی ہے۔ مدارس کے فارغ التحصیل طلبہ دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ جدید علوم سے بھی آراستہ ہوتا ہیں۔ قرآن کریم کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی انسان دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔ مدارس میں زیر تعلیم طلبہ خود کو تمام برائیوں سے اپنے آپ کو دور رکھیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز جامعہ نعیمیہ میں تعمین ایسوسی ایشن میں شمولیت اختیار کرنے والے علماء کرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے مرکزی صدر مفتی ندیم قمر، مفتی عبدالستار سعیدی، مولانا محمد سلیم نعیمی و دیگر نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے مدارس سے فارغ ہونے والے طلبہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اب ایک نئی زندگی کی شرعات کرنے جا رہے ہیں۔ آپ لوگ قوم کا سرمایہ ہیں۔ معاشرے کیلئے اہم کردار ادا کریں۔

اسسٹنٹ کمشنر چوہدری ضیاء اللہ کی ہدایات پر میونسپل کمیٹی کے اہلکار عوامی خدمت میں سرگرم عمل

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر چوہدری ضیاء اللہ کی ہدایات پر میونسپل کمیٹی کے اہلکار عوامی خدمت میں سرگرم عمل، شہر کے متعدد مقامات پر بارشی پانی کے انخلاء کے سلسلہ میں میونسپل کمیٹی کی ٹیموں نے موثر انداز میں فرائض سرانجام دیے اور سکر مشینوں کے ذریعے نشیبی علاقوں سے بارشی پانی مینگرز میں جمع کیا، عوام الناس نے عوامی شکایات کے ازالہ کے سلسلے میں تحصیل انتظامیہ کی کاوشوں کو بھرپور انداز میں سراہا ہے۔

آستانہ عالیہ سید آباد دربار عالیہ ٹبہ شریف جھنگ میں پیر سید غلام شاہ ہمدانی کے سالانہ عرس کی تقریب منعقد ہوئی

جھنگ (بیورو رپورٹ) آستانہ عالیہ سید آباد دربار عالیہ ٹبہ شریف جھنگ میں پیر سید غلام شاہ ہمدانی کے سالانہ عرس کی تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں پیر سید جاوید اکبر سلطانی، پیر عبد الغفار سیالوی، گجرانوالہ، حافظ القاری عبدالطیف سلطانی و دیگر علماء سمیت مریدین اور زائرین نے کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب میں معروف نعت خواں ناصر عباس چشتی نے گلہائے عقیدت پیش کیا۔ عرس پاک کی تقریب میں صاحبزادہ سید عبدالاحد اکبر سلطانی نے خصوصی طور پر شرکت کی پیر سید جاوید اکبر سلطانی نے اپنے خطاب میں کہا کہ بزرگان دین نے دین کی محنت کی ہے، ان کے چراغ پورے جگ میں جگمگ کر رہے ہیں پیر سید جاوید اکبر سلطانی نے خصوصی دعا کروائی۔ جس میں ملک و قوم کے استحکام، کشمیر اور فلسطین کی آزادی کیلئے بھی اللہ کے حضور دعا کی گئی سالانہ عرس کی تقریب سے علماء کرام نے بھی حاضرین سے خطاب کیا۔

مسلم ورلڈلیگ اور یوایم ٹی کے درمیان مفاہمتی یاداشت پر دستخطیو ایم ٹی اور مسلم ورلڈلیگ مل کرلڑکیوں کی تعلیم کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کریں گے، ابراہیم مراد

لاہور (خبر نگار) لڑکیوں کی تعلیم کے مواقع کو فروغ دینے کے لیے یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) کے چیئرمین اور صدر ابراہیم حسن مراد کی قیادت میں مسلم ورلڈ لیگ کے ساتھ مفاہمتی یاداشت پر دستخط کیے گئے تقریب میں صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد، مسلم ورلڈلیگ کے سیکریٹری جنرل معزز ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسیٰ، سعودی سفیر معزز نواف بن سعید المالکی اور پروفیسر سجاد قمر بھی موجود تھے۔ یہ معاہدہ مسلم کمیونٹیز میں لڑکیوں کی تعلیم کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششوں کو مستحکم کرنے اور خاص طور پر اقتصادی اور ثقافتی رکاوٹوں کا شکار پسماندہ گروہوں کے حل کے لئے کیا گیا ہے۔ اس معاہدے کا مقصد پسماندہ کمیونٹیز کی طالبات کو اسکالرشپس فراہم کرنا، پائیدار تعلیمی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے استعداد سازی کے پروگرامز کا انعقاد، مقامی اسکولوں اور تنظیموں کے ساتھ اشتراک میں کمیونٹی آؤٹ ریچ پروگرامز شروع کرنا، تعلیم کے ذریعے رواداری، امن اور ثقافتی ہم آہنگی کے اقدار کو فروغ دینا ہے یہ معاہدہ یو ایم ٹی کے اعلیٰ تعلیم کو فروغ دینے اور سماجی انصاف کو یقینی بنانے کے لیے پسماندہ طبقات کو تعلیم کے ذریعے بااختیار بنانے کی طرف اہم قدم ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مسلم ورلڈ کی شدت پسندی کے خاتمے اور تعلیمی عدم مساوات کو دور کرتے ہوئے عالمی امن کے فروغ کے لیے کی جانے والی کوششوں کی بھی عکاسی کرتا ہے۔ اس موقع پر ابراہیم حسن مراد نے لڑکیوں کی تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم جامع معاشروں کی تعمیر و ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ تمام شعبہ جات میں اعلیٰ تعلیم کے ذریعے خواتین کو بھرپور مواقع ملنے چاہیں تا کہ وہ بھی ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔ ایم ٹی اور مسلم ورلڈ لیگ کے درمیان یہ تعاون تعلیمی اداروں اور بین الاقوامی تنظیموں کے درمیان روابط کو مستحکم کرنے اور تعلیم اور وکالت کے ذریعے عالمی چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی ایک مربوط کوشش کی عکاسی کرتا ہے

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت
لاہور

بازاروں کے باہر گاڑیوں کے لیے مناسب پارکنگ فراہم کریں گے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ

آٹھ بازاروں کو پیڈسٹرین (پیدل چلنے والوں) کے لئے مختص کرنے کے لئے وہیکل فری بنایا جا رہا ہے

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کہا کہ گھنٹہ گھر کے آٹھ بازاروں کو پیڈسٹرین (پیدل چلنے والوں) کے لئے مختص کرنے کے لئے وہیکل فری بنایا جارہا ہے اس ضمن میں کاروباری افراد اور خریداروں کو ہر بازار کے باہر گاڑیوں کے لئے مناسب پارکنگ فراہم کریں گے جبکہ بازاروں سے باہر شاہرات پر قابل عمل جگہوں پر ریڑھی بازار لگا کر آٹھ بازاروں کی ریڑھیوں کو وہاں شفٹ کیا جائے گا۔ ریڑھی بازاروں میں دکانداروں کو بجلی بھی مفت فراہم کریں گے۔ علاوہ ازیں آٹھ بازاروں میں سامان کی لوڈنگ اور ان لوڈنگ کے لئے وقت مقرر کرنے کے علاوہ بازاروں میں رہائش پذیر افراد کو وہیکلز کی پارکنگ کے لئے بھی سروس فراہم کریں گے۔ انہوں نے پرہجوم میڈیا بریفنگ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق بازاروں کو تجاوزات سے پاک کر کے کھلا کر رہے ہیں جبکہ شہریوں اور تاجروں کیلئے آسانیاں پیدا کرنا بھی ترجیح ہے۔ انہوں نے کاروباری سرگرمیوں کے لحاظ سے گھنٹہ گھر کے آٹھ بازاروں کی اہمیت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ایسے بازار کسی جگہ نہیں ہیں اور یہ بہترین کاروباری مراکز ہونے کے ساتھ ساتھ تاریخی اہمیت کے لحاظ سے ہمارا ورثہ بھی ہے اسی مقصد کے پیش نظر گھنٹہ گھر کے آٹھ بازاروں کو وہیکل فری بنانے کیلئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پارکنگ مقامات پر انشورڈ پارکنگ بھی ہوگی جبکہ فری پارکنگ بھی دی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ خوبصورت رکشہ سروس دینگے جو خریداروں کو بازاروں تک پہنچائیں گے انہوں نے بتایا کہ تاجروں سے کامیاب میٹنگ ہوئی ہے جنہیں دکانوں کے ایک ہی طرز کے ڈیزائن بھی فراہم کر رہے ہیں جو آٹھ بازاروں کی خوبصورتی کو چار چاند لگا دے گی۔ انہوں نے بتایا کہ راجباہ روڈ پر لنڈا بازار کو ختم کرایا گیا ہے جہاں وسیع پارکنگ دستیاب ہے جبکہ پارکنگ پلازہ کو جلد مکمل کرانے کے لئے اقدامات میں تیزی لائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چوک گھنٹہ گھر و ملحقہ بازاروں کو پاکستان کی پہلی بڑی مارکیٹ بنائیں گے

چیئرمین ٹاسک فورس جیل خانہ جات کا ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ کا دورہ

دورہ جیل میں قیدیوں سے سہولیات بارے استفسار کے بعد اظہار اطمینان

چیئرپرسن چیف منسٹر ٹاسک فورس برائے جیل خانہ جات پنجاب رانا منان خان نے ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ کا اچانک دورہ کیا۔ دورہ کے دوران سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ ملک بابر علی نے انہیں مکمل بریفنگ دی۔ رانا منان نے جیل میں قیدی/ اسیران کو فراہم کیے جانے والے کھانے اور صحت سمیت دیگر سہولیات کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سیالکوٹ ایوب بخاری اس موقع پر ان کے ہمراہ تھے۔ رانا منان خان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق جیلوں میں سیکیورٹی کل سمیت انتظامی امور اور سہولیات کو بہتر بنایا جارہا ہے اور جیل میں کی جانے والے اصلاحات کی مانیٹرنگ کی جارہی ہے۔ انہوں نے قیدیوں سے ملنے والے سہولیات کے بابت استفسار کیا اور ان کی جائز شکایات کے ازالہ کیلئے جیل حکام کو ہدایات جاری کیں۔ چیئرمین سی ایم ٹاسک فورس نے جیل میں قیدیوں کیلئے تیار کئے جانے والے کھانے کو کھا کر چیک کیا

ڈسٹرکٹ سپورٹس ایسوسی ایشن چنیوٹ کے نومنتخب عہدیداران کے اعزاز میں شریف ہوٹل پر ظہرانہ

ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر ضلع چنیوٹ رابعہ ریشی نے خصوصی شرکت کی، صدر عطاء الرحمن جنرل سیکرٹری ملک اصغر علی گوگا فنانس سیکرٹری شیخ رشید بھی موجود تھے

موجودہ حکومت کھیلوں کے فروغ کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے ٹیلنٹ یافتہ نوجوان ہمارا سرمایہ ہیں وہ آگے بڑھیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ سپورٹس ایسوسی ایشن چنیوٹ کے نومنتخب عہدیداران کے اعزاز میں شریف ہوٹل پر ظہرانہ دیا گیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر ضلع چنیوٹ رابعہ ریشی نے خصوصی شرکت کی جبکہ ڈسٹرکٹ سپورٹس ایسوسی ایشن چنیوٹ کے سرپرست سید نورالحسن شاہ صدر عطاء الرحمن جنرل سیکرٹری ملک اصغر علی گوگا فنانس سیکرٹری شیخ رشید کے علاوہ دیگر عہدیداران وممبران نے حاجی شہباز احمد کی طرف سے دیئے گئے کھانے پر ان کا شکریہ ادا کیا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا اس موقع پر صدر سپورٹس ایسوسی ایشن چنیوٹ عطاء الرحمن نے ملک نذیر احمد کو چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی نامزد کیا تقریب کے دوران ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر رابعہ ریشی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کھیلوں کی سرگرمیوں میں نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ حصہ لینا چاہیے موجودہ حکومت کھیلوں کے فروغ کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے ٹیلنٹ یافتہ نوجوان ہمارا سرمایہ ہیں وہ آگے بڑھیں ملک وقوم کا نام روشن کریں تقریب کے دوران انٹر پروونشل انڈر 22 قائداعظم گیمز کے دوران نمایاں پوزیشن ہولڈر عطاء المنان احمد اور پلیئر اور کوچ عامر عصمت بلوچ کو نمایاں ٹاپ پوزیشن و میڈل حاصل کرنے پر شیلڈ پیش کی گئی تقریب کے اختتام پر صدر عطاء الرحمن جنرل سیکرٹری ملک اصغر علی گوگا نے تمام عہدیداران وممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس بات کا عزم کیا کہ وہ ضلع بھر میں کھیلوں کے فروغ کیلئے ہر سطح پر اقدامات کریں گے۔

سارے حربے استعمال ہو چکے عمران خان ڈٹ کر کھڑے ہیں غیر قانونی گرفتاری سے کچھ بھی حاصل نہیں ہوسکا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سارے حربے استعمال ہو چکے عمران خان ڈٹ کر کھڑے ہیں غیر قانونی گرفتاری سے کچھ بھی حاصل نہیں ہوسکا قوم جانتی تھی کہ عمران خان کرپٹ نہیں ہیں وقت نے ثابت بھی کر دیا عمران خان نے ہمیشہ حق بات کہی اس پر ان کی گرفتاری ان کی بیگناہی کی دلیل ہے پی ٹی آئی کو ختم کرنے کیلئے 9 مئی کا پلان بنایا گیا لیکن عوام نے اسے بری طرح ناکام بنا دیا ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری فیصل حیات پنوں نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ آخر کار من مرضی کے فیصلے چاہنے والوں کو جھکنا ہی پڑے گا عمران خان کی رہائی یقینی ہے وہ بہت جلد عوام کے ساتھ ہوں گے مشکلات اور رکاوٹوں نے پی ٹی آئی کو مزید مضبوط کر دیا ہے

وائس چیئرمین سٹی پریس کلب نارنگ اعظم علی باجوہ کی بھانجیوں اور مسلم لیگ ن یوتھ ونگ کے رہنما حسیب باجوہ کی بہنوں کی شادی کی تقریب

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) وائس چیئرمین سٹی پریس کلب نارنگ اعظم علی باجوہ کی بھانجیوں اور مسلم لیگ ن یوتھ ونگ کے رہنما حسیب باجوہ کی بہنوں کی شادی کی تقریب گزشتہ روز نجی شادی ہال میں منعقد ہوئی جس میں ممبر قومی اسمبلی رانا احمد عتیق انور چیئرمین سٹی پریس کلب نارنگ شاہد یوسف نائب صدر ظہیر ارشد مغل جنرل سیکرٹری محمد صاحب منیو مسلم لیگ ن کے سٹی صدر ملک محمد یوسف سردار نعیم رضا مان رانا رضوان یوسف یاسر حسین ڈار سردار علیم رضا مان عثمان رشید حماد الحسن نومی میاں شفاعت علی چوہدری غلام عباس گجر اویس بسراء اظہر سہیل چوہان سیٹھ سعید احمد فاروقی عطاول ورک ملک اسحاق سمیت معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور بیٹیوں کے اچھے نصیب کیلئے خصوصی دعاؤں کے سائے میں رخصت کیا۔

غیر قانونی تعمیرات و بغیر نقشہ بلڈنگز کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے عمر فاروق

سرکاری امور میں مداخلت کرنے والوں کیخلاف قانون کے مطابق انضباطی کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے

سیالکوٹ (بیورو چیف) حکومت پنجاب کی ہدایات اور ایڈمنسٹریٹر سیالکوٹ محمد اقبال سنگھیڑہ کی زیر قیادت غیر قانونی و بائی لاز کے برخلاف ہر قسم کی ناجائز تعمیرات کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ فدا افتخار میر کی زیر نگرانی میں خود بلڈنگ انسپکٹرز و ضلع کونسل کے متعلقہ عملہ انکروچمنٹ کے ہمراہ ناجائز تجاوزات کیخلاف آپریشن کی قیادت کر رہا ہوں کوئی بھی شخص خواہ کتنا ہی طاقتور و بااثر کیوں نہ ہو ناجائز تجاوزات و تعمیرات کیخلاف قانون کا سامنا کرنا ہوگا۔ اس موقع پر بلڈنگ انسپکٹر رانا انیم نے میڈیا کے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ دوران آپریشن بااثر افراد کیجانب سے سرکاری امور میں مداخلت کرنے والوں کیخلاف قانون کے مطابق انضباطی کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے جس کی ایک مثال اگوکی میں دوران آپریشن انکروچمنٹ عملہ پر حملہ کرنیوالوں کیخلاف ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کے احکامات پر بھرپور استغاثہ دیتے ہوئے غیر قانونی تعمیرات کرنے والوں کیخلاف مقدمات کے اندراج کے ساتھ گرفتاریاں بھی عمل میں لائی گئیں۔

الائیڈ ہسپتال II کو انجمن انسداد منشیات کی طرف سے لائف سیونگ ادویات کا عطیہ

یہ عطیہ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ظفر اقبال نے پروفیسر ڈاکٹر امتیاز احمد ڈوگر اور صدر چوہدری ظفر اقبال سے وصول کیا

فیصل آباد (سالم الیاس) الائیڈ ہسپتال II کو انجمن انسداد منشیات کی طرف سے ایمرجنسی وارڈ کے لئے لائف سیونگ ادویات/ انجکشنز کا عطیہ دیا گیا۔ یہ عطیہ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ظفر اقبال نے پروفیسر ڈاکٹر امتیاز احمد ڈوگر اور صدر چوہدری ظفر اقبال سے وصول کیا۔ ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عمران، جنرل سیکرٹری انجمن انسداد منشیات آمنہ اکرم، محمد فیصل، نقاش احمد و دیگر بھی موجود تھے۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ نے انجمن انسداد منشیات کے فلاحی جذبے کو سراہا اور کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت کے لئے ان کی خدمات مثالی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری سطح پر ہسپتال کو دستیاب وسائل کی فراہمی کیلئے اقدامات جاری ہیں تاہم نجی شعبہ کی شراکت داری خوش آئند اقدام ہے جس کی بدولت مریضوں کو علاج معالجہ کی سہولت میں وسعت آرہی ہے۔ انجمن انسداد منشیات کے عہدیداران نے کہا کہ ہسپتال کو درکار ادویات، مشینری و دیگر ضروری ساز و سامان کی فراہمی کے لئے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا جس میں مخیر حضرات کے قابل قدر تعاون کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کے صبح سویرے تعلیمی اداروں کے وزٹ، اساتذہ کی حاضری، صفائی ستھرائی سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کے صبح سویرے تعلیمی اداروں کے وزٹ، اساتذہ کی حاضری، صفائی ستھرائی سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا، ڈپٹی کمشنر گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول کولیاں اور گورنمنٹ پرائمری سکول پترائی تحصیل چنیوٹ گئے اور مختلف کلاسز میں جا کر طلباء کے جاری تعلیمی سیشن کا بھی جائزہ لیا اور انچارج ہیڈز کو ہدایات جاری کیں، ڈپٹی کمشنر نے تعلیمی اداروں میں طلباء کی تعداد کے مطابق اساتذہ کی کمی کا نوٹس لیتے ہوئے سی او ایجوکیشن کو ان تعلیمی اداروں میں مزید اساتذہ تعینات کرنے کی ہدایات جاری کیں

نیٹ کیفے نوجوان نسل کے لیے تباہی کا باعث بنتے جارہے ہیں

ان نیٹ کیفوں میں فحش ویب سائٹس اور غیر اخلاقی مواد تک آسان رسائی فراہم کی جارہی ہے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) تھانہ جھنگ بازار کی حدود ڈگلسپورہ میں موجود نیٹ کیفے نوجوان نسل کے لیے تباہی کا باعث بنتے جارہے ہیں۔ علاقہ مکینوں کے مطابق، ان نیٹ کیفوں میں فحش ویب سائٹس اور غیر اخلاقی مواد تک آسان رسائی فراہم کی جارہی ہے، جس سے نوجوان نسل گمراہی کی طرف مائل ہو رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق، ان نیٹ کیفوں میں نہ صرف غیر اخلاقی مواد دیکھا جارہا ہے بلکہ نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کے لیے سماجی و اخلاقی حدود کی پامالی کے مواقع بھی پیدا کیے جارہے ہیں۔ یہ صورتحال والدین اور تعلیمی حلقوں کے لیے شدید تشویش کا باعث ہے، جو اپنی اولاد کے مستقبل کو محفوظ دیکھنے کے خواہشمند ہیں۔ علاقہ مکینوں نے متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ ان نیٹ کیفوں کی سرگرمیوں کا سخت نوٹس لیا جائے اور فوری کارروائی کی جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ ایسے مقامات نوجوانوں کے ذہنوں کو خراب کرنے اور ان کی اخلاقیات کو تباہ کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، جس کے اثرات نہ صرف ان کے مستقبل بلکہ پورے معاشرے پر بھی پڑ سکتے ہیں۔ عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ان نیٹ کیفوں کے لائسنس کی جانچ کریں، ان کی نگرانی کو موثر بنائیں اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کو سخت سزا دی جائے۔

ڈپٹی کمشنر پاک پتن سعدیہ مہر اور ڈی پی او پاک پتن طارق ولایت کے اعزاز میں الوداعی تقریب

کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید اور آر پی او محبوب رشید مہمان خصوصی تھے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ضلعی انتظامیہ ساہیوال کا ٹرانسفر ہونے والے ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد، ڈپٹی کمشنر پاک پتن سعدیہ مہر اور ڈی پی او پاک پتن طارق ولایت کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد۔ کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید اور آر پی او محبوب رشید مہمان خصوصی تھے۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود، ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید، ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد عقیل اشفاق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ اور اسسٹنٹ کمشنرز رانا اورنگزیب، وحید حسن گوندل، رائے فیصل عمران اور نعمان قیصر بھی شریک تھے۔ کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید اور آر پی او محبوب رشید نے ٹرانسفر ہونے والے تینوں آفیسرز کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور ان کی اعلیٰ انتظامی صلاحیتوں کو سراہا۔ تینوں افسران نے بھرپور تعاون پر کمشنر اور آر پی او کا شکریہ ادا کیا۔ بعدازاں ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد، ڈپٹی کمشنر پاک پتن سعدیہ مہر اور ڈی پی او پاک پتن طارق ولایت کو تحائف دے کر ساہیوال سے رخصت کیا گیا۔

معروف دینی درس گاہ جامعہ فیض العلوم العربیہ محلہ عثمان آباد معظم روڈ چنیوٹ میں سالانہ تقریب

تکمیل قرآن کریم و دستار بندی 15 جنوری بروز بدھ بعد از نماز سابقہ روایات کے عین مطابق بڑے تزک و احتشام کے ساتھ منعقد ہو رہی ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف دینی درس گاہ جامعہ فیض العلوم العربیہ محلہ عثمان آباد معظم روڈ چنیوٹ میں سالانہ تقریب تکمیل قرآن کریم و دستار بندی 15 جنوری بروز بدھ بعد از نماز سابقہ روایات کے عین مطابق بڑے تزک و احتشام کے ساتھ منعقد ہو رہی ہے جس میں مولانا علامہ شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد طیب فیصل آباد مولانا سید حفظ الرحمن عدیم آف کراچی مولانا قاضی مطیع اللہ سعیدی گجرات حافظ محمد ابوبکر مدنی کراچی مولانا شاہد لطیب شرکت اور تقریب سے خطاب کریں گے اور فضلا کی دستار بندی ہوگی تقریب کے تمام تر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں مہمانان گرامی کو شرکت کے دعوت نامے ارسال کر دیئے گئے ہیں سالانہ پروگرام کی نگرانی و سرپرستی ناظم جامعہ ہذا مولانا مفتی لعل جوہر خان مولانا صاحبزادہ محمد مجاہد فیض نذیر شاہد نذیر کر رہے ہیں منتظمین نے بتایا کہ تکمیل قرآن کریم کی تقریب بانی جامعہ فیض العلوم العربیہ مولانا نذیر احمد مرحوم رح علامہ مولانا محمد فیض نذیر رح کی یاد میں منعقد کی جارہی ہے

فیروزوالہ بار کے الیکشن میں گرین پینل کو کامیابی پر مبارکباد

صدر اور راحیل اسلم ڈھکو کو جنرل سیکرٹری سمیت پورے پینل کو منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) فیروزوالہ بار کے الیکشن میں گرین پینل کو کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں عثمان نثار پنوں کو صدر اور راحیل اسلم ڈھکو کو جنرل سیکرٹری سمیت پورے پینل کو منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں پورے پینل نے ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے وکلاء برادری کا شکریہ جنہوں نے اپنے قیمتی ووٹ سے گرین پینل کو کامیاب کیا ان خیالات کا اظہار عبادت علی ناز آف شاملکے نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ امید ہے کہ نومنتخب عہدیداران بار کی ترقی اور بہتری کیلئے عملی کردار ادا کرتے ہوئے فیروزوالہ بار کو مثالی بنائیں گے صدر کے ووٹ برابر ہونے پر الیکشن کمیشن کی جانب سے گرین پینل کے عثمان نثار پنوں اور ریڈ پینل کے کاشف ڈھڈر کو مشترکہ طور پر پورے سال کیلئے صدر بنادیا گیا جس پر امید ہے دونوں لیڈران بار کی ترقی اور بہتری کیلئے مل کر اپنا مثبت کردار ادا کریں گے۔

بار ایسوسی ایشن کے الیکشن سال 2025 میں صدر غلام محی الدین بھلر جبکہ جنرل سیکرٹری رانا عرفان علی خاں منتخب ہو گئے

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد سے) بار ایسوسی ایشن کے الیکشن سال 2025 میں صدر غلام محی الدین بھلر جبکہ جنرل سیکرٹری رانا عرفان علی خاں منتخب ہو گئے حامیوں کے ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے بار ایسوسی ایشن چونیاں کے سالانہ انتخابات 2025 میں کانٹے دار مقابلے کے بعد چوہدری غلام محی الدین بھلر ایڈووکیٹ نے 417 ووٹ حاصل کر کے 33 ووٹوں کی برتری سے میدان مار لیا جبکہ مخالف امیدوار ملک نعیم حیدر ایڈووکیٹ 384 ووٹ لیکر شکست سے دوچار ہوئے، جنرل سیکرٹری کی سیٹ پر رانا عرفان علی خاں ایڈووکیٹ نے 420 ووٹ لئے اور اپنے مخالف امیدوار ملک اعظم کھوکھر کو 36 ووٹوں سے ہرا کر فتح سمیٹ لی، نائب صدر، ملک افضل کھوکھر ایڈووکیٹ، فنانس سیکرٹری رانا فاروق ایڈووکیٹ نے عامر باہو گیلانی ایڈووکیٹ اور فیصل رمضان ایڈووکیٹ کو شکست دیکر دونوں عہدوں پر کامیابی حاصل کر لی

پنجاب کونسل آف آرٹس فیصل آباد اور ارفع کریم فاؤنڈیشن کے اشتراک سے تقریب منعقد ہوئی

مسلم لیگی رہنما چوہدری عابد شیر علی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

Arfa Karim foundation

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) دنیا کی کم عمر ترین ورلڈ مائیکروسافٹ سرٹیفائیڈ پروفیشنل مرحومہ ارفع کریم کی 12 ویں برسی کے حوالے سے پنجاب کونسل آف آرٹس فیصل آباد اور ارفع کریم فاؤنڈیشن کے اشتراک سے تقریب منعقد ہوئی جس میں مسلم لیگی رہنما چوہدری عابد شیر علی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ارفع کریم کے والد کرنل (ر) امجد کریم رندھاوا، ڈاکٹر نجمہ افضل، یسین کسانہ، مروا بسرا، محمد اختر بٹ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر آرٹس کونسل اسد حیات، اساتذہ، طالب علم اور سوسائٹی کے افراد شریک تھے۔ شرکاء نے ارفع کریم کی لازوال خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ لائل پور تخلیقی عمل کا ایک گہوارہ ہے جس کی ایک بہترین مثال فیصل آباد سے تعلق رکھنے والی ارفع کریم ہے جس نے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کر کے ایک عظیم تاریخ رقم کی جس کی مثال صدیوں میں ملتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ارفع کریم نے بیک ونڈو ایپلیکیشنز کے علاوہ کیلکولیٹر اور سی کامرس کے پروگراموں کو بھی تشکیل دیا ان کے انسٹرکٹروں کا اندازہ تھا کہ ارفع کریم کو ونڈوز ایپلیکیشنز بنانے میں ایک سال کا عرصہ درکار ہوگا لیکن ارفع کریم نے یہ امتحان چار ماہ میں پاس کر لیا۔ کمپیوٹر کے شعبے میں نمایاں خدمات کے اعزاز میں صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان نے انہیں صدارتی اعزاز برائے حسن کارکردگی سے نوازا جو کہ لائل پور میوزیم کے شوکیس میں موجود ہے۔

تحصیل بھوانہ میں اسسٹنٹ کمشنر کی جانب سے پٹرول پمپوں کو بلاجواز بھاری جرمانوں کا سلسلہ شروع

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تحصیل بھوانہ میں اسسٹنٹ کمشنر کی جانب سے پٹرول پمپوں کو بلاجواز بھاری جرمانوں کا سلسلہ شروع کر دیا گیا، پیمانے مکمل قانونی تقاضے پورے ہونے کے باوجود اسسٹنٹ کمشنر تحصیل بھوانہ کی جانب سے بلاجواز طریقہ کار کے تحت پٹرول پمپس کو بھاری جرمانے عائد کئے جارہے ہیں۔ جس پر پٹرول پمپ مالکان کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر چنیوٹ اور پنجاب حکومت قانونی تقاضوں کے مطابق چلنے والے پٹرول پمپوں پر بلاجواز جرمانہ عائد کرنے کی پالیسی پر نظر ثانی کریں اور اس سلسلے کو ختم کریں اور منی پٹرول پمپوں اور غیر قانونی طور پر چلنے والی پٹرول وڈیزل کی ایجنسیوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائیں

وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ علی امین گنڈا پور اور شیخ وقاص اکرم ممبر قومی اسمبلی سے میاں جلیل احمد شرقپوری سابق ممبر قومی اسمبلی و صوبائی اسمبلی کی ایک تفصیلی ملاقات

شرقپور شریف (نامہ نگار) وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ علی امین گنڈا پور اور شیخ وقاص اکرم ممبر قومی اسمبلی سے میاں جلیل احمد شرقپوری سابق ممبر قومی اسمبلی و صوبائی اسمبلی کی ایک تفصیلی ملاقات۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ نے پنجاب کے غیور عوام کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ وطن عزیز پاکستان کو مضبوط تر بنانے کے لئے اپنے عزم کا اظہار کیا۔ میاں جلیل احمد شرقپوری نے علی امین گنڈا پور، شیخ وقاص اکرم اور تحریک انصاف کی تمام قیادت کی جمہوریت کے لئے عظیم جدوجہد کو خراج تحسین پیش کیا اور موجودہ سیاسی بحران کے پرامن حل نکالنے پر زور دیا۔ میاں جلیل احمد شرقپوری نے کہا کہ موجودہ دور میں عمران خان جیسا عظیم سیاسی لیڈر پورے عالم اسلام کے پاس نہیں، عمران خان صاحب نہ صرف پاکستان بلکہ پورے عالم اسلام کی قیادت کریں تو دنیا کا نقشہ بدل جائے۔ میاں جلیل احمد نے قومی لیڈر عمران خان کے لئے پیغام دیا کہ" حالات جیسے بھی ہو جائیں ہمیں سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے راہنمائی لیتے ہوئے مشاورت سے ہر بحران کا پرامن حل نکالنا چاہیے

فیصل آباد: فلاح انسانیت کے عظیم ادارے الحبیب ویلفیئر فاؤنڈیشن کا خواتین روزگار سینٹر کا افتتاح

افتتاح
دیوار احساس

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) الحبیب ویلفیئر فاؤنڈیشن رجسٹرڈ، جو گزشتہ چھ سال سے انسانیت کی خدمت میں مصروف عمل ہے، نے چک 219 ر۔ب سائیاں والا جھنگ روڈ پر خواتین کے لیے روزگار سینٹر کا شاندار افتتاح کیا۔ اس مرکز میں جدید دور کی ضروریات کے مطابق ایمازون، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، سوشل میڈیا ایڈورٹائزنگ، بیوٹیشن، اور فیشن ڈیزائننگ جیسے کورسز متعارف کروائے گئے ہیں، جو خواتین کو بااختیار بنانے کی ایک منفرد مثال ہے۔ تقریب کا افتتاح فاؤنڈیشن کے مرکزی صدر رفیق احمد رانا نے اپنے دست مبارک سے کیا۔ اس موقع پر جنرل سیکرٹری ملک یسین انور، فنانس سیکرٹری شکیلہ ریاض، نیلم اسلم، میاں رضوان شوکت، اور محمد وقاص سمیت دیگر عہدیداران اور ممبران نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران سردی کے موسم کی شدت سے بچاؤ کے لیے مستحق افراد میں گرم کپڑے تقسیم کیے گئے۔ مزید برآں، جمیداں فری ڈسپنسری پر بالکل مفت الٹرا ساؤنڈ کیمپ کا انعقاد بھی کیا گیا، جس سے علاقے کے سینکڑوں مکین مستفید ہوئے۔ کیمپ میں معروف ڈاکٹر شہزاد حسین نے اپنی خدمات فراہم کیں۔ 54000 مریضوں کو صحت کی سہولیات فراہم کرنے کا اعزاز الحبیب ویلفیئر فاؤنڈیشن گزشتہ چھ سالوں سے دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف ہے اور اب تک 000,54 سے زائد مریضوں کو مفت طبی سہولیات فراہم کر چکی ہے۔ فاؤنڈیشن کے تحت مختلف فلاحی پروگرامز، بشمول مفت علاج، تعلیمی منصوبے، اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ مرکزی صدر رفیق احمد رانا اور ڈاکٹر شہزاد حسین نے عزم کیا کہ ایسے فلاحی منصوبے مستقبل میں بھی جاری رکھے جائیں گے

سی ای او ایجوکیشن سیالکوٹ مجاہد علوی کا گورنمنٹ ہائی سکول گنہ کا دورہ

سیالکوٹ (بیورو چیف) چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی سیالکوٹ مجاہد حسین علوی نے صبح کے وقت گورنمنٹ ہائی سکول گنہ کلا کا اچانک وزٹ کیا اور سکول اوپن ہونے پر بچوں کو سکول میں خوش آمدید کہا اس موقع پر بچوں نے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیساتھ مصافحہ کیا اور سکول میں اساتذہ کے رویہ اور دیجانے والی تعلیمی سہولیات بارے استفسار کیا۔ بچوں کا کہنا تھا کہ پرنسپل صاحب اور اساتذہ کا رویہ مشفقانہ اور تعلیمی معیار پرائیویٹ سکولز کی طرح ہے۔

سید اسرار حسن گیلانی واضح برتری سے صدر بار دیپالپور سال 2025 منتخب ہو گئے

امیدوار برائے صدر میاں محمد احمد وٹو 487 ووٹ حاصل کر کے ناکام رہے

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) سید اسرار حسن گیلانی واضح برتری سے صدر بار دیپالپور سال 2025 منتخب ہو گئے۔ امیدوار برائے صدر میاں محمد احمد وٹو 487 ووٹ حاصل کر کے ناکام رہے۔ جبکہ سید اسرار حسن گیلانی نے 597 ووٹ لے کر کامیابی حاصل کی ڈیرہ چک فضل شاہ پر جشن کا سماں بن چکا ہے۔ سیاسی سماجی و کاروباری شخصیات اور وکلا برادری کی جانب سے مبارکباد کا سلسلہ جاری۔ مختلف حلقوں سے دوست احباب عزیز و اقارب اور وکلا ساتھی مبارک باد دینے کے لیے چک فضل شاہ پہنچ گئے۔ سیاسی حلقوں سے نامور شخصیات سردار شہریار موکل رئیس آف قلعہ جوند سنگھ۔ راؤ سعد اجمل خاں۔ بیرسٹر راؤ فہد اجمل خاں۔ اور سماجی شخصیات مرزا فاروق احمد سلفی جنرل سیکرٹری پریس کلب و انجمن صحافیاں رجسٹرڈ دیپالپور۔ شفیع محمد سیلفی۔ شیخ شاہد پراچہ کلرک جی ٹی آئی کالج دیپالپور اوکاڑا روڈ۔ چوہدری نوید عقیل کمپیوٹر آپریٹر یونین کونسل 130۔ جنرل کونسلر چوہدری عرفان شریف۔ ڈاکٹر میاں محمد اکبر چنڈور۔ رانا فخر ذلفقار نے بھی سید اسرار حسن گیلانی صدر بار دیپالپور کو شاندار کامیابی پر مبارک باد پیش کی۔ سیاسی و سماجی شخصیات کے علاوہ وکلا برادری و دیگر دوست احباب بالخصوص سینئر ممبر پیرج (peerge) گروپ آف لائر میاں امتیاز احمد بھٹہ ایڈووکیٹ نے بھی سید اسرار حسن گیلانی کو صدر بار ایسوسی ایشن دیپالپور سال 2025 منتخب ہونے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد پیش کی.

اراضی ریکارڈ سنٹر اور تحصیلدار عارفوالا کے درمیان اختلافات طول پکڑ گئے سائلین فٹ بال بن گئے

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) اراضی ریکارڈ سنٹر اور تحصیلدار عارفوالا کے درمیان اختلافات طول پکڑ گئے سائلین فٹ بال بن گئے اراضی ریکارڈ سنٹر کی طرف سے جاری کی جانے والی فردیں کمپیوٹرائزڈ ہونے کے باوجود تحصیلدار نے پھل ممنوعہ قرار دے دیا تفصیل کے مطابق اراضی ریکارڈ سنٹر عارفوالا اور تحصیلدار کے درمیان خفیہ لین دین کا معاملہ ذاتی دشمنی میں بدل گیا رجسٹری وغیرہ کیلئے اراضی ریکارڈ سنٹر کی طرف سے جاری کی جانے والی فردیں (انتقال وغیرہ کی نقلیں) جو کہ کمپیوٹرائزڈ ہوتی ہیں کو تحصیلدار نے ریکارڈ کا حصہ بنانے سے انکار کر دیا جسکی وجہ سے انتقال رقبہ اور رجسٹری کیلئے آنے والے سائلین ان اداروں کے درمیان فٹ بال بن کر رہے گئے ہیں مزید برآں اراضی ریکارڈ سنٹر کی طرف سے وراثتی انتقال کیلئے شجرہ فارم جاری ہونے پر محکمہ مال کے پٹواری حضرات بھی زہر قاتل سمجھتے ہیں جبکہ ذاتی طور پر چھنکار کے ذریعے وہی شجرہ تمام رکاوٹیں بلاحیل وحجت عبور کر لیتا ہے

اخوت کالج اینڈ یونیورسٹی میں مدنی دسترخوان پروگرام کے چیف آرگنائزر و سابق ایم پی اے حاجی محمد نواز نے ملاقات کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) فلاحی ادارہ اخوت کے چیئرمین ڈاکٹر امجد ثاقب سے اخوت کالج اینڈ یونیورسٹی میں مدنی دسترخوان پروگرام کے چیف آرگنائزر و سابق ایم پی اے حاجی محمد نواز نے ملاقات کی اس موقع پر اسسٹنٹ مینیجر مارکیٹنگ محمد عباس، ڈاکٹر عبدالقیوم، رانا محمد اکرم، حاجی میاں محمد الیاس، محمد عارف باجوہ، سرفراز ورک، رانا رفاقت، سید محسن شاہ و دیگر موجود تھے ملاقات میں ادارہ اخوت کے تحت جاری عوامی فلاح و بہبود کے کاموں پر تبادلہ خیال کیا ملاقات کرنے والے احباب نے ڈاکٹر امجد ثاقب اور ادارہ کے دیگر عہدیداران اور تمام شعبہ جات کے منتظمین کی کاوشوں کو سراہا اور اپنے بھرپور تعاون کی پیشکش کی، حاجی محمد نواز نے ڈاکٹر امجد ثاقب کو شیخوپورہ دورہ کی دعوت بھی جو انہوں نے قبول کرتے ہوئے جلد آمد کی یقین دہانی کروائی، شرکاء وفد کو اخوت کالج اینڈ یونیورسٹی کے مختلف حصوں کا وزٹ بھی کروایا گیا

تجاوزات کے خلاف مہم

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پاور لومز مالکان ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل ملک احمد نے ضلع بھر میں تجاوزات کے خلاف مہم چلا کر بازاروں اور شاہراؤں کو کھلا کروانے پر مریم نواز شریف اور ضلعی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا ہے اور کہا ہے کہ اس سے نہ صرف ٹریفک کو رواں دواں رکھنے میں آسانی پیدا ہو رہی ہے بلکہ عام آدمی کا شاہراؤں پر چلنا بھی آسان ہو گیا ہے۔ جس پر وزیراعلی مریم نواز شریف کا جتنا بھی خراج تحسین پیش کیا جائے وہ کم ہے۔

چیئرمین لالہ امداد ورک کے صاحبزادے شہزاد ورک کی شادی کی تقریب میں سیاسی وسماجی شخصیات کی شرکت

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی یوتھ ٹائیگرز ونگ شیخوپورہ کے چیئرمین لالہ امداد ورک کے صاحبزادے شہزاد ورک کی شادی کی تقریب میں سیاسی وسماجی شخصیت نے بڑی تعداد میں شرکت کی، مہمانوں میں خرم شہزاد ورک ایم این اے، پنجاب پولیس کے آفیسر دانش رشید ورک، سیاسی وسماجی رہنما ہارون ورک، بلاول ڈوگر، عبداللہ گجر، جہانگیر بلوچ، عمیر رشید ورک، حیدر علی رضوی، وقاص بٹ، زبیر رشید ورک، سید نعمان علی رضوی، سہیل اکبر، حافظ عبدالرحمن، عمر بٹ، حاجی مدثر رحمانی، ساحل کھوکھر اور احمد دانش ورک و دیگر شامل ہیں جنہوں نے نو بیاہتا جوڑے کو شادی کی مبارکباد دیتے ہوئے ان کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار اور خوشگوار ازدواجی زندگی کی دعائیں دیں۔

سرکاری محکموں کی کارکردگی کا جائزہ، جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کرنے ہدایت

سینئر پارلیمنٹرین رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ کی زیر صدارت ڈی سی آفس کمیٹی روم میں ایک خصوصی اجلاس کا انعقاد کیا گیا

سیالکوٹ (بیورو چیف) اراکین صوبائی اسمبلی کا سرکاری محکموں کی کارکردگی کا جائزہ، جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کرنے ہدایت، سینئر پارلیمنٹرین رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ کی زیر صدارت ڈی سی آفس کمیٹی روم میں ایک خصوصی اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال، اراکین صوبائی اسمبلی چوہدری طارق سبحانی، چودھری ارشد وڑائچ، چودھری فیصل اکرام، خواجہ سلطان ٹپو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز ایوب بخاری، مظفر مختار، اے سی سیالکوٹ انعم بابر اور اے سی ڈسکہ ماہم مشتاق سمیت تمام صوبائی محکموں کے مقامی حکام، ٹریفک پولیس، ایس ڈبلیو ایم سی اور پیپ کے عہدیدار بھی اجلاس میں شریک تھے۔ اراکین صوبائی اسمبلی نے کہا کہ سیالکوٹ کے باسیوں کو معیاری سہولیات کی فراہمی اور شہر کی خوبصورتی کیلئے تمام محکمے مل کر کام کریں۔ شہر کے داخل ہونے والی مین شاہرات جن میں سیالکوٹ وزیرآباد روڈ، سیالکوٹ پسرور روڈ اور سیالکوٹ ڈسکہ روڈ کے اطراف سے ہر قسم کی تجاوزات کو ختم کیا جائے اور سیوریج کے نظام کی بحالی اور روڈ انفراسٹرکچر کو بہتر بنایا جائے تاکہ سیالکوٹ کو بین الاقوامی شہر بن گیا ہے اس میں آنے والوں کو یہ حقیقت میں بھی بڑا شہر دکھائی دے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک کا بہاؤ ایک بڑا چیلنج ہے اس کی روانی کیلئے میونسپل کارپوریشن اور ٹریفک پولیس باہمی کوآرڈینیشن سے کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر آباد روڈ پر واقع ہر فیکٹری اور کمرشل عمارت اپنے ویسٹ کے مطابق لازمی کوڑا دان رکھے اور فیکٹری اور کمرشل ویسٹ روڈ پر نہ پھینکیں اور ساتھ ہی اپنے صنعتی و کمرشل یونٹس کی پودوں سے آراستہ کریں گے جس سے وزیر آباد روڈ کی خوبصورتی میں بے پناہ اضافہ ہوگا اور اس ماڈل کو شہر کی دیگر روڈ پر بھی اپلائی کیا جائے گا۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے بتایا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف جلد سیالکوٹ کا دورہ کریں گی۔

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ننکانہ دیوالیہ، علاج مہنگا پڑنے لگا

علاج کی غرض سے جانے والے مریض لٹنے لگے ہزاروں کی ادویات اور آپریشن کا سامان باہر سے منگوانے پر مریض حال دہائی کرنے لگے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ننکانہ دیوالیہ سرکاری ہسپتال میں علاج پرائیویٹ ہسپتال سے بھی مہنگا پڑنے لگا۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ننکانہ دیوالیہ سرکاری ہسپتال میں علاج پرائیویٹ ہسپتال سے بھی مہنگا پڑنے لگا علاج کی غرض سے جانے والے مریض لٹنے لگے ہزاروں کی ادویات اور آپریشن کا سامان باہر سے منگوانے پر مریض حال دہائی کرنے لگے محکمہ صحت ننکانہ کی حالت بہتر کرنے کے ڈپٹی کمشنر ننکانہ کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے ادویات کے ساتھ ساتھ الیکٹرک لیڈیں و سامان بھی مریضوں کو پرچیوں پر لکھ کر دیا جانے لگا۔ گزشتہ روز سیدوالا سے علاج کی غرض سے جانے والی مریضہ اقرار شہزادی سے ڈلیوری کی ہزروں روپے کی ادویات و آپریشن کا سامان بازار میڈیکل سٹور سے منگوایا گیا جبکہ صبح شام لگنے والے انجکشن و ادویات کی پرچیاں لکھ لکھ کر لواحقین کی دوڑیں لگوا دی۔ متاثرہ خاتون نے بتایا کہ میرے سمیت تمام مریضوں سے ادویات باہر سے منگوائی جارہی ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں کہ ڈاکٹرز ادویات بازار سے کیوں منگواتے ہیں وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف و سیکرٹری ہیلتھ سمیت ڈپٹی کمشنر ننکانہ سے فوری نوٹس کا مطالبہ کیا ہے۔

سابق وائس چیئرمین یو سی گھنگ ندیم اقبال بھٹی کے والد ریٹائر منیجر یو بی ایل بنک چوہدری اقبال بھٹی قضائے الٰہی سے وفات پا گئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سابق نائب صدر پریس کلب شیخوپورہ سینئر صحافی عقیل احمد بھٹی، ممبر ڈسٹرکٹ بار شیخوپورہ خلیل احمد بھٹی کے چچا اور سابق وائس چیئرمین یو سی گھنگ ندیم اقبال بھٹی کے والد ریٹائر مینیجر یو بی ایل بنک چوہدری اقبال بھٹی قضائے الٰہی سے وفات پا گئے مرحوم کی نماز جنازہ ڈیرہ روہی والا بشمولہ گھنگ کی جنازگاہ میں ادا کی گئی جس میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی

آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (ایپکا) ضلع ننکانہ صاحب نے لیو انکیشمنٹ میں کمی کے نوٹیفکیشن سمیت دیگر مطالبات کی منظوری کے لئے احتجاجی شیڈول جاری کر دیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (ایپکا) ضلع ننکانہ صاحب نے لیو انکیشمنٹ میں کمی کے نوٹیفکیشن سمیت دیگر مطالبات کی منظوری کے لئے احتجاجی شیڈول جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (ایپکا) ضلع ننکانہ صاحب نے مرکزی و صوبائی قائدین ایپکا کی کال پر اپنے مطالبات کی منظوری کے لئے احتجاجی شیڈول کا اعلان کر دیا، شیڈول کے مطابق ضلع بھر کے ملازمین 14 اور 15 جنوری کو قلم چھوڑ ہڑتال کریں گے جبکہ 16 جنوری بروز جمعرات کو ڈپٹی کمشنر آفس ننکانہ صاحب کے سامنے احتجاجی دھرنا دیں گے اور پرامن ریلی نکالیں گے۔ اس موقعہ پر ضلعی صدر حاجی محمد اکرم گجر نے صحافیوں کو بتایا کہ موجودہ حکومت کی ملازمین کش پالیسیوں کے باعث ملازمین میں شدید بے چینی کی لہر پائی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت نے آئی ایم ایف کے مطالبہ پر پنشن گریجویٹی میں کمی کا نوٹیفکیشن جاری کیا، اور رولز 17اے میں ترمیم کر کے دوران سروس وفات پا جانے والے ملازمین کے بچوں سے نوکری کا حق بھی چھین لیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ مرکزی و صوبائی قائدین ایپکا کی کال پر احتجاجی شیڈول جاری کیا گیا ہے جس پر ضلع بھر کے ملازمین عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنائیں گے انہوں نے مزید کہا کہ اگر حکومت نے ہمارے مطالبات کو فوری طور پر منظور نہ کیا اور کی گئی ترمیم کو واپس نہ لیا تو صوبہ کی طرح ننکانہ صاحب کے ملازمین بھی احتجاج کا دائرہ کار وسیع کرنے پر مجبور ہو نگے۔

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

چیئرمین ایف بی آر کے ٹیکس سسٹم کے بارے میں اعترافات

پاکستان کا شمار دنیا کے ان ممالک میں ہوتا ہے جہاں اہم عہدوں پر بیٹھے لوگ دھڑلے سے عوام کو بتاتے ہیں کہ ہم اس نظام کا حصہ ہیں جو انھیں مسلسل اور بے رحمی سے لوٹ رہا ہے۔ اعلیٰ عہدوں پر فائز لوگ ایسے اعترافات یا انکشافات کسی احتساب کے خوف کے بغیر اور بآسانی اس لیے کر لیتے ہیں کیونکہ انھیں اس بات کا یقین ہے کہ کوئی ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ کبھی توانائی کے وزیر کا بیان آ جاتا ہے کہ بجلی جان بوجھ کر مہنگی کی گئی یا عوام کے بلوں میں اضافی یونٹ ڈالے جاتے ہیں، کبھی وزیر خزانہ کی طرف سے کہا جاتا ہے کہ طاقتور لوگ ٹیکس نہیں دے رہے اور ہم ان کا بگاڑ بھی کچھ نہیں سکتے، کبھی وزیراعظم کہہ دیتے ہیں کہ مہنگائی اور بے روزگاری نے عام آدمی کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ اگر ہمارے ہاں واقعی ایسا نظام موجود ہوتا جس میں ذرا سے بھی احتساب کا امکان ہوتا تو یا ایسے بیانات سامنے نہ آتے اور یا ایسے بیانات دینے والے اقتدار کے ایوانوں کی بجائے احتساب کے کٹہرے میں ہوتے۔ اسی سلسلے کی ایک تازہ مثال فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے چیئرمین راشد محمود لنگڑیال کا بیان ہے جس میں انھوں نے کہا ہے کہ ٹیکس ریٹ غلط ہیں انھیں ٹھیک کرنا چاہیے۔ زیادہ آمدن والوں سے ٹیکس نہ لے پائے تو تنخواہ داروں کو شامل کر لیا۔ جو بتا رہے ہیں سسٹم کیسے ٹھیک کرنا ہے، وہی ٹیکس نہیں دیتے۔ حکومت کو پتا ہے کہ بعض چیزوں پر ٹیکس ریٹ کم ہونا چاہیے۔ لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ اس سال ٹیکس ہدف 13 ہزار ارب روپے سے زیادہ ہے یہ ٹیکس ہدف پچھلے سال سے 40 گنا زیادہ ہے، اس وقت ٹیکس گیپ دو ہزار ارب روپے سے زائد ہے۔ ہمارے ہاں مسئلہ یہ ہے کہ ٹیکس نیٹ میں کم لوگ آتے ہیں۔ چیئرمین ایف بی آر نے مزید کہا کہ پاکستان میں بہت سارے لوگ ٹیکس ادا ہی نہیں کرتے، ان لوگوں سے ٹیکس لیں گے جو ٹیکس نہیں دے رہے۔ راشد لنگڑیال نے مذکورہ تقریب کے دوران جو اعترافات کیے ان میں یہ بھی کہا گیا کہ پاکستان غریب ملک ہے ہمارے لوگوں کی ٹیکس انکم ہی نہیں، 50 فیصد لوگوں کی آمدنی اتنی ہے کہ وہ ٹیکس نیٹ میں نہیں آتے۔ پاکستان میں 40 لاکھ لوگ ہیں جن کے گھروں میں ائرکنڈیشنر لگا ہوا ہے۔ ٹیکس دینے اور ٹیکس لینے والے دونوں کے بہت مسائل ہیں۔ سسٹم کا ڈیزائن 5 فیصد لوگوں کے لیے بنایا گیا ہے، عام لوگوں اور تنخواہ دار طبقے پر ٹیکس کو ٹھیک کرنا چاہیے۔ پاکستان اوور ٹیکس ملکوں میں نہیں آتا۔ بھارت میں اشیا پر سیلز ٹیکس صوبوں کے اختیار میں ہے جبکہ پاکستان میں وفاق کے پاس ہے۔ پاکستان میں ایجوکیشن پروڈکشن سسٹم ناکام ہو چکا ہے۔ آج پاکستان تعلیم میں وہاں پہنچی ہے جہاں فرانس 1960 میں پہنچی تھا، کیا پاکستان 1960 والے فرانس کے مقام تک پہنچ گیا ہے تو جواب ہے نہیں۔ ایسا قانون لا رہے ہیں کہ ٹیکس ریٹرنز جمع نہیں کرائے تو کمائی سے خریداری مشکل ہو جائے گی۔ وفاق نے دو وزارتیں اور کئی محکمے بند کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ وزیر خزانہ بہت باریکی سے کام کر رہے ہیں کچھ اسامیاں ختم ہو گئیں، کچھ مزید ختم ہوں گی، مستقبل میں بھرتی ہونی تھی وہ بھی نہیں ہوگی۔ چیئرمین ایف بی آر کے یہ اعترافات اس لیے بھی بہت اہمیت کے حامل ہیں کہ ایک طرف تو حکومت کی جانب سے بہتری کی دعوے کیے جا رہے ہیں اور دوسری جانب معیشت سے متعلقہ اہم ترین ادارے کا سربراہ عوام کے سامنے مان رہا ہے کہ عوام پر ناروا بوجھ ڈالا جا رہا ہے۔ اسی تناظر میں جمعیت علما اسلام (جے یو آئی) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کا یہ بیان بھی اہمیت کا حامل ہے کہ معیشت کی بہتری پر حقائق سامنے آنے چاہئیں۔ کراچی میں ذرائع ابلاغ سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ معیشت کی بہتری کے صرف اشاریے مل رہے ہیں۔ ملکی معیشت کی بہتری ہماری آرزو ہے، عوام کو ثمرات ملیں گے تو ثابت ہوگا معیشت بہتر ہوئی، جب تک روپے کی قدر کو تقویت نہیں ملے گی عام آدمی کو ریلیف نہیں مل سکتا۔ سربراہ جے یو آئی کا مزید کہنا تھا کہ سیاستدانوں پر افسوس ہے کہ سمجھوتہ کر لیتے ہیں، ملک کا نظام بہتر کرنے کے لیے ایک جگہ ٹھہرنا ہوگا۔ یہ ایک افسوس ناک بات ہے کہ ہر حکومت کی طرف سے عوام کو ریلیف دینے کے دعوے تو کیے جاتے ہیں لیکن عملی طور پر ایسے اقدامات نہ ہونے کے برابر ہوتے ہیں جن سے عوام کو واقعی فائدہ مل سکتا ہے۔ چیئرمین ایف بی آر کے اعترافات سے یہ بات ایک بار پھر واضح ہو گئی ہے کہ اس نظام میں عام آدمی کو ریلیف ملنے کی کوئی امید نہیں رکھی جا سکتی۔ ظاہر ہے نظام جن لوگوں کے ہاتھ میں ہے وہ اپنے خلاف تو کوئی کارروائی نہیں کریں گے یا ہونے دیں گے۔ ہماری سیاسی قیادت اور مقتدر حلقوں کو یہ سوچنا چاہیے کہ اگر عوام اس صورتحال سے تنگ آ کر احتجاج کے لیے سڑکوں پر نکل آئے تو پھر یہ طوفان تبھی تھمے گا جب ہر شے ملیامیٹ ہو جائے گی۔ اگر سیاسی قیادت اور مقتدر حلقے جمہوریت اور جمہوری اداروں کے استحکام کے لیے واقعی سنجیدہ ہیں تو انھیں عام آدمی کو حقیقی ریلیف دینے کے لیے فوری طور پر ٹھوس اقدامات کرنے چاہئیں۔

ٹیکنالوجی کی شکست



لاس اینجلس میں لگی آگ نے تباہی مچا دی ہر طرف آگ ہی آگ دکھائی دیتی ہے۔ جی ہاں! ہمارے شہر کراچی جتنا بڑا اور کم از کم پانچ سو مربع میل پھیلا بڑا امریکی شہر لاس اینجلس جل رہا ہے اور دنیا کی سب سے بڑی ٹیکنالوجی کا حامل ملک اس آگ کو بجھانے میں تقریبا "ناکام نظر آتا ہے"۔ گو امریکا میں زیادہ رقبے کا مطلب زیادہ آبادی نہیں ہے پورا امریکہ درختوں کے جنگل کی مانند ہوتا ہے۔ کہتے ہیں کہ قدرتی آفات جہاں بھی اور جس صورت میں بھی آتی ہیں انسانیت کے لیے تباہی اور بربادی کا پیغام لے کر آتی ہیں۔ دنیا کی سپر پاور امریکہ کا شہر لاس اینجلس پچھلے کئی دنوں سے آگ کی لپیٹ میں ہے اور یہ آگ سینکڑوں اربوں ڈالرز کا نقصان کر چکی ہے ایک اطلاع کے مطابق دس ہزار سے زیادہ گھر جل کر تباہ ہو چکے ہیں اور لاکھوں لوگ اپنے گھروں سے باہر کسی محفوظ مقام پہ منتقل ہو چکے ہیں اندازا "دس سے بارہ ہزار لوگ اس آگ کی باعث اپنی جان گنوا چکے ہیں۔ ذرا اندازہ لگائیں اگر امریکہ جیسا بڑا اور امیر ملک بہت ساری ایڈوانس ٹیکنالوجی اور ریسورسیز کی مدد سے بھی پچھلے کئی دن سے اس آگ پر قابو نہیں پا سکا تو باقی دنیا تو اس معاملے میں ابھی کافی پیچھے ہے۔ اس آگ سے ثابت ہوا کہ دنیا کا کوئی پانی کا نظام اس جیسی آگ پر قابو پانے کی صلاحیت نہیں رکھتا اور نہ ہی ہے کوئی ایسی ٹیکنالوجی ہی ہے جو اس آگ کو ٹھنڈا کر سکے۔ بظاہر یہ ٹیکنالوجی کی شکست ہے لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ اتنی بڑی آگ سے جانی نقصان کا کم ہونا اسی ٹیکنالوجی کی بدولت ہوا ہے ورنہ آگ کی شدت نے بڑا جانی نقصان کرنا تھا۔ خدانخواستہ کسی اور جگہ اتنے بڑے رقبے پر آگ لگ جاتی تو ہزاروں لاکھوں افراد نے جل کر راکھ ہو جانا تھا۔ لاس اینجلس کا علاقہ پیسفک پیلیسیڈ تو تصاویر میں ہیروشیما پر ایٹم بم کے حملے کے بعد کا منظر پیش کر رہا ہے جو نہایت افسوسناک اور دردناک ہے۔ ہمیں بطور پاکستانی اور مسلمان امریکی انسانی جانوں کی ہلاکت پر شدید دکھ ہے کیونکہ یہ انسانی جانوں کا معاملہ ہے اور انسانیت کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔ ہمارے بیشمار مسلمان اور پاکستانی بھی وہاں رہائش پذیر ہیں اور وہاں کے شہری اور ہمارے بھائی ہیں۔ اس واقعہ کو کسی مذہب یا قوم سے جوڑنا قطعی درست نہیں ہے۔ یہ تو ان قدرتی آفات میں سے ایک ہے جو کبھی اور کسی پر اور کہیں بھی نازل ہو سکتی ہے۔ پاکستان بھی بارہا سیلاب، زلزلوں جیسی بڑی قدرتی آفات کا سامنا کر چکا ہے۔ امریکا جیسی سپر پاور کی اس معاملہ میں بیبسی کو دنیا بھر میں ٹیکنالوجی کی شکست سے بھی تعبیر کیا جا رہا ہے۔ بیشک قدرت کے سامنے سب کمزور اور بیبس ہوتے ہیں قدرت کے سامنے بڑی سے بڑی ٹیکنالوجی بھی کوئی معنی نہیں رکھتی۔ سپر پاور صرف رب کریم کی ذات ہے جس کے سامنے ہم سب بے بس ہیں۔ اطلاعات کے مطابق لاس اینجلس میں حالیہ جنگلاتی آگ نے بڑے پیمانے پر تباہی مچائی ہے۔ ابتدائی تخمینوں کے مطابق، اس آفت سے تقریبا 150 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے، جو امریکی تاریخ کی مہنگی ترین آفات میں سے ایک ہے اس آگ کے نتیجے میں تقریبا 10 ہزار مکانات اور عمارتیں مکمل طور پر تباہ ہو چکی ہیں، جبکہ 4 سے 5 ہزار مکانات کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ مزید برآں، ہلاکتوں کی تعداد 10 ہزار تک پہنچ گئی ہے، اور تقریبا 1 لاکھ 80 ہزار افراد کو نقل مکانی کرنی پڑی ہے۔، جبکہ مزید دو لاکھ شہریوں کے علاقہ چھوڑنے کا خدشہ ہے۔ سب سے زیادہ متاثرہ علاقوں میں پیسیفک پیلیسیڈز اور پیساڈینا کاونٹی شامل ہیں، جہاں مجموعی طور پر 34 ہزار ایکڑ رقبہ جل کر خاک ہو چکا ہے۔ حکام نے آگ پر قابو پانے کے لیے کوششیں تیز کر دی ہیں، تاحال آگ نہیں بجھائی جا سکی جانی و مالی نقصان میں مزید اضافے کے خدشات ہین۔ تاہم مکمل کنٹرول حاصل کرنے میں مزید وقت لگ سکتا ہے۔ گو نقصانات کا تعین کرنا ابھی بڑا مشکل ہوگا لیکن صدر جو بائیڈن نے وفاقی حکومت کی جانب سے امدادی کاموں کے لیے مکمل تعاون کا یقین دلایا ہے۔ جس میں ملبے کو ٹھکانے لگانے، عارضی پناہ گاہیں فراہم کرنے اور آفت سے لڑنے والے کارکنوں کو آئندہ 180 دن میں سو فیصد معاوضے کی ادائیگی شامل ہے۔ بیشک حکومت پاکستان اور پاکستانی عوام اپنے امریکی بھائیوں کے اس تکلیف دہ لمحات میں ہمدردی کے جذبات رکھتے ہیں۔ اللہ تعالی پوری دنیا کو ایسے حادثات اور آفات سے محفوظ رکھے۔

اس آگ کے بارے میں پوری دنیا میں ایک بحث چھڑ چکی ہے کہ یہ آگ کیسے شروع ہوئی؟ لاس اینجلس میں آگ لگنے کی وجوہات مختلف ہو سکتی ہیں کیونکہ یہ علاقہ اکثر جنگلاتی آگ کا شکار ہوتا رہتا ہے۔ بہر حال اس آگ کیکچھ اور بھی عوامل ہو سکتے ہیں۔ جن میں قدرتی عوامل، انسانی عوامل، ماحولیاتی عوامل، بجلی کی لائنز کے عوامل بھی نظر انداز نہیں کئے جا سکتے۔ آج یورپین سائنسدانوں نے گلوبل وارمنگ کے حوالے سے بتایا کے اس دنیا کا درجہ حرارت پچھلے سال مزید 6۔1 سینٹی گریڈ بڑھا جو انڈسٹریل زمانے کے بعد جب سے ہم نے اس زمین کا درجہ حرارت ریکارڈ کرنا شروع کیا ہے سب سے زیادہ درجہ حرارت ہے اور 2024 اس حوالے سے سب سے زیادہ گرم سال تھا۔ اس کا مطلب ہے زمین پر اوریج درجہ حرارت مزید بڑھ رہا ہے اور ایسی قدرتی آفات اب آئے روز کا معمول بن رہی ہیں اس دنیا پر گلوبل وارمنگ کیسے تباہی لے کر آ رہی ہے اس زمین پر قدرتی آفات کی شکل میں۔ یہ لاس اینجلس کی آگ اس کا ایک زندہ ثبوت ہے ہمارے سامنے۔ ایک ہنستے بستے شہر کے کچھ علاقے کیسے چند گھنٹوں میں اس آگ نے راکھ کا ڈھیر بنا دیئے ہیں۔ وہ لوگ جو آج بھی گلوبل وارمنگ کو کوئی مذاق سمجھتے ہیں انہیں ہوش کے ناخن لینے کی ضرورت ہے ایسے واقعات دیکھنے کے بعد اس دنیا پر گلوبل وارمنگ کے اثرات کو جھٹلایا نہیں جا سکتا۔ اگر ہم قدرتی عوامل پر غور کریں تو شدید گرمی اور کشک موسم آگ کے خطرے کو بڑھاتے ہیں۔ تیز ہوائیں جیسے "سانتا اینا ہوائیں" آگ کو تیزی سے پھیلنے میں مدد دیتی ہیں۔ بجلی کی گرج چمک سے بھی آگ بڑھک سکتی ہے۔ دوسری جانب انسانی عوامل کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا جن میں سگریٹ کے غیر مناسب اور غیر محتاط استعمال اور جلتے ہوئے سگریٹ کے پھینکنے سے بھی آگ لگنے کی خدشات ہوتے ہیں۔ غیر قانونی آگ جلانا مثلا "بغیر احتیاطی تدابیر کے کیمپ فائر یا آتش بازی بھی وجہ بن سکتی ہے۔ گلوبل وارمنگ کے باعث خشک سالی اور گرمی کا ذکر پہلے ہی کیا جا چکا ہے جو ایک بنیادی وجہ قرار دی جا سکتی ہے۔ بارش کی کمی کی باعث زمین کا خشک ہونا بھی آگ لگنے کا سبب بن سکتا ہے۔ اسی طرح پرانی یا خراب بجلی کی لائنز یا آلات کی شارٹ سرکٹ سے آگ لگنے کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ بہر حال لاس اینجلس میں جنگلاتی آگ ایک سنگین مسئلہ ہوتا ہے اور لوگوں کو محتاط کرنے کیلیے حکام اکثر پیشگی وارننگ جاری کرتے رہتے ہیں تاکہ بڑے نقصان سے بچا جا سکے اور یہی وجہ ہے کہ جانی نقصان بہت کم ہوا ہے۔ یقیناً "جلد اس آگ پر قابو پا کر اسکی وجوہات تلاش کر لی جائیں گیں وجوہات جو بھی ہوں لیکن اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ یہ ایک قدرتی آفت کے سوا ے شاید اور کچھ بھی نہیں ہے۔ قدرتی آفات کو مکافات عمل یا سزا کے طور پر دیکھنا ایک مذہبی یا فلسفیانہ سوچ اور نقطہ نظر تو ہو سکتا ہے۔ لیکن یہ بات مختلف افراد، مذاہب اور نظریات کے لحاظ سے مختلف تشریحات رکھتی ہے۔ قدرتی آفات کو زندگی کے امتحان کے طور پر بھی ضرور دیکھا جا سکتا ہے کیونکہ یہ انسان کو عاجزی، صبر اور خدا کی بڑائی تسلیم کر کے اس کی جانب رجوع کا درس دیتی ہے۔ لیکن بظاہر یہ آفات سائنسی طور پر زمین کے قدرتی عمل کا حصہ ہوتی ہیں۔ بطور مسلمان ہمیں ان آفات پر اللہ تعالی سے پناہ مانگنی چاہیے اور اس کی حاکمیت اور بڑائی کو تسلیم کرنا چاہیے اور اپنی بیبسی کا اعتراف کرنا چاہیے۔ دوسری جانب ہمیں اپنے ملک میں بھی گلوبل وارمنگ کے انسداد پر توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار حالات سے بچا جا سکے۔ ملک بھر میں شجر کاری اور درختوں کی حفاظت ہی اس کا واحد حل ہو سکتا ہے۔

خان کی سول نافرمانی

میڈیا آئی
عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

خان کے دور میں پاکستان کو اہم معاشی چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑا، جن میں بلند افراط زر، بڑھتے ہوئے قرض اور غیر ملکی ذخائر میں کمی شامل ہیں۔ ناقدین نے استدلال کیا کہ ان کی حکومت کی معاشی پالیسیاں، خاص طور پر افراط زر کے انتظام اور بیرونی قرض سے متعلق پالیسیاں، غیر موثر تھیں۔ ان مسائل کو مناسب طریقے سے حل کرنے میں ان کی ناکامی نے پاکستان کو بین الاقوامی مالیاتی اداروں سے دور کر دیا، جس کی وجہ سے کریڈٹ میں کمی اور کشیدہ معاشی تعلقات پیدا ہوئے۔ خان کی معاشی بدانتظامی نے ملک کی مالی حالت کو مزید کمزور کر دیا، جس سے یہ بین الاقوامی قرض دہندگان کے بیرونی دباؤ کا شکار ہو گیا۔ یہ معاشی مسائل، بڑھتی ہوئی ملکی سیاسی بدامنی کے ساتھ مل کر، ان دعووں کا باعث بنے کہ خان کی قیادت نے پاکستان کے طویل مدتی معاشی استحکام کو نقصان پہنچایا۔ خان کے پورے دور میں ایک مرکزی مسئلہ ریاست کی فلاح و بہبود پر ذاتی مفادات کو ترجیح دینے کا ان کا رجحان تھا۔ 2014 کا دھرنا، سائفر ڈرامہ، آئی ایم ایف کو لکھا گیا خط اور 9 مئی اور 24-26 نومبر کے واقعات جیسی مثالیں اس بات کی وضاحت کرتی ہیں کہ کس طرح ان کے ذاتی مفادات نے قومی خدشات پر فوقیت حاصل کی۔ حال ہی میں خان نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں پر زور دیا کہ وہ پاکستان کو بھیجی جانے والی ترسیلات زر روک دیں جس سے ملکی معیشت، خارجہ تعلقات اور سیاسی ماحول پر ممکنہ اثرات کے بارے میں بحثوں کو مزید تقویت ملی۔ موجودہ حکومت پر دباؤ ڈالنے کے مقصد سے کیے گئے اس اقدام نے اس کے طویل مدتی اثرات اور خان کے اپنے مطلوبہ مقاصد کے حصول کے بارے میں خدشات کو جنم دیا ہے۔ ترسیلات زر، جو طویل عرصے سے پاکستان کے لیے زرمبادلہ کا ایک اہم ذریعہ رہی ہیں، معیشت کو مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں، خاص طور پر بحران کے وقت۔ 2023 میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی ترسیلات زر تقریبا 30 ارب ڈالر تھیں، جو ملک کی غیر ملکی کرنسی کے ذخائر کے سلسلے میں خاصی اہمیت کی حامل ہیں۔ یہ نہ صرف پاکستان کے غیر ملکی ذخائر کے لیے اہم ہیں بلکہ ملک بھر میں لاکھوں خاندانوں کے لیے بھی ضروری ہیں جو غربت کے خاتمے، صحت کی دیکھ بھال، تعلیم اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں معاون ہیں۔ بیرون ملک رہنے والے بہت سے پاکستانیوں کے لیے اپنے وطن رقم بھیجنا اپنے پیاروں اور برادریوں کی مدد کرنے کا ایک ذریعہ ہے اور اس سے خان کی ترسیلات زر روکنے کی کال معیشت اور قومی اتحاد دونوں کے لیے ایک متنازعہ اور ممکنہ طور پر نقصان دہ اقدام بن جاتی ہے۔ یہ ترسیلات زر لاکھوں لوگوں کی بقا کے لیے اہم ہیں اور ان کے بہاؤ میں نمایاں کمی معاشرے کے سب سے کمزور طبقات کے لیے شدید مشکلات کا باعث بن سکتی ہے۔ اس تناظر میں خان کی کال کا بہت سے پاکستانیوں کی روزمرہ کی زندگیوں پر گہرا اثر پڑ سکتا ہے۔ عمران خان نے موجودہ حکومت پر دباؤ ڈالنے کی حکمت عملی کے طور پر ترسیلات زر روکنے کی اپنی مہم تیار کی ہے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو ترسیلات زر روکنے کی تاکید کر کے خان معاشی دباؤ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ تاہم، ناقدین کا کہنا ہے کہ یہ اقدام معاشی اور سیاسی دونوں لحاظ سے الٹا اثر ڈال سکتا ہے۔ اگرچہ یہ حکومت کے لیے عارضی تکلیف کا باعث بن سکتا ہے، لیکن اس کے عام شہریوں کے لیے سنگین نتائج ہو سکتے ہیں جو ترسیلات زر پر انحصار کرتے ہیں۔ مزید برآں، ترسیلات زر روکنا پاکستانی تارکین وطن اور ان کے آبائی ملک کے درمیان تعلقات کو نقصان پہنچا سکتا ہے اور ممکنہ طور پر ایک اہم حلقے کو الگ تھلگ کر سکتا ہے جس نے طویل عرصے سے سیاسی اور مالی طور پر خان کی پارٹی کی حمایت کی ہے۔ یہ فیصلہ سیاسی تقسیم کو گہرا کر سکتا ہے، قوم کو مزید پولرائز کر سکتا ہے اور ملک کے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے مشترکہ بنیاد تلاش کرنا اور بھی مشکل بنا سکتا ہے۔

خان کی کال ان ممالک کے ساتھ پاکستان کے تعلقات کو بھی کشیدہ کر سکتی ہے جہاں لاکھوں پاکستانی کام کرتے ہیں، جیسے خلیجی ممالک، برطانیہ، امریکہ اور کینیڈا۔ کارکنوں کو گھر رقم بھیجنا بند کرنے کی ترغیب دینا ان ممالک پر غلط تاثر قائم کر سکتا ہے۔ اگرچہ ترسیلات زر بنیادی طور پر نجی لین دین ہیں لیکن اس کال کا سیاسی اثر سفارتی تناؤ کا باعث بن سکتا ہے۔ پہلے سے ہی غیر مستحکم جغرافیائی سیاسی ماحول میں یہ حکمت عملی غیر ضروری دباؤ پیدا کر سکتی ہے جس کا پاکستان متحمل نہیں ہو سکتا۔

معاشی طور پر ترسیلات زر میں کمی پاکستان کی پہلے سے ہی غیر یقینی مالی صورتحال کو خراب کر دے گی۔ ملک ایک اہم تجارتی خسارے، غیر ملکی قرض کی ذمہ داریوں اور بڑھتی ہوئی افراط زر سے نبرد آزما ہے۔ ترسیلات زر میں کمی ممکنہ طور پر کرنسی کی قدر میں کمی کو مزید کمزور کرے گی اور زرمبادلہ کے ذخائر کو مزید کم کرے گی اور ممکنہ طور پر مزید کفایت شعاری کے اقدامات، زیادہ ٹیکس اور عوامی اخراجات میں کمی کا باعث بنے گی۔ امداد اور قرضوں کے لیے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) اور دیگر بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے ساتھ مذاکرات کے دوران، ترسیلات زر میں کمی پاکستان کی مالی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی صلاحیت کو پیچیدہ بنا سکتی ہے اور انتہائی ضروری معاشی اصلاحات میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔

ان کی کال قوم کی فلاح و بہبود کے لیے احترام کی کمی کی عکاسی کرتی ہے اور ان کے اقدامات کو قومی کے بجائے ذاتی مفادات کے حصول کی خواہش کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ پاکستانی عوام اور تارکین وطن نے کسی بھی سیاسی رہنما کے مفادات پر ملک کے مفادات کو ترجیح دیتے ہوئے اپنی وفاداری اور حب الوطنی کا مسلسل مظاہرہ کیا ہے۔ پاکستانی تارکین وطن نے سول نافرمانی کی اس کال سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے اور اسے ریاست مخالف کارروائی قرار دیا ہے۔ یہ جذبات 2024 میں پاکستان کو بھیجی جانے والی ترسیلات میں 31% اضافے سے ظاہر ہوتے ہیں۔ جنوری سے نومبر 2024 تک بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے 21.5 بلین ڈالر ملک بھیجے، جس میں سعودی عرب نے 7.29 بلین ڈالر کا سب سے بڑا حصہ ڈالا، جو پچھلے سال کے مقابلے میں 38.7 فیصد زیادہ ہے۔ متحدہ عرب امارات سے پاکستانیوں نے 6.15 بلین ڈالر بھیجے، جو گذشتہ سال کے مقابلے میں 55% زیادہ ہیں، جبکہ برطانیہ میں موجود افراد نے 4.71 بلین ڈالر بھیجے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے یورپی یونین سے 3.61 بلین ڈالر اور امریکہ سے 3.44 بلین ڈالر پاکستان بھیجے۔ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے علاوہ دیگر خلیجی ممالک سے بھی تارکین وطن نے پاکستان کو 3.17 ارب ڈالر کی ترسیلات زر فراہم کی ہیں جبکہ آسٹریلیا اور ملائیشیا بھی بیرون ملک ملازمت کے متلاشیوں کے لیے اہم مقامات بن کر ابھرے ہیں۔

ہمارے دشمنوں اور کچھ ریاست مخالف عناصر کی بدنیتی پر مبنی کوششوں کے باوجود پاکستان کی معیشت مسلسل ترقی کر رہی ہے اور بہتر ہو رہی ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 2024 کے آخری تجارتی دن میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا اور 100 انڈیکس میں 3,900 پوائنٹس سے زیادہ کا اضافہ ہوا۔ ٹریڈنگ کے اختتام تک 100 انڈیکس 115,259 پوائنٹس پر رہا، جس میں 3,907 پوائنٹس کا اضافہ ہوا۔ دن کے دوران 100 انڈیکس تک پہنچنے والا سب سے زیادہ پوائنٹ 115,422 پوائنٹس کا تھا۔ کل 1.05 بلین حصص کی تجارت ہوئی، جس کی مالیت 40.88 بلین روپے تھی، جبکہ مارکیٹ کیپٹلائزیشن 432 بلین روپے بڑھ کر 14558 بلین روپے تک پہنچ گئی۔ تجارتی سیشن کے دوران، 100 انڈیکس میں 1796 پوائنٹس کی حد میں اتار چڑھاؤ آیا، جس میں 81.5 کروڑ حصص نے 32.9 ارب روپے کی تجارت کی۔ مارکیٹ کیپٹلائزیشن میں 112 ارب روپے کا اضافہ دیکھا گیا، جو 14126 ارب روپے پر طے ہوا۔

اقتصادی اور تجارتی کارکردگی یہ ظاہر کرتی ہے کہ سرمایہ کاروں کو حکومت اور آرمی چیف کی طرف سے معیشت کو بہتر بنانے اور ترقی کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے کے لیے کیے گئے اقدامات پر پختہ اعتماد ہے۔ پاکستانی تارکین وطن سول نافرمانی کی اس ملک دشمن کال کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہوئے وفادار اور محب وطن ہونے کا ثبوت دے رہے ہیں۔ پاکستان کے عوام ان لوگوں کے خلاف متحد اور یک زبان ہیں جو ذاتی سیاسی فائدے کے لیے ملک کو کمزور کرنے کے درپے ہیں۔

محمد گل است وعلی بوئے گل

مہمان کالم
شفقت اللہ مشتاق

اعلان نبوت کے ساتھ ہی اللہ تعالی نے نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو پہلا یہ حکم صادر فرمایا وانذر عشیرتک الاقربین (آپ اپنے نزدیک ترین قرابت داروں کو عذاب الہی سے ڈرایئے) اس آیت کے نزول کے بعد آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بنی ہاشم کو جمع کیا ان کے ساتھ بنی مطلب بن عبد مناف کی بھی ایک جماعت تھی۔ کل پینتالیس آدمی تھے۔ جب آپ نے ان لوگوں کو دعوت اسلام دی تو سب سے پہلے ابولہب کی طرف سے بڑا شدید ردعمل آیا جبکہ اسی اکٹھ میں ایک 11/10 سالہ بچہ موجود تھا جس نے فوری طور پر تصدیق رسالت کی اور اپنے چچا زاد بھائی محمد بن عبداللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی بھرپور مدد کا اعلان کیا۔ اس بچے کا اسم گرامی علی ابن ابی طالب تھا۔ اس دن کے بعد ابولہب کفر و شرک اور جہالت و ضلالت کا نمائندہ ٹھہرا اور سیدنا علی رضی اللہ تعالی عنہ ایمان، ایقان اور وجدان کے نمائندے بن گئے اور پھر انہوں نے اپنی پوری زندگی میں خلیفہ اللہ فی الارض کی عملی تفسیر پیش کی۔ آپ 13 رجب کو مکہ مکرمہ میں حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے سگے چچا ابوطالب کے گھر پیدا ہوئے اور آپ کو مولود کعبہ ہونے کا بھی اعزاز حاصل ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے اور بعد میں تربیت کی بدولت کوئی نصرانی کوئی یہودی یا مجوسی بن جاتا ہے۔ حضرت علی کو یہ بھی شرف حاصل ہے کہ بعد از پیدائش ان کی ساری تربیت بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ہاتھوں ہوئی لہذا بادی النظر میں انہوں نے ایک دن بھی عہد الست کی خلاف ورزی نہیں کی ہے۔ جس دن اسلام کی دعوت پر لبیک کہا اس کے بعد دامے درمے سخنے اللہ کے رسول کا مکمل طور پر ساتھ دیا۔ مستند روایات کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی زندگی میں سب سے زیادہ کافر آپ کے ہاتھوں جہنم رسید ہوئے۔ غزوہ بدر میں بھی سب سے پہلے آپ نے کافر کو مارا تھا اور اس کے بعد پوری جنگ کے دوران قریش کو شکست دینے میں بھرپور کردار ادا کیا۔ غزوہ احد میں جب مسلمانوں کی فتح شکست میں تبدیل ہوگئی تو آپ رضی اللہ تعالی عنہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح ڈٹے رہے اور جنگ مذکور میں شدید زخمی بھی ہوئے تھے لیکن آپ کے پائے استقلال میں لغزش نہیں آئی تھی۔ غزوہ خندق میں بھی دشمنان اسلام کا مورال توڑنے میں آپ نے مرکزی کردار ادا کیا تھا اور پھر غزوہ خیبر میں یہ فرمان کہ کل میں جھنڈا اس کے ہاتھ میں دوں گا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور جس سے اللہ اور اس کا رسول بھی محبت کرتے ہیں اور اللہ تعالی نے فتح اس کے ہاتھ میں رکھی ہے اور یوں مرحب کا سارا غرور لا فتاہ الا علی لا سیف الا ذوالفقار کی بدولت خاک میں مل گیا۔ صلح حدیبیہ کا معاہدہ آپ کا قلمی تھا اور فتح مکہ کے دوران دوش رسالت پر سوار ہو کر آپ نے کعبہ اللہ سے کفر و شرک کے سارے نشانات مٹا دیئے تھے۔ اسلام کے لئے آپ کی گراں قدر خدمات۔۔ اللہ اکبر اور سبحان اللہ سبحان اللہ (جسے نان جویں بخشی ہے تو نے۔۔ اسے بازوئے حیدر بھی عطا کر)۔ آپ نے ہمیشہ اپنے سید و مولی محمد الرسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا بازو بن کر دکھایا اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا ارشاد گرامی کہ مجھے علی سے وہ نسبت ہے جو کہ موسی کو ہارون سے تھی البتہ میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا (لا نبی بعدی) آپ کی شادی حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سب سے چھوٹی اور پیاری بیٹی سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالی عنہا سے ہوئی تھی۔ دونوں کا زندگی گزارنے کا انداز ہم سب کے لئے مشعل راہ ہے۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ آپ کے بیٹے سیدنا حسن اور سیدنا حسین بیمار ہوگئے اور آپ اور آپکی زوجہ محترمہ نے اللہ کے حضور دعا فرمائی اور منت مانی کہ صحت یابی کی صورت میں دونوں میاں بیوی تین دن کے روضے رکھیں گے۔ لہذا بعد میں روزے رکھے گئے۔ جب پہلے دن افطاری کا وقت ہوا تو دروازے پر دستک ہوئی اور ایک ضرورت مند نے کھانے کے لئے کچھ مانگا۔ جو کچھ گھر میں کھانے کے لئے تھا اس کو دے دیا گیا۔ اسی طرح کی صورتحال تینوں دن ہوئی اور آپ حضرات نے تینوں دن روزہ پانی سے افطار کیا۔ اس کے بعد جب علی علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہیں بتایا گیا کہ حضرت جبریل سورہ الدھر کی آیت مبارکہ لے کر تشریف لائے ہیں جس کا مفہوم کچھ یوں تھا (وہ اپنی نذریں پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس دن کی سختی پھیل جانے والی ہے وہ اللہ تعالی کی محبت میں یتیموں، مسکینوں اور اسیروں کو کھانا کھلاتے ہیں) آپ عبادت و ریاضت میں اس حد تک رکوع وسجود میں مستغرق ہو جاتے تھے کہ آپ کے جسم میں پیوست تیر نکال لیا جاتا تھا اور آپ کو خبر تک نہ ہوتی تھی۔ مفسرین کے خیال میں سورہ الفتح کی آیت مبارکہ "رکعا سجدا" بھی آپ کی شان میں نازل ہوئی تھی۔ سیدنا محمد الرسول اللہ کا ارشاد من کنت مولی فھو علی مولی اور انا مدینۃ العلم و علی بابھا سیرت کی کتابوں کا حصہ ہے۔ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے سنا تھا کہ علی کے چہرے کو دیکھنا ثواب ہے۔ حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ کا فرمان ہے کہ آج علی نہ ہوتے تو میں ہلاک ہو جاتا اور آپ کی شہادت کے موقعہ پر سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا نے روضہ انور کے دروازے کو پکڑ کر فرمایا تھا یا رسول اللہ آج دنیا سے وہ شخص چلا گیا ہے جو سب سے زیادہ آپ سے محبت کرتا تھا اور جس سے سب سے زیادہ آپ محبت کرتے تھے۔ علم و تحقیق کا بھی بے تاج بادشاہ تھا اور آپ نے تفقہ فی الدین کی ہر موقعہ پر عملی تفسیر پیش کی۔ بعد از قرآن مجید اور احادیث مبارکہ سب سے مستند کتاب نہج البلاغہ کو تسلیم کیا جاتا ہے۔ فقہی اور اجتہادی استعداد میں بھی آپ کا کوئی ثانی نہیں تھا۔ علی نام ہے فقر و استغنا کا، جود و سخا کا، مہر و وفا کا، صبر و رضا کا اور علم و ہدی کا۔ آپ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر آج کا مسلمان اپنی علمی، فقہی، دفاعی، معاشی اور سیاسی استعداد کو بہتر بنا سکتا ہے۔ کیا خوب کہا ہے کسی نے۔

محمد گل است وعلی بوئے گل
بود فاطمہ اندر آں برگ گل
چو عطرش برآمد حسین وحسن
معطر شد از وے زمین وزمن

دائرے میں سفر



نہ جانے کتنے نفوس ساری زندگی شدید محنت کرتے ہیں حالات نہیں بدلتے جیسے ہر کوشش عبث ہو یوں لگتا ہے جیسے انہوں نے اپنے سارے لیل و نہار ڈائرے میں سفر کرتے گذار دیئے ہوں محبت اور محنت سبھی کرتے ہیں لیکن ہر دل کو اس کا صلہ کہاں ملتا ہے یہی زندگی کا المیہ ہے تاریخ تو یہ کہتی ہے کہ مقاصد کے حصول کیلئے قربانیاں دینا پڑتی ہے کبھی جان، کبھی مال اور کبھی جذبات کی قربانی۔ کیونکہ یہی قربانی کے اجزائے ترکیبی ہیں یہی فلسفہ اجتماعی جدوجہد پر بھی لاگو ورتا ہے اگر باریک بینی سے دیکھا جائے تو ایک بات نتیجے کے طور پر گرہ دے ڈالیں کہ تحریک کبھی ہجوم نہیں چلا سکتے کبھی کبھار وقتی طور پر کچھ مقاصد حاصل کئے جا سکتے ہیں لیکن دیرپا کامیابی کے لئے تخت یا تختہ کا اصول سب سے بہترین ہے اس میں کامیابی و ناکامی کا تناسب ففٹی ففٹی ہے مگر جو اپنی کاز کیلئے مخلص ہو یقیناً وہی حالات کو تسخیر کرنے کا ہنر جانتا ہے ہمارے پاس ایک سے بڑھ کر ایک مثالیں موجود ہیں کہ تحریک کی کامیابی کیلئے قیام پاکستان کے لئے کبھی قائد اعظمؒ محمد علی جناح جیسی قیادت کی ضرورت پڑتی ہے، کبھی عباسی خلیفہ محمدؒ نے قسطنطنیہ فتح کرنا اپنی زندگی کا مقصد بنا لیا تھا، کبھی قبلہ اول کی بازیابی کے لئے سلطان صلاح الدین ایوبیؒ بننا پڑتا ہے یہ اسی وقت ممکن ہے جب دل میں کھوٹ نہ ہو، مقصد کے حصول کیلئے دل و دماغ ایک دوسرے کے رفیق ہو جائیں، ریاکاری جن کا شعار ہو، مادیت جن کی سوچوں پر غالب آجائے یا پھر لالچ، کینہ جن کا اڑھنا بچھونا بن جائے جھوٹ جن کی میراث ہو، یا مفادات ہی جن کے مقدر کا ستارہ ہو وہ کیونکر ایک اعلیٰ وارفع مقصد کے روحِ رواں ہو سکتے ہیں۔ سوچئے جو خود سرتاپا آسائشوں اور آلائشوں میں گم ہوں وہ دوسروں کی قیادت کے اہل ہی نہیں ایسے لوگ دوسروں سے قربانیوں کا مطالبہ تو کرتے رہتے ہیں جبکہ مسلم حکمرانوں کیلئے خود کوئی قربانی دینا محال ہے بظاہر ایسا تو نہیں ہونا چاہیے لیکن بدقسمتی سے یہی کچھ ہو رہا ہے اس وجہ سے ہم مسلمان آج تلک دائرے میں سفر کرتے کرتے تھک گئے ہیں اور ابھی منزل کوسوں دور ہے شاہین اور کرگس کے جہاں میں یہ بنیادی فرق اس میں تبدیلی نہیں ہو سکتی، لیکن اس سے ہٹ کر جتنے بھی سیاسی رہنما یا سماجی دانشور حالات اور واقعات کی روشنی میں سوچ بچار کرتے ہیں اور اگر کہیں پر کچھ تعمیری موقف یا کچھ تبدیلی کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ لائی جا سکتی ہے اور آ سکتی ہے۔ یہی ہماری بدقسمتی ہے اور شاید تاریخ کا سب سے بڑا المیہ بھی ایسے المیے قوموں کی زندگی میں وارد ہو جائیں تو کچھ نہیں بجتا نہ جانے کتنے نفوس ساری زندگی شدید محنت کرتے ہیں حالات نہیں بدلتے یوں لگتا ہے جیسے انہوں نے اپنے سارے لیل و نہار ڈائرے میں سفر کرتے گذار دیئے ہوں محبت اور محنت سبھی کرتے ہیں لیکن تھک کر، حالات کے جبر یا مایوسی کا شکار ہو کر جدوجہد ترک کرنے والوں کا نشان تک نہیں ملتا یہ بات تاریخی اعتبار سے ماننا پڑے گی کہ قوموں کا نصیب ایک فقط ایک فرد بدل کر رکھ دیتا ہے جیسے کسی گھرانے میں ایک بچہ قابل نکل آئے تو وہ پورے خاندان کی محرومیاں ختم کر کے رکھ دیتا ہے رہنماؤں کے ہجوم میں قیادت کا حق صرف اسی کو ہے جس کی ذات لوگوں کیلئے محترم، معتبر ہو کبھی غور کریں وا اس مہذب ترین مغاشرے میں دن بہ دن تنزل پذیر کیوں ہوتے جا رہے ہیں؟ یہ سوچنے کی بات ہے لیکن ہم تو سوچنے سے بھی عاری ہیں اس کی بنیادی وجہ ہر کوئی اپنے لئے آسوگیاں تلاش کرتا پھر رہا ہے عام آدمی ہو یا کوئی مذہبی رہنما، سیاستدان ہو یا سماج کا کوئی ٹھیکیدار اکثر و بیشتر دکانداری کرتے پھر رہے ہیں جیسے روپیہ پیسہ ایمان بن کر رہ گیا ہو آج کے دور میں جائز ناجائز برابر ہو گیا ہے یوں لگتا ہے ہم سب چابی والے کھلونے ہوں اس بھری دنیا میں اب تو کوئی کسی پر اعتبار کرتا ہے نہ اعتماد اس ماحول میں اجتماعی طور پر سماجی برائیوں کے خلاف تحریک کون چلائے گا؟

خوف ہے اگر چابی والے کھلونے چابی ختم ہونے پر دائرے میں سفر کرتے کرتے منہ کے بل دھڑام سے گر پڑے انہیں کون اٹھائے گا؟۔ اسی بناء پر آنے والی نسلیں اداس اور اپنے مستقبل سے خوفزدہ ہیں نہ جانے کتنے درددل رکھنے والے یہ سوچ سوچ کر ہلکان ہو گئے ہیں کہ اگر یہ دکاندار ہیں تو ہمارے آنے والی نسلوں کا مستقبل کیا ہے؟ کان گوش برآواز ہیں، آنکھیں راہ تک تک کر تھک گئیں ہیں کسی کی چاپ تک سنائی نہیں دیتی دور دور تلک کوئی ہیولہ بھی دکھائی نہیں دیتا اے خدا اپنے حبیب پاک ﷺ کے صدقے مسلمانوں کو اس دائرے کے سفر سے عافیت عطا کرتا کہ دنیا کی طلسم ہوشربا سے آزادی نصیب ہو۔ آسائشوں اور آلائشوں میں گم ہوں وہ دوسروں کی قیادت کے اہل ہی نہیں ایسے لوگ دوسروں سے قربانیوں کا مطالبہ تو کرتے رہتے ہیں جبکہ مسلم حکمرانوں کیلئے خود کوئی قربانی دینا محال ہے بظاہر ایسا تو نہیں ہونا چاہیے لیکن بدقسمتی سے یہی کچھ ہو رہا ہے اس وجہ سے ہم مسلمان آج تلک دائرے میں سفر کرتے کرتے تھک گئے ہیں اور ابھی منزل کوسوں دور ہے شاہین اور کرگس کے جہاں میں یہ بنیادی فرق اس میں تبدیلی نہیں ہو سکتی، لیکن اس سے ہٹ کر جتنے بھی سیاسی رہنما یا سماجی دانشور حالات اور واقعات کی روشنی میں سوچ بچار کرتے ہیں اور اگر کہیں پر کچھ تعمیری موقف یا کچھ تبدیلی کی ضرورت ہوتی ہے تو وہ لائی جا سکتی ہے اور آ سکتی ہے۔ یہی ہماری بدقسمتی ہے اور شاید تاریخ کا سب سے بڑا المیہ بھی ایسے المیے قوموں کی زندگی میں وارد ہو جائیں تو کچھ نہیں بجتا نہ جانے کتنے نفوس ساری زندگی شدید محنت کرتے ہیں حالات نہیں بدلتے یوں لگتا ہے جیسے انہوں نے اپنے سارے لیل و نہار ڈائرے میں سفر کرتے گذار دیئے ہوں محبت اور محنت سبھی کرتے ہیں لیکن تھک کر، حالات کے جبر یا مایوسی کا شکار ہو کر جدوجہد ترک کرنے والوں کا نشان تک نہیں ملتا یہ بات تاریخی اعتبار سے ماننا پڑے گی کہ قوموں کا نصیب ایک فقط ایک فرد بدل کر رکھ دیتا ہے جیسے کسی گھرانے میں ایک بچہ قابل نکل آئے تو وہ پورے خاندان کی محرومیاں ختم کر کے رکھ دیتا ہے رہنماؤں کے ہجوم میں قیادت کا حق صرف اسی کو ہے جس کی ذات لوگوں کیلئے محترم، معتبر ہو کبھی غور کریں وا اس مہذب ترین مغاشرے میں دن بہ دن تنزل پذیر کیوں ہوتے جا رہے ہیں؟ یہ سوچنے کی بات ہے لیکن ہم تو سوچنے سے بھی عاری ہیں اس کی بنیادی وجہ ہر کوئی اپنے لئے آسوگیاں تلاش کرتا پھر رہا ہے عام آدمی ہو یا کوئی مذہبی رہنما، سیاستدان ہو یا سماج کا کوئی ٹھیکیدار اکثر و بیشتر دکانداری کرتے پھر رہے ہیں جیسے روپیہ پیسہ ایمان بن کر رہ گیا ہو آج کے دور میں جائز ناجائز برابر ہو گیا ہے یوں لگتا ہے ہم سب چابی والے کھلونے ہوں اس بھری دنیا میں اب تو کوئی کسی پر اعتبار کرتا ہے نہ اعتماد اس ماحول میں اجتماعی طور پر سماجی برائیوں کے خلاف تحریک کون چلائے گا؟

خوف ہے اگر چابی والے کھلونے چابی ختم ہونے پر دائرے میں سفر کرتے کرتے منہ کے بل

کیا فائدہ۔۔؟



دنیا میں انسان کی تخلیق کا مقصد سمجھنے کیلئے زندگی بہت مختصر ہے، بے مقصد زندہ رہنے کا کوئی فائدہ نہیں، ہر انسان کے سوچنے اور سمجھنے کا انداز مختلف ضرور ہوتا ہے مگر زمینی حقائق جوں کے توں رہتے ہیں اس لئے وہی سرخرو ہوتے ہیں جن کے مقصد عظیم ہوتے ہیں، ہمارے نزدیک زندگی کا مقصد کسی بڑے مقصد کے حصول کے لیے راستے کا تعین کرنا ہے۔ انسان کو اللہ تعالیٰ نے علم کی بنیاد پر ہی تمام مخلوقات پر فضیلت بخشی ہے۔ سیاروں، ستاروں، زمین وا؟ سمان، سمندر کی گہرائیوں اور خلا کی وسعتوں کی تسخیر کا حکم انسان کو ہی ملا۔ تمام مخلوقات کو اس کی سہولت کے لیے بنایا گیا کیونکہ اس عالمِ رنگ و بو میں انسان کا وجود ہی محور ہے مگر یہاں یہ بات اہم ہے کہ زندگی سانسوں کی ڈور کا نام نہیں کیونکہ زندہ رہنا اور زندہ ہونے میں بہت فرق ہے۔ زندگی کا مقصد انسانیت کی خدمت ہے اور دوسروں کے سکون اور آرام کا خیال رکھنا ہے تاکہ زندگی اگر ختم ہو جائے۔ اس پر وہ جو بے مقصد سرگرمیوں سے وقت ضائع کر رہا ہے ان کے حوالے سے کچھ سوالات ذہن میں گردش کر رہے ہیں؟ ان میں موجودہ حالات کے تناظر میں یہ سوالات بنتے ہیں • اگر ہر بڑی شاہراہ پر ٹریفک کی روانی متاثر ہے، تو پھر ٹریفک پولیس رکھنے کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر ہر گلی، محلہ اور شہروں میں کرائم بلا روک ٹوک جاری ہیں، تو پھر پولیس اور تھانوں کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر پینے کا صاف پانی عوام نے خرید کر ہی پینا ہے، تو پھر پانی کی فراہمی والے اداروں کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر ہمارے بازار غیر قانونی درآمد شدہ مختلف اشیاء ـ سے بھرے پڑے ہوئے ہیں، تو پھر کسٹم کے سٹاف کی بارڈر پر تعیناتی کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر عوام کے بنیادی مسائل کا کوئی سدباب ہی نہیں، تو پھر عوامی نمائندوں کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر انڈیا سے ہمارا کوئی سرحدی تنازع ہی نہیں رہ گیا، تو پھر اتنی بڑی تعداد میں فوج رکھنے کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر سرکاری ادارے کے ملازمین اپنے ہی اداروں کی جڑوں کو کاٹ رہے ہوں، تو پھر ایسے سرکاری ملازمین کو تنخواہیں دینے کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر ساری خبریں سنسر شدہ ہی نشر کرنی ہے، تو پھر ایسی صحافت کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر سرکاری اسکول اور کالج معیاری تعلیم دینے سے قاصر ہیں، تو پھر ان کے وجود کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر سرکاری ہسپتالوں میں علاج و معالجے کی سہولتوں کا فقدان ہے، تو پھر ان پر اربوں روپے کے بجٹ دینے کا کیا فائدہ۔۔؟ ایسے کئی سوالات ہیں جو ذہنوں میں ابھر رہے ہیں لیکن بنیادی سوال تو یہی ہے کہ اگر یہ زندگی کسی انسان کے کوئی کام نہ آئے تو پھر اس زندگی کا کیا فائدہ ہے؟، ان سوالات کی روشنی میں بامقصد زندگی گزارنے کے کئی پہلو آشکار ہوتے ہیں، اس حوالے سے مقصدِ حیات ایسا ہو کہ ا؟ پ کے قریبی عزیزوں اور دوستوں کے ساتھ ساتھ دیگر لوگ بھی خوشی اور سکون محسوس کر سکیں۔ ا؟ پ دنیا میں رہیں یا چلے جائیں' وقت کی ریت پر اپنے قدموں کے نشان چھوڑ کر جائیں۔ دراصل زندگی کا اصل مقصد ایک بامقصد ڈگر پر چلنا ہے۔ دنیا میں انسان کی تخلیق کا مقصد سمجھنے کیلئے زندگی بہت مختصر ہے، بے مقصد زندہ رہنے کا کوئی فائدہ نہیں، ہر انسان کے سوچنے اور سمجھنے کا انداز مختلف ضرور ہوتا ہے مگر زمینی حقائق جوں کے توں رہتے ہیں اس لئے وہی سرخرو ہوتے ہیں جن کے مقصد عظیم ہوتے ہیں، ہمارے نزدیک زندگی کا مقصد کسی بڑے مقصد کے حصول کے لیے راستے کا تعین کرنا ہے۔ انسان کو اللہ تعالیٰ نے علم کی بنیاد پر ہی تمام مخلوقات پر فضیلت بخشی ہے۔ سیاروں، ستاروں، زمین وا؟ سمان، سمندر کی گہرائیوں اور خلا کی وسعتوں کی تسخیر کا حکم انسان کو ہی ملا۔ تمام مخلوقات کو اس کی سہولت کے لیے بنایا گیا کیونکہ اس عالمِ رنگ و بو میں انسان کا وجود ہی محور ہے مگر یہاں یہ بات اہم ہے کہ زندگی سانسوں کی ڈور کا نام نہیں کیونکہ زندہ رہنا اور زندہ ہونے میں بہت فرق ہے۔ زندگی کا مقصد انسانیت کی خدمت ہے اور دوسروں کے سکون اور آرام کا خیال رکھنا ہے تاکہ زندگی اگر ختم ہو جائے۔ اس پر وہ جو بے مقصد سرگرمیوں سے وقت ضائع کر رہے ان کے حوالے سے کچھ سوالات ذہن میں گردش کر رہے ہیں؟ ان میں موجودہ حالات کے تناظر میں یہ سوالات بنتے ہیں • اگر ہر بڑی شاہراہ پر ٹریفک کی روانی متاثر ہے، تو پھر ٹریفک پولیس رکھنے کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر ہر گلی، محلہ اور شہروں میں کرائم بلا روک ٹوک جاری ہیں، تو پھر پولیس اور تھانوں کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر پینے کا صاف پانی عوام نے خرید کر ہی پینا ہے، تو پھر پانی کی فراہمی والے اداروں کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر ہمارے بازار غیر قانونی درآمد شدہ مختلف اشیاء ـ سے بھرے پڑے ہوئے ہیں، تو پھر کسٹم کے سٹاف کی بارڈر پر تعیناتی کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر عوام کے بنیادی مسائل کا کوئی سدباب ہی نہیں، تو پھر عوامی نمائندوں کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر انڈیا سے ہمارا کوئی سرحدی تنازع ہی نہیں رہ گیا، تو پھر اتنی بڑی تعداد میں فوج رکھنے کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر سرکاری ادارے کے ملازمین اپنے ہی اداروں کی جڑوں کو کاٹ رہے ہوں، تو پھر ایسے سرکاری ملازمین کو تنخواہیں دینے کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر ساری خبریں سنسر شدہ ہی نشر کرنی ہے، تو پھر ایسی صحافت کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر سرکاری اسکول اور کالج معیاری تعلیم دینے سے قاصر ہیں، تو پھر ان کے وجود کا کیا فائدہ۔۔؟ • اگر سرکاری ہسپتالوں میں علاج و معالجے کی سہولتوں کا فقدان ہے، تو پھر ان پر اربوں روپے کے بجٹ دینے کا کیا فائدہ۔۔؟ ایسے کئی سوالات ہیں جو ذہنوں میں ابھر رہے ہیں لیکن بنیادی سوال تو یہی ہے کہ اگر یہ زندگی کسی انسان کے کوئی کام نہ آئے تو پھر اس زندگی کا کیا فائدہ ہے؟، ان سوالات کی روشنی میں بامقصد زندگی گزارنے کے کئی پہلو آشکار ہوتے ہیں، اس حوالے سے مقصدِ حیات ایسا ہو کہ ا؟ پ کے قریبی عزیزوں اور دوستوں کے ساتھ ساتھ دیگر لوگ بھی خوشی اور سکون محسوس کر سکیں۔ ا؟ پ دنیا میں رہیں یا چلے جائیں' وقت کی ریت پر اپنے قدموں کے نشان چھوڑ کر جائیں۔ دراصل زندگی کا اصل مقصد ایک بامقصد ڈگر پر چلنا ہے۔

صحافت کے سرخیل کو 62 ویں اور باغی ٹی وی کو 13 ویں سالگرہ مبارک ہو

شاہد نسیم چوھدری
M.Sc (Hons) Agri
092-300-6668477
लक्ष्य
TARGET
ٹارگٹ

صحافت کے سرخیل مبشر لقمان کی آج 11 جنوری کو 62 ویں سالگرہ ہے، وہ جرات مند، بیباک اور حق گو صحافی کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ ان کا وژن باغی ٹی وی کی صورت میں ایک شاندار حقیقت بن چکا ہے، جو کل 12 جنوری کو اپنی 13 ویں سالگرہ منا رہا ہے۔ مبشر لقمان اور باغی ٹی وی سچائی کی علامت ہیں۔ مبشر لقمان پاکستانی صحافت کا وہ چمکدار ستارہ ہیں جنہوں نے اپنی بے باک صحافت، جرات مندانہ تبصروں اور حق گوئی سے ہمیشہ سچائی کا علم بلند رکھا۔ ان کا نام دیانت داری اور غیر متزلزل اصولوں کی علامت بن چکا ہے۔ باغی ٹی وی، جو مبشر لقمان کے وژن کا عکاس ہے، نہ صرف خبروں کی دنیا میں ایک منفرد مقام رکھتا ہے بلکہ سچائی کی آواز بن کر عوامی مسائل کو اجاگر کرتا ہے۔ مبشر لقمان اور باغی ٹی وی ایک دوسرے کے لازم و ملزوم ہیں، جنہوں نے صحافت کے نئے معیار قائم کیے ہیں اور عوام کا اعتماد جیتا ہے۔ مبشر لقمان پاکستان کے ان چند صحافیوں میں سے ہیں جنہوں نے اپنی پیشہ ورانہ زندگی میں بے باکی، دیانت داری اور حقیقت پسندی کو اپنا شعار بنایا۔ 11 جنوری 1963 کو لاہور میں پیدا ہونے والے مبشر لقمان نے اپنی ابتدائی تعلیم لاہور ہی سے حاصل کی۔ گورنمنٹ کالج لاہور سے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے بعد انہوں نے صحافت کے میدان میں قدم رکھا اور اپنی ذہانت، حاضر دماغی اور بے مثال تجزیاتی صلاحیتوں کی بدولت جلد ہی نمایاں حیثیت حاصل کر لی۔ مبشر لقمان کی صحافتی خدمات مبشر لقمان نے اپنے کیریئر کا آغاز چینل "بزنس پلس" سے کیا، جہاں انہوں نے پاکستان کے معاشی مسائل کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ عوام کی آواز کو بلند کیا۔ ان کے شاندار تجزیات اور بے لاگ تبصرے انہیں جلد ہی عوام میں مقبول بنا گئے۔ "پوائنٹ بلینک" جیسا معروف پروگرام ہو یا" کھری بات ود لقمان"، انہوں نے ہمیشہ حقائق کو سامنے رکھنے کی کوشش کی۔ ان کا سب سے مشہور پروگرام "کھرا سچ" تھا، جو اے آر وائی نیوز پر نشر ہوتا تھا۔ اس پروگرام کے ذریعے انہوں نے نہ صرف سیاستدانوں کی کرپشن کو بے نقاب کیا بلکہ عوام کو ان مسائل سے آگاہ کیا جو اکثر نظروں سے اوجھل رہتے ہیں۔ ان کا نعرہ ہمیشہ یہ رہا کہ سچ بولنا اور سچ کے ساتھ کھڑے رہنا ہی صحافت کی اصل روح ہے۔ باغی ٹی وی کی 13 ویں سالگرہ مبشر لقمان نے صرف روایتی میڈیا تک محدود رہنے کے بجائے ڈیجیٹل میڈیا میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ انہوں نے "باغی ٹی وی" کے قیام کے ذریعے پاکستانی میڈیا کو ایک نئی سمت دی۔ باغی ٹی وی آج اردو، انگریزی، چینی، پشتو اور دری سمیت کئی زبانوں میں عوام تک خبریں پہنچا رہا ہے۔ باغی ٹی وی کا بنیادی مقصد سچائی اور حقائق کو عوام تک پہنچانا ہے، چاہے وہ کتنے ہی تلخ کیوں نہ ہوں۔ یہ میڈیا ہاؤس پاکستان کا سب سے بڑا ڈیجیٹل نیٹ ورک بن چکا ہے، جو نہ صرف ملکی بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی پاکستان کی نمائندگی کر رہا ہے۔ ڈیجیٹل میڈیا کی دنیا میں کامیابی مبشر لقمان کا یوٹیوب چینل "مبشر لقمان آفیشل" پاکستان کے مقبول ترین چینلو میں شمار ہوتا ہے۔ ان کے بے خوف تبصرے اور جرات مندانہ تجزیے انہیں ایک منفرد حیثیت عطا کرتے ہیں۔ وہ ہمیشہ سچ کی حمایت کرتے ہیں، چاہے اس کے لیے انہیں کسی بھی قسم کے دباؤ کا سامنا کیوں نہ کرنا پڑے۔ کھیل اور دیگر خدمات مبشر لقمان صرف ایک صحافی ہی نہیں بلکہ ایک شاندار منتظم اور کھیلوں کے میدان میں بھی اہم کردار ادا کر چکے ہیں۔ وہ پاکستان برج فیڈریشن کے صدر ہیں اور ایشیا و مڈل ایسٹ برج فیڈریشن کے نائب صدر کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ان کی کاوشوں سے لاہور میں بین الاقوامی برج مقابلے منعقد ہوئے، جس میں بھارت سمیت کئی ممالک نے شرکت کی۔ یہ نہ صرف ان کی بلکہ پاکستان کی بھی ایک بڑی کامیابی تھی۔ سالگرہ کا موقع: ایک تجدید عہد مبشر لقمان کی سالگرہ کے موقع پر یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ انہوں نے پاکستان کی صحافت کو نہ صرف ایک نئی پہچان دی بلکہ نوجوان صحافیوں کے لیے ایک مشعل راہ بھی بنے۔ ان کی بے باکی، سچائی اور دیانت داری ہر اس شخص کے لیے مثال ہے جو صحافت کو محض ایک پیشہ نہیں بلکہ ایک خدمت سمجھتا ہے۔ باغی ٹی وی کی 13 ویں سالگرہ بھی مبشر لقمان کی قیادت میں اس ادارے کی کامیابیوں کا جشن ہے۔ یہ پلیٹ فارم ان تمام لوگوں کی آواز بنا ہے جن کی باتیں کہیں اور نہیں سنی جاتیں۔ باغی ٹی وی کی ترقی دراصل مبشر لقمان کے عزم، جرات اور غیر متزلزل قیادت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ مبشر لقمان اور باغی ٹی وی دونوں نے پاکستان کی صحافت میں اپنا ایک الگ مقام بنایا ہے۔ مبشر لقمان کی زندگی اور خدمات اس بات کا ثبوت ہیں کہ اگر آپ میں سچائی کی طاقت اور دیانت داری کا جذبہ ہو تو کوئی بھی رکاوٹ آپ کے راستے میں حائل نہیں ہو سکتی۔ ان کی سالگرہ کے اس موقع پر ہم دعا گو ہیں کہ وہ اسی طرح حق اور سچ کے علمبردار رہیں اور باغی ٹی وی مزید کامیابیاں حاصل کرے۔



حریم شاہ کی مردوں کے خلاف باتوں پر عدنان صدیقی کا جوابی وار

حریم شاہ ریلوے اسٹیشن پر موجود ہوں گی تو وہاں سے کوئی بھی ٹرین وقت پر نہیں چلے گی، عدنان صدیقی

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی اداکار عدنان صدیقی نے مردوں کے خلاف حریم شاہ کی تضحیک آمیز گفتگو وائرل ہونے کے بعد جوابی وار کیا ہے۔ گزشتہ دنوں ٹک ٹاکر حریم شاہ کی ایک ویڈیو وائرل ہوئی تھی جس میں وہ مردوں کے حوالے سے نامناسب گفتگو کرتی نظر آئی تھیں۔ وائرل ویڈیو پر سوشل میڈیا صارفین نے شدید غصے کا اظہار کیا تھا۔ اب اداکار عدنان صدیقی کی طرف سے بھی حریم شاہ سے متعلق ایک بیان سامنے آیا ہے جسے صارفین حریم شاہ کے اسی وائرل ویڈیو کے تناظر میں دیکھ رہے ہیں۔ پاکستان کے سینئر اداکار نے کہا ہے کہ اگر ٹک ٹاکر حریم شاہ کسی ریلوے اسٹیشن پر موجود ہوں گی تو وہاں سے کوئی بھی ٹرین وقت پر نہیں چلے گی۔ عدنان صدیقی نے یہ بات حنا الطاف کے پوڈ کاسٹ میں شرکت کے دوران کہی، جہاں وہ اپنی سیر و سیاحت کی یادیں شیئر کر رہے تھے۔ پوڈ کاسٹ میں عدنان نے ٹک ٹاکر سے متعلق اپنی بات کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ریلوے اسٹیشن پر چونکہ حریم شاہ موجود ہوں گی، اس لیے ٹرین کا ڈرائیور اور اسٹیشن ماسٹر ٹک ٹاکر کو دیکھنے میں ہی محو ہوں گے، اس لیے کوئی بھی ٹرین وقت پر نہیں چلے گی۔ عدنان صدیقی کے ٹک ٹاکر پر اس طرح کمنٹس کو سوشل میڈیا صارفین تنقید کے زمرے میں شمار کر رہے ہیں اور حالیہ بیان کو ٹک ٹاکر کی وائرل ویڈیو کا جواب قرار دے رہے ہیں۔

ہماری شادیاں دیکھ کر لگتا ہے پاکستان امریکا کو قرضہ دیتا ہے، خالد انعم

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف سینئر اداکار خالد انعم نے ملک کی خراب معاشی صورتحال اور عوام کے متضاد رویوں پر دلچسپ تبصرہ کیا ہے۔ انہوں نے فوٹو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر طنزیہ انداز میں اپنے خیالات کا اظہار کیا اور شادیوں پر بے تحاشہ پیسہ برباد کرنے والوں کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی شادیاں، شاپنگ مالز اور ریسٹورنٹس دیکھ کر ایسا لگتا ہے جیسے یہ ملک امریکا، جرمنی اور جاپان کو قرض دیتا ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ یہاں ہر شخص اپنی حیثیت سے کئی گنا زیادہ خرچ کر رہا ہے۔ ایک اور انسٹا پوسٹ میں انہوں نے زندگی کو سادہ اور آسان بنانے کے لیے ایک اہم مشورہ دیا۔ خالد انعم نے لکھا کہ اتنے پیسے ضرور کمائیں کہ جب آپ بیمار ہوں تو بچے ڈاکٹر کو بلائیں، وکیل کو نہیں۔ سوشل میڈیا صارفین نے ان کے خیالات سے اتفاق کرتے ہوئے اپنی رائے کا بھی اظہار کیا۔ خالد انعم سماجی مسائل اور ملکی حالات پر اکثر دلچسپ انداز میں اظہار خیال کرتے ہیں، جو صارفین کی جانب سے بے حد پسند کیا جاتا ہے۔

پسوڑی گرل شے گل کا اصلی نام کیا ہے؟ گلوکارہ کا انکشاف

شے گل نے اپنی منفرد گائیکی اور پسوڑی جیسے ہٹ گانے کی بدولت مقامی اور بین الاقوامی سطح پر شہرت حاصل کی

کراچی (کلچرل ڈیسک) پاکستان کی مشہور گلوکارہ شے گل، جو اپنے عالمی مقبول گانے پسوڑی کے لیے جانی جاتی ہیں، نے حال ہی میں اپنے نام سے متعلق انکشاف کیا ہے۔ اداکارہ دنانیر مبین کے پروگرام میں شے گل نے انکشاف کیا ہے کہ ان کا اصل نام انوشے بابر گل ہے تاہم انہیں میوزک انڈسٹری میں شے گل نام سے جانا جاتا ہے گلوکارہ نے بتایا کہ شے کا نِک نام ان کے یونیورسٹی کے دنوں میں وجود میں آیا، جب ان کے ایک دوست نے ان کی مشابہت مشہور ڈرامہ سیریز گیم آف تھرونز کے ایک کردار سے کی اور انہیں شے کہنا شروع کر دیا۔ یہ نام وقت کے ساتھ ان کی شناخت کا حصہ بن گیا، اور انہوں نے اپنے اصل خاندانی نام کے ساتھ اسے اپنا اسٹیج نام بنالیا۔ یوں شے گل ان کا پیشہ ورانہ نام بن گیا، جو میوزک انڈسٹری سمیت ان کے مداحوں کے درمیان مقبول ہے۔ یاد رہے کہ شے گل نے اپنی منفرد گائیکی اور پسوڑی جیسے ہٹ گانے کی بدولت مقامی اور بین الاقوامی سطح پر شہرت حاصل کی۔ ان کی آواز اور انداز نے موسیقی نے شائقین کو بیحد متاثر کیا ہے۔ شے گل اپنے منفرد اسلوب کی بدولت پاکستانی موسیقی میں ایک نمایاں مقام رکھتی ہیں۔

QUIRKISSTAN

لڑکیوں کی کم عمری میں شادی اور مسائل پر بنی فلم سلمیٰ ریلیز

پاکستان میں ایک کروڑ 90 لاکھ خواتین ایسی ہیں جن کی نوعمری میں شادی ہوئی

کراچی (کلچرل ڈیسک) کم عمری، نابالغ عمر میں شادی نہ صرف لڑکیوں سے ان کا بچپن، خوشیاں، اور خواب چھین لیتی ہے بلکہ ان کی زندگی کو بھی شدید متاثر کرتی ہے۔ اقوام متحدہ کے جنسی و تولیدی صحت کے ادارے (یو این ایف پی اے) نے پاکستان میں اس مسئلے کو اجاگر کرنے کے لیے ایک مختصر فلم سلمیٰ بنائی ہے، جو ان لاکھوں لڑکیوں کی کہانی بیان کرتی ہے جن کی زندگیاں کم عمری کی شادیوں کی وجہ سے تاریک ہوگئیں۔ فلم سلمیٰ، خاموش چیخ دیہی علاقے کی ایک کم عمر لڑکی کی کہانی ہے، جس کے خواب قبل از وقت شادی نے مار دیے جاتے ہیں۔ یہ لڑکی ازدواجی زندگی کی ذمہ داریوں، صحت کے مسائل، سماجی دبا اور بدنامی سے لڑتے ہوئے اپنی زندگی سنوارنے کی جدوجہد کرتی ہے۔ یہ فلم 16 منٹ دورانیے کی ہے، جسے محسن علی اور رابعہ قادر نے تحریر کیا اور ابرار الحسن اور حنا امان نے پروڈیوس کیا ہے۔ فلم کی ہدایت کاری محسن علی نے کی ہے اور سلمیٰ کا مرکزی کردار چائلڈ اسٹار مرحبا نور نے نبھایا ہے۔ فلم میں خاص طور پر کم عمری کے حمل کے دوران لڑکیوں کو درپیش جسمانی، ذہنی مسائل کو اجاگر کیا گیا ہے، جیسے خون کی کمی، زچگی کی پیچیدگیاں، اور حتیٰ کہ موت کا خطرہ۔ یونیسف کے مطابق دنیا بھر میں 20 فیصد لڑکیوں کی شادی نوعمری میں ہوجاتی ہے۔

نی ٹریپ کیس، ڈرامہ نگار خلیل الرحمٰن قمر کیخلاف اندراج مقدمہ کی درخواست خارج



لاہور (کلچرل ڈیسک) سیشن عدالت لاہور نے ہنی ٹریپ کیس میں ڈرامہ نگار خلیل الرحمٰن قمر کے خلاف اندراج مقدمہ کی درخواست واپس لینے کی بنیاد پر خارج کردی۔ ڈرامہ نگار خلیل الرحمٰن قمر کے خلاف اندراج مقدمہ سے درخواست پر ایڈیشنل سیشن جج الیاس ریحان نے اندراج مقدمہ کی درخواست پر سماعت کی۔ ہنی ٹریپ کیس کی ملزمہ امنہ عروج کی والدہ زینت بی بی اندراج مقدمہ کی درخواست دائر کی تھی۔ خلیل الرحمٰن قمر کے وکیل مدثر چوہدری عدالت میں پیش ہوئے اور موقف اپنایا کہ درخواست گزار کے وکیل نے بتایا کہ درخواست گزار درخواست میں کچھ تبدیلی کرنا چاہتے ہیں، اندراج مقدمہ کی درخواست واپس لینا چاہتے ہیں۔ وکیل نے استدعا کی کہ عدالت اندراج مقدمہ کی درخواست واپس لینے کی اجازت دے، عدالت نے درخواست گزار کو درخواست واپس لینے کی اجازت دے دی۔

پی ایس ایل 10، پلیئرز ڈرافٹ کیلئے گوادر کا نام کیوں رکھا گیا؟ انکشافات

ملتان سلطانز کے اونر علی ترین کے انٹرویو نے پاکستان کرکٹ بورڈ کے حکام کے دعوؤں کی قلعی کھول دی

لاہور (میاں شہروز سے) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی معروف فرنچائز ملتان سلطانز کے اونر علی ترین نے دعویٰ کیا ہے کہ پلیئرز ڈرافٹ کیلئے گوادر کا انتخاب فرنچائز مالکان سے مشاورت کے بغیر کیا گیا تھا۔ حالیہ انٹرویو میں پاکستان سپر لیگ کی سابق چیمپئن ٹیم ملتان سلطانز کے اونر علی ترین نے بتایا کہ 10 ویں ایڈیشن کے پلیئرز ڈرافٹ کے عمل کے طریقہ کار میں جلد بازی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں پی ایس ایل کے واٹس ایپ گروپ میں پیغام ملا کہ اس سال پی ایس ایل کا ڈرافٹ گوادر میں ہوگا، بطور ایک فرنچائز اونر یہ تھوڑا پریشان کن تھا کہ میسج کر دیا گیا، نہ پوچھا گیا نہ بتایا گیا، بعدازاں پوچھا تو جواب آیا 'فائنل بھائی'۔ علی ترین نے کہا کہ تمام فرنچائز کے اونرز الجھن میں تھے، سوچ رہے تھے، 'فائنل کا مطلب کیا ہے؟ 'پھر، ہمیں بتایا گیا، 'تین منٹ میں ایک پریس ریلیز آ رہی ہے'۔ ہم لندن اور دبئی کے بارے میں بات کر رہے تھے، اور پھر ہمیں پیغام ملا: 'گوادر فائنل، بھائی'۔ انہوں نے کہا کہ میں نے پوچھا، "براہ کرم وضاحت کریں، آپ نے گوادر جانے کا فیصلہ کس بنیاد پر کیا ہے؟ کیا آپ نے کسی سے پوچھا ہے کہ کیا ہمارے بیرون ملک کھلاڑی اور کوچ آ سکیں گے؟" بلوچستان کی ٹریول پالیسی سفری اصولوں سے متصادم ہے، غیر ملکی کھلاڑیوں اور کوچز کیلئے سفری انشورنس حاصل کرنا مشکل بنا دیگی۔

PSL
DRAFT
2025

شوہر سے طلاق، ڈانسر سے تعلقات پر بھارتی کرکٹر کی اہلیہ بول اٹھیں

سچ کو کسی وضاحت کی ضرورت نہیں ہوتی، کوریوگرافر و ڈانسر دھناشری ورما کا ذومعنی نوٹ وائرل

ممبئی (اسپورٹس ڈیسک) بھارتی کرکٹ ٹیم کے رکن اور اسپنر یوزویندر چہل کی اہلیہ اور ڈانسر دھناشری ورما نے شوہر سے علیحدگی کی افواہوں پر خاموشی توڑ دی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اسٹوری شیئر کرتے ہوئے ایک نوٹ میں دھناشری ورما نے لکھا کہ 'گزشتہ چند دن میرے اور میرے خاندان کیلئے بے حد مشکل رہے، سب سے زیادہ پریشان کن وہ تحریریں ہیں جو حقائق کے منافی ہیں، اس ٹرولنگ سے پھیلائی جانے والی نفرت کے ذریعے میرے کردار کی توہین ہوئی ہے۔ انہوں نے مزید لکھا کہ میں نے اپنا نام اور ساکھ بنانے کیلئے سالوں محنت کی، میری خاموشی کمزوری کی علامت نہیں بلکہ طاقت کی نشانی ہے، آن لائن پلیٹ فارمز پر مجھ سے منسوب منفی چیزیں آسانی سے پھیلائی جاتی رہیں۔ دھناشری نے اپنے نوٹ کا اختتام کرتے ہوئے لکھا کہ سچ کو کسی وضاحت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ قبل ازیں رواں سال کے آغاز کے محض 6 روز بعد بھارتی کرکٹر اور انکی اہلیہ کے درمیان علیحدگی کی خبریں زور پکڑ گئیں تھی جبکہ ایک میڈیا آؤٹ لیٹ نے یہاں تک تصدیق کی تھی کہ جوڑے کے درمیان معاملات ٹھیک نہیں چل رہے ہیں اور دونوں نے اپنے راستے جدا کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ باتوں کو تقویت اس وقت ملی جب یوزویندر چہل اور دھناشری نے ایک دوسرے کو انسٹاگرام پر ان فالو کردیا اور ساتھ ہی کرکٹر نے دھناشری کی تصاویر بھی ڈیلیٹ کردیں ہیں جبکہ ان کی اہلیہ دھناشری ورما نے بھی کرکٹر کو ان فالو کیا ہے لیکن یوزویندر چہل کی تصاویر نہیں ہٹائیں۔

BYJU'S
INDIA
MPL

قومی کرکٹر سدرہ امین کے والد انتقال کر گئے، دعائے مغفرت کی درخواست



کراچی (اسپورٹس ڈیسک) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کے اوپننگ بیٹر سدرہ امین کے والد انتقال کر گئے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم فیس بک اکاؤنٹ پر قومی ویمن کرکٹر نے اپنے والد کے انتقال کی خبر مداحوں کیساتھ شیئر کی اور ساتھی کرکٹرز سے والد کی مغفرت کیلئے دعا کی درخواست کی۔ سدرہ امین نے اپنی پوسٹ کے کیپشن میں لکھا کہ اللہ تعالی میرے والد کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان شا اللہ! کرکٹر کے والد کی نماز جنازہ آج دوپہر 2 بجے ادا کی جائے گی، جس میں قریبی رشتہ دار و عزیز و اقارب شرکت کریں گے۔ واضح رہے کہ کچھ روز قبل سدرہ امین رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئیں تھی جس کی تصاویر و ویڈیوز خوب وائرل ہوئی تھی جبکہ انہوں نے اپنی شادی کی تصاویر سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر بھی شیئر کی تھیں۔

پاکستان کو ایک اور دھچکا، اہم وکٹ کیپر بھی انجری کا شکار

وکٹ کیپر بیٹر حسیب اللہ خان کو کیپ ٹاؤن ٹیسٹ میچ کے دوران ہاتھ پر گیند لگی تھی

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) ویسٹ انڈیز کیخلاف سیریز سے قبل قومی ٹیم کے نوجوان اوپنر حسیب اللہ خان بھی فٹنس مسائل کا شکار ہوگئے۔ وکٹ کیپر بیٹر حسیب اللہ خان جنوبی افریقا کے خلاف سیریز میں اسکواڈ کا حصہ ہیں تاہم محمد رضوان کی وجہ سے انہیں موقع نہیں مل سکا تھا تاہم چیمپئنز ٹرافی سے قبل ویسٹ انڈیز کیخلاف سیریز میں نوجوان کھلاڑیوں کو موقع ملنے کا امکان تھا جس میں کرکٹر کی قسمت چمک سکتی تھی لیکن وہ انجری کا شکار ہوگئے، جس کے بعد انکی شمولیت مشکوک ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کیپ ٹاؤن ٹیسٹ میں پریکٹس کے دوران ان کے ہاتھ پر بال لگ گئی تھی، جس کے بعد انہیں ڈاکٹرز نے دو ہفتوں تک آرام کرنے کی ہدایت کی تھی۔ وکٹ کیپر بیٹر ویسٹ انڈیز کے خلاف پاکستان شاہینز اسکواڈ میں بھی شامل ہیں تاہم اب ان کی جگہ روحیل نذیر کو موقع ملے گا، سہ روزہ پریکٹس میچ 10 جنوری سے اسلام آباد کلب میں شروع ہو رہا ہے۔ دوسری جانب اوپنر صائم ایوب کے بھی کیپ ٹاؤن ٹیسٹ کے پہلے روز دائیں ٹخنے پر چوٹ لگی تھی، وہ اس وقت لندن میں علاج کے لیے موجود ہیں، ان کی بھی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں شرکت کے امکانات انجری کی صحتیابی سے مشروط ہیں۔

TCL
PEPSI
GATORADE

چیمپئنز ٹرافی، شکیب الحسن کیلئے بھی خطرے کی گھنٹی بج گئی

بالنگ ایکشن مشکوک ہونے کی وجہ سے میگا ایونٹ میں شریک پر خطرے کے بادل منڈلا رہے ہیں

Daraz
BANGLADESH

ڈھاکہ (اسپورٹس ڈیسک) بنگلادیش کے سابق کپتان اور آل راؤنڈر شکیب الحسن کی پاکستان میں شیڈول چیمپئنز ٹرافی 2025 میں اسکواڈ میں شمولیت غیر یقینی دکھائی دینے لگی۔ انگلش کاؤنٹی چیمپئن شپ کے دوران سابق بنگلادیشی کپتان و آل راؤنڈر شکیب الحسن کے بالنگ ایکشن کو مشکوک قرار دیدیا گیا تھا۔ گزشتہ ماہ انگلینڈ کی لافبرو یونیورسٹی میں ٹیسٹ کیا گیا اور وہ ٹیسٹ پاس کرنے میں ناکام رہے تھے، جس کے نتیجے میں ان پر ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کرکٹ میں بالنگ کرنے پر پابندی عائد کردی گئی تھی۔ تاہم شکیب الحسن چنئی میں دوبارہ بالنگ ٹیسٹ کروائیں گے جس کے بعد انکے مستقبل کا فیصلہ ہوسکے گا

Blood Sugar Tracker

انسولین سے بچنے کے لیے کیلئے مفید ٹوٹکے

اقصیٰ ناز ایڈووکیٹ

ذیابیطس ایک میٹابولک مرض ہے جس میں جسم اپنی توانائی کے لیے گلوکوز استعمال کرنے میں ناکام ہوجاتا ہے، انسانی جسم حاصل کردہ غذا سے وہ طاقت نہیں لے پاتا جتنی اسے ضرورت ہوتی ہے جس کی وجہ جسم کا انسولین کی مطلوبہ مقدار نہ بنانا ہوتا ہے یا پھر پیدا شدہ انسولین درست کام نہیں کر رہی ہوتی۔ طبی ماہرین کے مطابق انسولین انسانی صحت کے لیے ایک ضروری ہارمون ہے، انسانی جسم میں موجود اعضاء لبلبہ انسولین پیدا کرتا ہے، انسولین جسم کے خلیوں (سیلز) کو غذا سے شکر مہیا کرتی ہے، جسم کے خلیے شکر سے قوت لینا شروع کر دیتے ہیں، بعض اوقات جسم کے خلیے انسولین کے ساتھ مل کر کام نہیں کرتے جو کہ ذیابطیس ہونے کا سبب ہے۔ ماہرین کے مطابق ذیابطیس تب ہوتی ہے جب انسولین مناسب مقدار میں پیدا نہیں ہوتی یا کام نہیں کرتی، اس کی وجہ سے گلوکوز ہمارے خون میں جمع ہونا شروع ہوجاتا ہے اور پھر پیشاب کے راستے نکل جاتی ہے، جسم میں گرمائش، پٹھوں کے کام، دل کی دھڑکن، پھیپھڑوں سے سانس لینے، دماغ کے سوچنے، کروڑوں نئے خلیوں کے بننے اور مرمت کے لیے توانائی و طاقت بے حد ضروری ہوتی ہے۔

شوگر کی اقسام

شوگر کی دو قسمیں ہوتی ہیں، بچوں اور نوجوانوں میں ٹائپ 1 ذیابطیس زیادہ نہیں پائی جاتی ہے، ٹائپ 1 ذیابطیس میں بیٹا سیلز برباد ہو جاتے ہیں اور جسم انسولین نہیں بنا پاتا۔ زیادہ تر نوجوانوں کو ٹائپ 2 ذیابیطس ہونے لگی ہے، اس قسم کی ذیابیطس میں جسم کچھ انسولین ضرور پیدا کرتا ہے لیکن یا تو وہ کافی مقدار میں نہیں ہوتی یا پھر اتنی نہیں ہوتی کہ خون میں شوگر لیول برقرار رکھ سکے۔

ذیابطیس ٹائپ 1

ٹائپ 1 ذیابطیس کا دنیا بھر میں تقریباً ایک ہی علاج ہے اور وہ یہ کہ دن میں متعدد بار انسولین لگائی جائے یا ایسا پمپ استعمال کیا جائے، جو انسولین کی ترسیل رواں رکھے۔

ذیابطیس ٹائپ2

ٹائپ 2 ذیابطیس صحت مند غذا، جسمانی ورزش، وزن کو کم کرنے اور دوا لینے سے قابو کی جاسکتی ہے، اس کے علاج کے لیے اپنا طرز زندگی بدلنا بہت ضروری ہے، اگر پورا خاندان ٹائپ 2 ذیابطیس کے لیے صحت مند طرز زندگی اپنا لے تو اس طرح خاندان کے باقی افراد کو ذیابطیس ہونے کے امکانات کم ہو جاتے ہیں کیونکہ وہ بھی خطرے کی لکیر کے قریب ہوتے ہیں۔ ذیابطیس ٹائپ 2 میں خون میں شوگر لیول کو قابو میں رکھنے کے لیے ڈاکٹر گولیاں تجویز کرتے ہیں، جن کی مدد سے جسم میں انسولین کام کرنا شروع کر دیتی ہے۔ دار چینی کا شمار دنیا بھر میں استعمال ہونے والے معروف ترین گرم مسالہ جات میں ہوتا ہے، دار چینی کے چند حیرت انگیز فوائد سے ابھی بھی لوگ ناواقف ہیں جس کے نتیجے میں دار چینی کو صحیح استعمال میں بھی نہیں لایا جاتا ہے۔ طبی و غذائی ماہرین کے مطابق قدیم زمانوں سے دار چینی دوا کی حیثیت حاصل ہے۔ تحقیق کے مطابق 26 مسالوں میں جب اینٹی آکسیڈنٹس کی موجودگی پر تحقیق کی گئی تو اس کے نتائج میں دار چینی واضح طور پر فاتح قرار پائی، یہاں تک کہ اس نے سپر فوڈ کہلائے جانے والی ادرک کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ ہر گھر کے کچن میں با آسانی دستیاب دار چینی صحت کے لیے نہایت مفید ہے، غذائی ماہرین کے مطابق دار چینی کے 100 گرام میں 274 کیلوریز پائی جاتی ہیں جبکہ اس میں 10 ملی گرام سوڈیم، 431 گرام پوٹاشیم، 81 گرام کاربوہائیڈریٹس، 2.2 گرام شکر اور 4 گرام پروٹین پائی جاتی ہے، اسی طرح دار چینی کے 100 گرام میں 5 فیصد وٹامن اے، 6 فیصد وٹامن سی، 100 فیصد کیلشیم، 46 فیصد آئرن، 15 فیصد میگنیشیم اور 10 فیصد وٹامن بی 6 پایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ دار چینی فائبر سے بھرپور بھی ہوتی ہے، جس کے ہر 100 گرام میں تقریباً 53 اعشاریہ 3 گرام فائبر ہوتا ہے۔ غذائی و طبی ماہرین کی جانب سے دار چینی خون میں موجود شوگر کے لیول کو متوازن رکھنے اور قدرتی انسولین کی افزائش کے لیے بہترین جز قرار دی جاتی ہے، انسولین کی مثبت افزائش کے سبب دار چینی ذیابطیس کا ایک مؤثر علاج ہے، ماہرین کے مطابق شوگر کے مریضوں کے استعمال کے لیے دار چینی کو کھانے میں با آسانی بغیر کسی نقصان کے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ دار چینی میں قدرتی انسولین کی افزائش کی خصوصیات کے ساتھ مضر صحت مادوں کے خلاف موثر کردار ادا کرنے والے قدرتی اینٹی آکسیڈنٹ اجزا بھی پائے جاتے ہیں۔ انسولین کی قدرتی افزائش بڑھانے اور انسولین کے انجیکشن سے بچاؤ کے لیے دار چینی کا استعمال کس طرح کرنا مفید ہے۔

Regular
Human
Insulin
INSULIN ONLY

INSULIN ONLY
DIABETES

پہلا طریقہ

طبی ماہرین کی جانب سے تجویز کیا جاتا ہے کہ بے شمار فوائد کی حامل دار چینی کے فوائد حاصل کرنے کے لیے رات بھر کے لیے ایک سادہ گلاس پانی میں دار چینی کے ایک انچ کا ٹکڑا بھگو دیں اور گلا کو ڈھانپ دیں، صبح نہار منہ اس دار چینی کے پانی کو پی لیں اور دار چینی کا ٹکڑا اپھینک دیں۔

دوسرا طریقہ

صبح اٹھتے ہی دار چینی کے ایک انچ کے ٹکڑے کو گرم ابلتے ہوئے پانی (ایک کپ پانی) میں ڈال دیں اور 15 منٹ کے لیے اسے ڈھانپ کر رکھ دیں، بعد ازاں اسے پی لیں اور دار چینی کا ٹکڑا اپھینک دیں۔ دار چینی کو پانی میں چولہے پر ابالنے سے پرہیز کریں۔ کوشش کریں کے دونوں طریقوں کے لیے کانچ یا دھاتی برتنوں کا استعمال کیا جائے، پلاسٹک کے برتن کے استعمال سے گریز کریں۔

ذیابیطس دنیا میں تیزی سے عام ہوتا ہوا ایسا مرض ہے جسے خاموش قاتل کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کیونکہ یہ ایک بیماری کئی امراض کا باعث بن سکتی ہے اور حیرت انگیز طور پر ذیابیطس ٹائپ ٹو کے شکار 25 فیصد افراد کو اکثر اس کا شکار ہونے کا علم ہی نہیں ہوتا۔

اس مرض کا شکار ہونے کی صورت میں کچھ علامات ایسی ہوتی ہیں جس سے عندیہ ملتا ہے کہ آپ کو اپنا چیک اپ کروالینا چاہئے تاکہ ذیابیطس کی شکایت ہونے کی صورت میں اس کے اثرات کو آگے بڑھنے سے روکا جاسکے۔

جب آپ ذیابیطس کے شکار ہوجائیں تو آپ کا جسم خوراک کو شوگر میں تبدیل کرنے میں زیادہ بہتر کام نہیں کر پاتا جس کے نتیجے میں دوران خون میں شوگر کی مقدار بڑھ جاتی ہے اور جسم اسے پیشاب کے راستے باہر نکالنے لگتا ہے، یعنی ٹوائلٹ کا رخ زیادہ کرنا پڑتا ہے۔ تاہم اس مرض کے شکار اکثر افراد اس خاموش علامت سے واقف ہی نہیں ہوتے اور نہ ہی اس پر توجہ دیتے ہیں۔ خاص طور پر رات کو جب ایک یا 2 بار ٹوائلٹ کا رخ کرنا تو معمول سمجھا جاسکتا ہے تاہم یہ تعداد بڑھنے اور آپ کی نیند پر اثرات مرتب ہونے کی صورت میں اس پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

بہت زیادہ پیشاب کرنے کے نتیجے میں پیاس بی زیادہ محسوس ہوتی ہے اور ذیابیطس کے مریض افراد اگر جوسز، کولڈ ڈرنکس یا دودھ وغیرہ کے ذریعے اپنی پیاس کو بجھانے کی خواہش میں مبتلا ہوجائیں تو یہ خطرے کی علامت ہوسکتی ہے۔ یہ میٹھے مشروبات خون میں شکر کی مقدار کو بڑھا دیتے ہیں جس کے نتیجے میں پیاس کبھی ختم ہونے میں ہی نہیں آتی۔ جسمانی وزن میں اضافہ ذیابیطس کے لیے خطرے کی علامت قرار دی جاتی ہے تاہم وزن میں کمی آنا بھی اس مرض کی ایک علامت ہوسکتی ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

آذربائیجان لاہور میں ٹریڈ سینٹر کھولے گا: سفیر خضر فرہادوف

پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان تجارت، دفاع اور معیشت میں تعاون کو فروغ دینے کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں

لاہور (کامرس رپورٹر) پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان تجارت، دفاع اور معیشت میں تعاون کو فروغ دینے کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں جس کے نتیجے میں باہمی تجارت نئی بلندیوں تک پہنچ جائے گی۔ لاہور میں آذربائیجان ٹریڈ سینٹر جبکہ پاکستان آذربائیجان چیمبر آف کامرس قائم کرنے جا رہے ہیں۔ یہ باتیں بات آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف نے لاہور چیمبر میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہیں۔ لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد اور سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان نے بھی اس موقع پر خطاب کیا جبکہ ایگزیکٹو کمیٹی اراکین خرم لودھی، احسن شاہد، آصف ملک، آصف خان، وقاص اسلم، عبدالمجید، کرامت علی اعوان، ریاض شاہد، عامر علی، آمنہ رندھاوا، علی عمران اور سابق ایگزیکٹو کمیٹی رکن عبدالودود علوی اجلاس میں موجود تھے۔ خضر فرہادوف نے کہا کہ آذربائیجان کو پاکستانی قوم سے بے حد محبت ہے۔ انہوں نے پاکستانی چاول کے لیے آذربائیجان کی طرف سے 2027 تک ڈیوٹی فری رسائی کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ پاکستانی تاجر وہ اس موقع سے فائدہ اٹھائیں، خاص طور پر پنجاب باسمتی چاول کی پیداوار کے حوالے سے شہرت رکھتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دونوں ممالک کے درمیان براہ راست پروازوں کے آغاز کے بعد باہمی تجارت کا حجم تین گنا بڑھ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال 80 ہزار سے زائد پاکستانیوں نے آذربائیجان کا دورہ کیا جو دونوں اقوام کے درمیان بڑھتے ہوئے عوامی تعلقات کا مظہر ہے۔

قوم اور ملک کی ترقی علم میں اور علم کی ترقی اساتذہ کی بہتر استعداد کار اور محنت میں مضمر ہیں

قوم کی مستقبل اساتذہ کی ہاتھوں میں ہیں اساتذہ کا معیار سب سے بڑا ہے!

وزیرآباد (نامہ نگار) قوم اور ملک کی ترقی علم میں اور علم کی ترقی اساتذہ کی بہتر استعداد کار اور محنت میں مضمر ہیں، قوم کی مستقبل اساتذہ کی ہاتھوں میں ہیں اساتذہ کا معیار سب سے بڑا ہے اور اپنی معیار اور رتبے کا خیال رکھتے ہوئے طلباء کی پڑھائی اور تربیت میں کوئی کمی یا کسر باقی نہ رکھیں، تدریس پیشہ پیغمبری ہے، دین اسلام نے استاد کو معلم و مربی ہونے کی وجہ سے روحانی باپ کا درجہ عطاء کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایم پی اے وقار احمد چیمہ نے گورنمنٹ مولانا ظفر علی خان پوسٹ گریجوایٹ کالج وزیرآباد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پرنسپل پروفیسر سید ارشد حسین بخاری، سابق چیئرمین بلدیہ بابو شعیب ادریس، پروفیسر شیخ ثناء اللہ، پروفیسر توصیف یوسف، راشد عباس چیمہ، ضلعی آرگنائزر لیبر ونگ مسلم لیگ (ن) محمد عمران سنی کمبوہ و دیگر نے بھی خطاب کیا۔ وقار احمد چیمہ نے کالج کے فرسٹ ائیر کے چھ ہونہار طلباء، تین بی ایس کے طلباء اور پروفیسر ڈاکٹر نسیم اختر کو ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں اعلیٰ خدمات پر انعامات سے نوازا اور بی ایس پروگرام اسلامیات، فزکس، انگلش کلاسز کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر پروفیسر محمد اختر مسعود چیمہ، حافظ حامد الرحمٰن، عبدالشکور، لیاقت نذیر، لطیف احمد، ابرار احمد سمیت دیگر سٹاف اور طلباء کی کثیر تعداد موجود تھی۔ پرنسپل سید ارشد حسین بخاری نے کالج کی روڈ کی تعمیر، کالج کے اندر تجاوزات کو ختم کر کے بی ایس سی کلاسز کی تعمیر کروائی جائے، خالی جگہ پر مسجد تعمیر کی جائے اور واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب کے مطالبات ایم پی اے وقار احمد چیمہ کو پیش کیے۔ جس پر ایم پی اے وقار احمد چیمہ نے تمام مطالبات کو جلد از جلد مکمل کرنے کا عندیہ دیا اور کہا کہ طلباء انسانیت کا ستون بھی ہیں بنیاد بھی یہی قوم کے اصل معمار ہیں، قوم کے مستقبل کی سیرت سنوارنے، مستقبل کے چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کے لئے ان کی کردار سازی کرنے، بذریعہ علم عقل کو روشن کرنے کا ہنر سکھانے میں اساتذہ کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے

ماہر قانون معاشرے کی تشکیل میں اہمیت کے حامل ہوتے ہیں

عدل وانصاف ہی معاشرے میں امن وامان کی بحالی میں بنیادی کردار کا حامل ہوتا ہے

وزیرآباد (نامہ نگار) ماہر قانون معاشرے کی تشکیل میں اہمیت کے حامل ہوتے ہیں، عدل وانصاف ہی معاشرے میں امن وامان کی بحالی میں بنیادی کردار کا حامل ہوتا ہے، وکلاء انصاف کی فراہمی میں بھرپور کردار ادا کرتے ہیں، ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن وزیرآباد کے الیکشن 2025-26 میں ماہر قانون امتیاز احمد خان صدر، مستعصم مالک طور جنرل سیکرٹری اور انکے رفقاء کی کامیابی سے عدل وانصاف کا بول بالا ہوگا۔ چیئرمین پروفیشنل لائرز گروپ رانا خلیل احمد خان اور جنرل سیکرٹری طاہر عمران کولارنے نومنتخب صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن امتیاز احمد خان اور جنرل سیکرٹری مستعصم مالک طور کو مبارکباد دینے کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر وکلاء کی کثیر تعداد نے بھی نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد دی اور پھولوں کے ہار پہنائے امتیاز احمد خان اور مستعصم مالک طور کو جوڈیشل کمپلیکس آمد پر وکلاء نے پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے اور ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈال کر استقبال کیا۔ رانا خلیل احمد خان اور طاہر عمران کولارنے اس امید کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نو منتخب صدر امتیاز احمد خان اور جنرل سیکرٹری مستعصم مالک طور بار اور بینچ کے تعاون سے انصاف کے تسلسل کو جاری رکھنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرینگے۔ نو منتخب عہدیداران وکلاء قابل اور قانون پر دسترس رکھنے والی ٹیم ہے

شہر میں نان بائی اور ہوٹل مالکان کی ملی بھگت سے کم وزنی روٹی اور نان کو مہنگے داموں فروخت کرنے کا سلسلہ جاری

مصطفی آباد (علی ملک) شہر میں نان بائی اور ہوٹل مالکان کی ملی بھگت سے کم وزنی روٹی اور نان کو مہنگے داموں فروخت کرنے کا سلسلہ جاری جبکہ ضلعی انتظامیہ ان کو مبینہ طور پر سرکاری ریٹوں پر عمل درآمد کروانے میں ناکام ہو گئی، تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ کی مبینہ غفلت کی وجہ سے شہر کے مختلف مقامات پر ہوٹل مالکان اور نان بائیوں کی جانب سے گرانفروشی کا سلسلہ عروج پر پہنچ گیا، کم وزن والا نان 25 سے 30 روپے جبکہ 100 گرام سے کم وزنی روٹی 15 سے 17 روپے میں فروخت ہو رہی ہے، سماجی حلقوں اور شہریوں کی کثیر تعداد نے احتجاج کرتے ہوئے ڈی سی قصور سے مطالبہ کیا ہے متعلقہ افسران کو گرانفروشی کی روک تھام کے عمل کو یقینی بنانے کیلئے فیلڈ میں بھیجا جائے اور روٹی اور نان کے وزن کو بھی چیک کروایا جائے۔

پنجاب بھر میں آئے روز تعلیمی اداروں کی بندش سے طالب علموں کا تعلیمی نظام بری طرح متاثر ہو رہا ہے

وزیرآباد (نامہ نگار) پنجاب بھر میں آئے روز تعلیمی اداروں کی بندش سے طالب علموں کا تعلیمی نظام بری طرح متاثر ہو رہا ہے اور اساتذہ کے لئے بچوں کے کورسز مکمل کروانا مشکل مرحلہ اختیار کر چکا ہے سکولوں میں چھٹیاں کم کرنے کے لئے میکانزم جلد تیار کر لیا جائے گا ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر تعلیم پنجاب راجہ سکندر حیات نے چیئرمین آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن و ماہر تعلیم ملک تشکیل احمد سے ملاقات کے دوران کیا وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا کہ کبھی سموگ کبھی پولیو اور دیگر کئی وجوہات پر اساتذہ کی ڈیوٹیاں لگا دی جاتی ہیں جس سے بچوں کے تعلیمی نتائج بھی متاثر ہوئے ہیں

غزہ میں اسرائیلی بربریت کی پشت پناہی امریکہ کر رہا ہے

مسلم ممالک میں حکمران بادشاہوں اور ڈکٹیٹروں کو سپورٹ کرکے بدلے میں امریکی اپنے عزائم پورے کرتے ہیں

وزیرآباد (نامہ نگار) غزہ میں اسرائیلی بربریت کی پشت پناہی امریکہ کر رہا ہے، مسلم ممالک میں حکمران بادشاہوں اور ڈکٹیٹروں کو سپورٹ کر کے بدلے میں امریکی اپنے عزائم پورے کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار جماعت اسلامی کے ضلعی امیر ناصر محمود کلیر نے وزیرآباد اسلامک سینٹر میں جماعت اسلامی کے ذمہ داران سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ آئی پی پیز کے ذریعہ پاکستانی عوام کا خون چوسنے والوں پر سابق تمام حکومتوں مسلم لیگ (ن) پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی نے دست شفقت رکھا آئی پی پیز مافیا کو جماعت اسلامی کی تحریک نے بھگا دیا ہے اور اب عوام کو بجلی کی قیمتوں پر ریلیف بھی لے کر دیں گے اس سلسلہ میں امیر جماعت اسلامی کے حکم کے مطابق آئندہ جمعہ 17 جنوری کو اسلامک سینٹر سے ریلی نکالی جائے گی اس موقع پر صابر حسین بٹ، رفاقت علی، رانا ارشد، جاوید مغل، عمران بٹ اور اظہر ڈار سمیت متعدد ذمہ داران موجود تھے انہوں نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی کی ممبرشپ مہم میں نوجوانوں کی بڑی تعداد نے حصہ لیا ہم نئے بننے والے ممبران کی تنظیم سازی اس ماہ مکمل کریں گے یونین کونسل کی سطح پر کارکنان و ممبران کے لیے اسٹڈی سرکل، اجتماعی مطالعہ اور ہفتہ وار پروگرامز کے انعقاد کے لیے بھی کوشاں ہیں امیر جماعت حافظ نعیم الرحمن کی جانب سے عوامی حقوق کے لیے از سر نو تحریک شروع کرنے کا خیر مقدم کرتے ہیں ان کا کہنا تھا کہ حکومت معیشت میں بہتری کے جھوٹے دعوے کر رہی ہے بہتری تب آئے گی جب مہنگائی کا جن قابو آئے گا عوام کو سستی بجلی پٹرول اور اشیائے خوردونوش ملیں گی اور نوجوانوں کو آسانی سے روزگار دستیاب ہوگا انہوں نے کہا کہ عوام کے فیصلے عوامی نمائندگان کو کرنے چاہئیں ملٹری آپریشن اور ملٹری کورٹس کوئی پائیدار حل نہیں سیاسی بنیادوں پر کسی کو قید رکھنا راست عمل نہیں۔

نجی تعلیمی ادارے معیار بہتر بنا کر انقلاب برپا کر سکتے ہیں

تعلیم کا 60 فیصد بوجھ اٹھانے والے نجی تعلیمی اداروں کو حکومت کی جانب سے خصوصی ریلیف دیا جانا چاہیے

وزیرآباد (نامہ نگار) نجی تعلیمی ادارے معیار بہتر بنا کر انقلاب برپا کر سکتے ہیں تعلیم کا 60 فیصد بوجھ اٹھانے والے نجی تعلیمی اداروں کو حکومت کی جانب سے خصوصی ریلیف دیا جانا چاہیے ان خیالات کا اظہار گوجرانوالہ چیمبر آف ایجوکیشن کے صدر عثمان رشید اور (APPOSA) کے صدر ندیم انور نے سرپرست پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن حاجی اشفاق وڑائچ کی جانب سے عشائیہ کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر چوہدری شاہد محمود ریاض چوہدری، چوہدری اختر، عثمان رحمان، صابر حسین بٹ، محمد فیاض بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ بلا جواز ٹیکسز، چیک اینڈ بیلنس کی نت نئی پالیسیز اور مختلف محکموں کی ادارہ جات پر یلغار سے معیار تعلیم متاثر ہو رہا ہے نجی تعلیمی ادارہ جات کو اپنا وجود برقرار رکھنے اور وقار کی بحالی کے لیے اتحاد و اتفاق کی سخت ضرورت ہے گوجرانوالہ کی تعلیمی تنظیموں نے ادارہ جات کو ہائی کورٹ سے متعدد معاملات میں ریلیف لے کر دیا ہے انہوں نے مزید کہا کہ تعلیمی بورڈز نجی تعلیمی ادارہ جات سے بھاری فیسیں وصول کر رہے ہیں جبکہ سرکاری ادارے اس سے مستثنیٰ ہیں جو ناقابل فہم بات ہے کہ کس طرح ایسے سیکٹر کو تختہ مشق بنایا جا رہا ہے جو حکومت کی شعبہ تعلیم میں 60 فیصد تک فراہمی تعلیم کے لیے معاون ہے انہوں نے کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ ہم شعبہ تعلیم میں خدمات انجام دے رہے ہیں اور بھاری بوجھ بانٹ رہے ہیں سرکاری ادارہ جات کی طرح ہمیں ہر سطح پر ریلیف دیا جائے اور خصوصاً اساتذہ جو کہ حساس طبع افراد ہوتے ہیں پر دوران تدریس بے جا مقدمات کے اندراج پر سخت پابندی عائد کی جائے۔

ڈی ایس پی سٹی ملک طارق سنگھا کی زیر قیادت امن وامان اور سکیورٹی کے پیش نظر فلیگ مارچ

ایوب چوک، بھکر روڈ، تھانہ صدر چوک، برجی چوک، گوجرہ روڈ، ریلوے روڈ سے ہوتا ہوا پولیس لائنز اختتام پذیر ہوا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر ڈی ایس پی سٹی ملک طارق سنگھا کی زیر قیادت امن وامان اور سکیورٹی کے پیش نظر مختلف شاہراہوں پر جھنگ پولیس نے فلیگ مارچ کیا فلیگ مارچ پولیس لائنز سے شروع ہو کر لائبریری چوک، ایوب چوک، بھکر روڈ، تھانہ صدر چوک، برجی چوک، گوجرہ روڈ، ریلوے روڈ سے ہوتا ہوا پولیس لائنز اختتام پذیر ہوا۔ فلیگ مارچ میں ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر، جملہ ایس ایچ اوز سٹی سرکل، شاہین اسکواڈز، ایلیٹ فورس اور ریسکیو 1122 شریک ہوئے۔ ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ فلیگ مارچ کا مقصد قانون پسند شہریوں کیلئے احساس تحفظ جبکہ قانون شکن عناصر کو سخت پیغام دینا ہے کہ امن وامان کی صورت حال کو برقرار رکھنے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کے لیے پولیس ہمہ وقت تیار ہے

بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 9.30 بجے سے دن 1.30 بجے تک 15 جنوری کو کوٹ سلطان، سرگودھا روڈ، کوٹ امیر، سوبھاگہ، کوٹ عیسیٰ شاہ، شاہ جیونہ ٹیکسٹائل ملز، رسول پور، کری والا، کلیرہ، کوٹ خان، شیخن، شاہ جیونہ، پیرکوٹ، نورے والا، دوسیرہ، مسن، کرن فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

مسلم لیگ (ن) اپنے دور اقتدار کے دوران عوام سے کئے گئے وعدوں کو عملی جامہ پہنانے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے

وزیرآباد (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے راہنما حسام وقار چیمہ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) اپنے دور اقتدار کے دوران عوام سے کیے گئے وعدوں کو عملی جامہ پہنانے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے، پاکستان کی ترقی وخوشحالی کے دشمن عناصر کو ملک کے عوام نشان عبرت بنا دینگے، آئندہ عوام کے سامنے اپنی کارکردگی رکھیں گے، مسلم لیگ (ن) کی کارکردگی اب عوام کے سامنے ہے، پی ٹی آئی کی سابق حکومت نے اپنے دور اقتدار میں ساڑھے تین سال تک قوم سے فراڈ کیا، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر حلقہ کے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کروں گی تعلیم صحت اور علاقہ کے بھر کے عوام کو صفائی ستھرائی کی سہولیات بہم پہنچائی جارہی ہیں

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر ڈی پی او آفس میں موک ایکسرسائز کا انعقاد کیا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات پر سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر ڈی پی او آفس میں موک ایکسرسائز کا انعقاد کیا گیا موک ایکسرسائز میں پولیس کے دستوں، ایلیٹ فورس، ریسکیو 1122، بم ڈسپوزل اسکواڈ و دیگر سکیورٹی افسران شریک ہوئے۔ موک ایکسرسائز میں دہشت گردوں کے فرضی حملے کو ناکام بنا کر انہیں منطقی انجام تک پہنچایا اور باحفاظت انخلا، محفوظ مقام پر منتقلی اور طبی امداد فراہم کرنے کے حوالے سے مشقیں کی گئیں اس موقع پر ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ فرضی مشقوں کا مقصد کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کیلئے فورس کو الرٹ رکھنا، مختلف اداروں کے باہمی تعاون اور کسی بھی ایمرجنسی صورتحال میں رسپانس ٹائم کو بہتر بنانا ہے۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ سپروائزری افسران پولیس افسران کو مزید الرٹ اور چوکس رہنے کی تاکید کریں اور شہر بھر میں موثر گشت کو یقینی بنائیں۔

کار اور ہائی ایس ویگن کے خوفناک تصادم کے نتیجہ میں معروف آرتھو پیڈک سرجن رائے خضر حیات بھٹی سمیت دو افراد موقع پر جاں بحق

جھنگ (بیورو رپورٹ) کار اور ہائی ایس ویگن کے خوفناک تصادم کے نتیجہ میں معروف آرتھو پیڈک سرجن رائے خضر حیات بھٹی سمیت دو افراد موقع پر جاں بحق جبکہ دو افراد زخمی ہو گئے حادثہ گوجرہ روڈ پر آشیانہ ملز کے قریب کراسنگ کرتے ہوئے تیز رفتاری کے باعث پیش آیا تفصیلات کے مطابق جھنگ کے معروف آرتھو پیڈک سرجن ڈاکٹر رائے خضر حیات بھٹی اپنی بیوی ڈاکٹر شائلہ خضر کے ہمراہ کار میں سوار ہو کر گوجرہ کی طرف جا رہے تھے کہ گوجرہ روڈ پر آشیانہ ملز کے قریب کراسنگ کرتے ہوئے سامنے سے آنیوالی تیز رفتار ہائی ایس ویگن کے ساتھ تصادم ہو گیا جس کے نتیجہ میں ڈاکٹر رائے خضر حیات بھٹی اور محلہ غوثیہ بھکر روڈ کے رہائشی 62 سالہ احمد علی موقع پر جاں بحق ہو گئے جبکہ ڈاکٹر شائلہ خضر اور تصور عباس زخمی ہو گئے معروف سرجن ڈاکٹر خضر حیات بھٹی کی ڈیڈ باڈی کو آشیانہ ملز کی پرائیویٹ ایمبولینس نے شفٹ کیا حادثہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 ٹیم بھی موقع پر پہنچ گئی جنہوں نے زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد اور احمد علی کی ڈیڈ باڈی کو ڈی ایچ کیو ہسپتال جھنگ منتقل کیا

جائز منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائیگی

روزمرہ استعمال کی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مصنوعی اضافہ کے حوالہ سے دوکانداروں کو گرفتار بھی کیا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی ہدایت پر ضلع بھر کے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے ناجائز منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کرتے ہوئے رواں ماہ کے دوران 29209 انسپکشنز کر کے 12 لاکھ 83 ہزار روپے سے زائد کے جرمانے عائد کئے جبکہ روزمرہ استعمال کی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مصنوعی اضافہ کے حوالہ سے دوکانداروں کو گرفتار بھی کیا گیا۔ اس حوالہ سے ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ صارفین کو روزمرہ استعمال کی اشیائے ضروریہ کی مقررہ نرخوں پر فراہمی ہماری ذمہ داری ہے۔ عوام کو ناجائز منافع خوروں کے رحم و کرم پر ہرگز نہیں چھوڑا جا سکتا۔ پرائس مجسٹریٹس کو روزانہ کی بنیاد پر مختلف علاقوں میں زیادہ سے زیادہ انسپکشنز کریں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ روزمرہ استعمال کی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مصنوعی اضافہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اس ضمن میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی روزانہ کی کارکردگی کو تسلسل کے ساتھ مانیٹر کیا جا رہا ہے۔

سٹی وزیرآباد اور گردونواح کے علاقوں میں آوارہ، خارش زدہ

زخمی کتوں کی بہتات نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا کر رکھ دی

وزیرآباد (نامہ نگار) سٹی وزیرآباد اور گردونواح کے علاقوں میں آوارہ، خارش زدہ، زخمی کتوں کی بہتات نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا کر رکھ دی، وزیرآباد کے گلی محلوں میں آوارہ کتے ٹولیوں کی شکل میں گھومتے لوگوں پر حملہ آور ہوتے ہوئے نظر آتے ہیں معمر افراد کا اندھیرے میں نماز کے وقت مسجد میں جانا محال ہو چکا ہے حصول علم کے لیے نکلنے والے ننھے منے طالبہ اور طالبات کتوں کے خوف سے سکول جانے سے پریشان ہیں کتوں کے آوارہ جھنڈوں سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا۔ شہر وزیرآباد و گردونواح کے 30 سے زائد دیہات کی روزمرہ خرید و فروخت کا مرکز ہونے سے روزانہ ہزاروں شہری روزمرہ معاملات کی غرض سے یہاں آتے ہیں۔ وزیرآباد کے تمام داخلی اور خارجی راستوں سمیت شہریوں کی آمدورفت کے تمام راستوں اور ہوٹلوں، ریسٹورانوں، پیزا شاپس، فروٹ چاٹ، گوشت کی دکانوں سمیت ہر جگہ آوارہ کتے بھیڑ بکریوں کے ریوڑوں کی شکل اختیار کیے ہوئے ہیں۔ کتوں کے بڑے بڑے جھنڈ شہریوں کیلئے وبال جان بن گئے ہیں جبکہ مارننگ واک، سکول جاتے بچوں اور نماز فجر ادا کرنے کے لئے جانے والے متعدد افراد پر کتوں کے حملے ریکارڈ کیے گئے ہیں۔ گزشتہ 1 سال میں ان آوارہ کتوں کے حملوں میں درجنوں شہری، کمسن طلباء و طالبات بچوں اور خواتین سمیت متعدد افراد زخمی ہو کر ہسپتال پہنچ چکے ہیں وزیرآباد کے شہری درجنوں قیمتی پالتو جانور جن میں چھترے، بکریاں اور بھیڑوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ محکمہ صحت کے حکام کو متعدد باران آوارہ اور خونی کتوں کے تلف کیے جانے کے بارے شکایت کی مگر محکمہ خواب خرگوش کے مزے میں مصروف جبکہ ان کتوں نے شہریوں کی زندگی کو عذاب اور خوف و ہراس میں مبتلا کیا ہوا ہے۔

جرم و سزا
CRIME
& COURT

محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی رانا عادل خالد کو بار الیکشن جیت پر مبارکباد

نومنتخب جائنٹ سیکرٹری نے بھرپور حمایت پر صدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کا شکریہ ادا کیا

سیالکوٹ (بیورو چیف سے) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے الیکشن 2025،2026 میں رانا عادل خالد ریکارڈ ووٹ حاصل کرنے کے بعد جائنٹ سیکرٹری منتخب ہو گئے ہیں جائنٹ سیکرٹری منتخب ہونے کے بعد رانا عادل خالد نے ساتھیوں کے ہمراہ کنوینئر اتحاد گروپ فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ سے الیکشن کے دوران بھرپور ساتھ دینے پر اظہار تشکر کرتے ہوئے ان کی رہائش گاہ پر انہیں پھولوں کے ہار پہنائے اور گلدستے پیش کیے جبکہ فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ ہائی کورٹس نے رانا عادل خالد کو جائنٹ سیکرٹری منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کی اور ان کی پوری ٹیم کا اپنی رہائش گاہ پر والہانہ استقبال کرتے ہوئے انہیں گلدستے پیش کیے اور پھولوں کی مالا پہنائی نومنتخب جائنٹ سیکرٹری رانا عادل خالد نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عظیم لیڈر محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی نے ہمارے سربراہ ہونے کی حیثیت سے جو کردار ادا کیا ہے

نارنگ منڈی کے خواب اور ان کی تکمیل

میاں محمد معظم نواز
نارنگ منڈی
03064690824
[redacted]

نارنگ منڈی کے ایک شہری نے پاسپورٹ کے حصول کیلئے درخواست دی پراسس مکمل کرنے کے بعد 7 ماہ 8 دن بعد اسے پاسپورٹ ملا اور وہ بھی پاسپورٹ انتظامیہ اور ہیڈ آفس کو متعدد بار کالیں اور میسجز کروانے کے بعد...

نارنگ منڈی ضلع شیخوپورہ کا قصبہ ہے جو پاسپورٹ آفس سے تقریباً 80 کلومیٹر دور ہے یہاں کے باسیوں کو پاسپورٹ بنوانے کیلئے تقریباً 160 کلومیٹر سفر کرنا پڑتا ہے سارا دن پاسپورٹ آفس میں خوار ہونے کے بعد بھی باری نہیں آتی یہاں تک کہ لوگوں کو درخواست دینے کیلئے تین تین دن بھی جانا پڑتا ہے اور پراسس مکمل ہونے کے بعد بھی پاسپورٹ ملتے ملتے 7 ماہ گزر جاتے ہیں

پچھلے دنوں ایک جاننے والے سے نارنگ کی بہتری کے حوالے سے بات ہو رہی تھی میں نے تجویز دی کہ اگر یہ فلاں کام ہو جائے تو شہریوں کی مزید بہتری ہو سکتی ہے تو وہ صاحب کہنے لگے کہ "یار بہت کوشش کر لی اس کیلئے پہلے نارنگ کو تحصیل بنواؤ پھر فوری ہو جائے گا"

نارنگ منڈی 150 سے زائد دیہات پر مشتمل ہے یہاں کم سے کم تحصیل لیول تک سہولیات ہونی چاہئیں آبادی اتنی بڑھ چکی ہے کہ یہاں پر موجود سرکاری وسائل سے استفادہ کرنا انتہائی مشکل ہے لاہور قریب ہونے کے باوجود ہمیں ضلع شیخوپورہ میں شامل کیا گیا ہے کسی بھی ضلعی دفتر تک پہنچنا انتہائی دشوار ہے وہاں پہنچتے پہنچتے سارا دن گزر جاتا ہے اور ضلع کی آخری باؤنڈری میں ہونے کی وجہ سے ضلعی افسران بھی اس قصبے کا رخ نہیں کرتے ایک شہری سے پاسپورٹ کے حصول میں درپیش مشکلات سے متعلق بات ہو رہی تھی بتا رہے تھے کہ 6 ماہ ہو گئے پاسپورٹ بنوانے کیلئے دیا ہے ابھی تک نہیں ملا اب اگر کسی نے مقدس مقامات کی زیارات کیلئے جانا ہو یا اچانک بیرون ملک جانا پڑے تو کیا 7،8 ماہ انتظار کرنا پڑے گا۔

جماعت اسلامی کے مرکزی رہنما چوہدری فرحان شوکت ہنجرا اسی علاقے سے تعلق رکھتے ہیں ان کی کاوش سے جماعت اسلامی پاکستان کے مرکزی نائب امیر لیاقت بلوچ نے 7 جنوری کو وزیر داخلہ پاکستان محسن نقوی کو خط لکھا اور اہلیان نارنگ کی اس مشکل کی جانب توجہ دلاتے ہوئے محسن نقوی کو تجویز دی کہ نارنگ منڈی کے قریب ترین پاسپورٹ آفس کی سہولت دی جائے یا نادرا دفتر میں پاسپورٹ ڈیسک قائم کیا جائے تاکہ نارنگ اور گردونواح کے لاکھوں افراد کو اس کے حصول کیلئے تگ و دو نہ کرنی پڑے اگر ایسا ہو جائے تو نارنگ منڈی اور ارد گرد کے 150 سے زائد دیہات اس سہولت سے مستفید ہوں گے۔

نارنگ میں جس طرف نظر دوڑائیں مسائل ہی مسائل ہیں آبادی کے تناسب سے وسائل موجود نہیں ہے کسی بھی سرکارے ادارے کو دیکھ لیں سہولیات کا شدید فقدان ہے آدھی سہولیات تو اپنی مدد آپ کے تحت حاصل کی گئی ہیں صاف پانی گھروں سے باہر لگے نل سے حاصل کر رہے ہیں اچھی تعلیم پرائیویٹ تعلیمی اداروں سے مل رہی ہے صحت کی سہولیات پرائیویٹ ڈاکٹروں اور میڈیکل سٹوروں سے ہی ملتی ہیں ہمارے ایک صحافی بھائی کہتے ہیں کہ "تنخواہ ویلے بیٹھنے کی ملتی ہے کام کرنے کے تو یہ لوگ پیسے لیتے ہیں" یہاں کے لوگوں کو سہولیات کب ملیں گی اس شہر کے بارے میں کوئی کب سوچنا شروع کرے گا منتخب نمائندے عوامی مشکلات کا ازالہ کرنے کی کوشش کیوں نہیں کرتے بہت سے سوالات ہیں جو نارنگ کی تعمیر و ترقی کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں۔

ہم سہولیات کے فقدان کا شور روزانہ مچاتے ہیں لیکن اونٹ کسی کروٹ بیٹھتا نظر نہیں آتا ہر الیکشن میں ہم نئے نئے خواب سجا لیتے ہیں لیکن ان خوابوں کو عملی جامہ پہنتے اگلا الیکشن آجاتا ہے لیکن خواب خواب ہی رہتے ہیں اس دفعہ بھی نارنگ واسیوں نے ڈھیروں سپنے سجائے لیکن ابھی تک انہیں حقیقت میں تبدیل ہونا نصیب نہیں ہوا امید پر دنیا قائم ہے امید ہے کہ تبدیلی آئے گی۔

اگر سہولیات حاصل کرنے کیلئے نارنگ منڈی کو تحصیل کا درجہ حاصل کرنا پڑے گا تو اس کا انتظار کرتے کرتے ہمارے بچے بھی بوڑھے ہو جائیں گے۔

صرف پاسپورٹ ہی نہیں ہر مسئلے کے حل کیلئے ہی پریشانی ہے شاید ہی کچھ ایسا ہو جو نارنگ منڈی کو براہ راست مل رہا ہو چلیں پاسپورٹ آفس سے ہی سہی کہیں سے ابتداء تو ہونی چاہیے۔

دوکان توڑنے اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر 13 ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دوکان توڑنے اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر 13 ملزمان کیخلاف مقدمہ درج موضع ملووالی کا اشفاق اپنی دوکان پر موجود تھا کہ اسی دوران ملزمان جاوید، ذاہد، حامد، عاصم، نبیل، قاسم، شمشیر، عادل، ناصر اور چار نامعلوم آگئے اور آتے ہی اس کی دوکان میں توڑ پھوڑ شروع کر کے سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے تشدد کا نشانہ بنانا شروع کر دیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

اشتہاری ملزمان پولیس کو چکما دیکر فرار ہونے میں کامیاب

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اشتہاری ملزمان پولیس کو چکما دیکر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ پولیس کو مطلوب اشتہاری ملزمان لیاقت، اجمل اور وقاص اس وقت سکھر نہر، گوسند کے اور جنڈو ساہی میں فرحان، زین اور ذوالفقار کیساتھ موجود ہیں پولیس نے اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مارا تو انہوں نے پولیس آگئی کا شور مچا دیا جس پر اشتہاری ملزمان پولیس کو چکما دیکر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے سینئر ترین رکن شیخ پرویز اختر گذشتہ روز دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے سینئر ترین رکن شیخ پرویز اختر گذشتہ روز دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ قبرستان گڑھی اعوان میں ادا کی گئی جس میں وکلاء سمیت تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

پولیس تھانہ سٹی نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 4 ملزمان کو ناجائز اسلحہ سمیت گرفتار کرلیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پولیس تھانہ سٹی نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 4 ملزمان کو ناجائز اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ سٹی نے فرحان علی ولد اصغر علی، قوم سیال، سکنہ پھلو چراغ شاہ کے قبضہ سے ریپیٹر 12 بور، اختر علی ولد محمد اشرف قوم سیال، سکنہ پھلو چراغ شاہ سے رائفل، حسن جمیل ولد محمد جمیل قوم ملک، سکنہ محلہ سراج گنج سے پسٹل 30 بور اور حمزہ یوسف ولد محمد یوسف قوم انصاری گل سکنہ جید کے سے پسٹل 30 بور برآمد کر کے انہیں گرفتار کر لیا۔

ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے نامزد امیدوار کی جیت پر ملک شہباز احمد اعوان کو مبارکبادیں

نومنتخب عہدیداران سیالکوٹ بار کی فلاح و بہبود کیلئے متحد ہیں۔ صدر عرفان اللہ وڑائچ

نومنتخب عہدیداران ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کو گروپ لیڈر ملک شہباز احمد اعوان ایڈووکیٹ ہائی کورٹس و وکلاء نمائندگان کی کثیر تعداد نے ضلع کچہری سیالکوٹ آمد پر بھرپور استقبال کیا۔ منوں پھولوں کی پتیاں نچھاور کرنے کیساتھ ڈھول کی تھاپ پر رقص کیا گیا اور نوٹوں کی برسات کی گئی واضع رہے کہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات 2025-26، عرفان اللہ وڑائچ 846 ووٹ لیکر صدر منتخب ہوئے۔ محمد افضال اسلم چوہدری 984 ووٹ لیکر سیکرٹری منتخب جبکہ چوہدری حسن اکرم 952 ووٹ لیکر نائب صدر منتخب، اور، رانا عادل خالد 830 ووٹ لیکر جوائنٹ سیکرٹری منتخب ہوئے ہیں۔ جیت کی خوشی میں وکلاء بار نے ایس اینڈ اے کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان اور نومنتخب صدر بار عرفان اللہ وڑائچ کو کندھوں پر اٹھا کر بار ہال پہنچایا۔

تھانہ حویلی لکھا پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) تھانہ حویلی لکھا پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن ایس ایچ او محمد سرور اور سب انسپکٹر راؤ خورشید احمد کی اپنی ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی ایک ملزم گرفتار ملزم کے قبضہ سے 10 کلو 700 گرام چرس برآمد ملزم کے خلاف مقدمہ درج تفصیلات کے مطابق تھانہ حویلی لکھا پولیس کا منشیات فروش گرفتار، ساڑھے دس کلو سے زائد منشیات برآمد تھانہ حویلی لکھا کا منشیات فروشوں کیخلاف بڑا کریک ڈاؤن ایس ایچ او محمد سرور اور راؤ خورشید احمد سب انسپکٹر کی اپنی ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی گرفتار ملزم محمد علی عرف ممی کے قبضہ سے 10 کلو 700 گرام چرس برآمد ملزم عرصہ دراز سے منشیات فروشی کے دھندہ میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ ہے گرفتار ملزم کیخلاف مقدمہ درج، تفتیش کا آغاز ڈرگ فری پنجاب مہم کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں،

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کرائم فری پنجاب

کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کرائم فری پنجاب کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈی ایس پی آرگنائزڈ کرائم یونٹ محمود الحسن کی زیرنگرانی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ اسٹنٹ سب انسپکٹر محمد عرفان نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے 2 رکنی ڈکیت گینگ کو سرغنہ سمیت گرفتار کر لیا۔ گرفتار چور گینگ ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کا مال مسروقہ اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ بھی برآمد کرلیا گیا۔ گرفتار ملزمان سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں اور پولیس کو 7 سے زائد مقدمات میں مطلوب تھے۔ گرفتار ملزمان میں عمران حیدر، اور عمران شامل ہیں جن سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ہیومن ریسورس، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مختلف جرائم میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جا رہا ہے۔ آپ کے علاقہ میں جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی کی صورت میں قریبی پولیس سٹیشن یا 15 پر اطلاع دیں۔

ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس میں

اشیائے خوردونوش کی نئی قیمتیں مقرر کردی گئیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی کے اجلاس میں اشیائے خوردونوش کی نئی قیمتیں مقرر کردی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلعی انتظامیہ کے افسران ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز رانا گلفام حیدر، انجمن تاجران اور صارفین کے نمائندے اجلاس میں شریک تھے۔ ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی نے متعدد اشیائے خوردونوش کی نئی قیمتیں مقرر کی دی جس میں دس کلو گرام آٹا کا تھیلا 855، 20 کلوگرام آٹے کا تھیلا 1710، چاول نیا 240 روپے، دال چنا باریک 300، دال چنا موٹی 320، دال مسور موٹی 260، دال ماش دھلی 460، دال ماش چھلکا 415، دال مونگ دھلی 370، سیاہ چنا 305، سفید چنا 265، بیسن 325، مٹن 1600، بیف 800، دہی 180 روپے کلو جبکہ دودھ فی لیٹر 170، روٹی 100 گرام 13 روپے، نان 120 گرام 20 روپے مقرر کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے دوکانداروں اور تاجروں کو ہدایت کی کہ اپنی دوکانوں پر نئی ریٹ لسٹیں نمایاں جگہوں پر آویزاں کریں اور جو دوکاندار مقرر کردہ نرخوں سے مہنگے داموں اشیائے خوردونوش فروخت کریگا اسکے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

متحدہ محاذ اساتذہ کے ضلعی چیئرمین ریاض احمد تارڑ نے کہا ہے کہ پینشن، گریجویٹی اور لیو انکیشمنٹ کے نوٹیفکیشن واپس لیے جائیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) متحدہ محاذ اساتذہ کے ضلعی چیئرمین ریاض احمد تارڑ نے کہا ہے کہ پینشن، گریجویٹی اور لیو انکیشمنٹ کے نوٹیفکیشن واپس لیے جائیں۔ رول 17-اے اور فیملی پینشن کے نئے نوٹیفکیشن منسوخ کیے جائیں۔ اداروں (سکولوں، ہسپتالوں، کالجوں، دیگر وفاقی و صوبائی محکمہ جات) کی نجکاری نہ کی جائے۔ بہتر اصلاحات لا کر قومی اثاثوں کو بچایا جائے۔ تمام کنٹریکٹ ملازمین (AEO's, SSE's، ڈیلی ویجز، ایڈہاک، کنٹیجنٹ، TLA) کو مستقل کیا جائے اور برطرف ملازمین کو بحال کیا جائے۔ اپ گریڈیشن (نیشنل ہیلتھ پروگرام، صوبائی ملازمین بشمول اساتذہ اور وفاقی ملازمین کو صوبائی طرز پر) دی جائے۔ پے اینڈ سروس پروٹیکشن دی جائے تنخواہوں میں تفریق (ڈسپیریٹی) کا خاتمہ کرتے ہوئے محروم ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے۔

ہوائی فائرنگ کرنے کے الزام میں پولیس تھانہ سٹی نے وکلاء سمیت پانچ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات میں جیت کی خوشی میں نکالی جانے والی ریلی میں ہوائی فائرنگ کرنے کے الزام میں پولیس تھانہ سٹی نے وکلاء سمیت پانچ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ ایف آئی آر کے مطابق بار الیکشن میں عثمان افضل چٹھہ کے پینل کی کامیابی میں نکالی جانے والی ریلی میں علی رضا، اویس عنصر، مرتضیٰ اکبر سمیت پانچ ملزمان نے ہوائی فائرنگ کی جس پر پولیس کی مدعیت میں تھانہ سٹی میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔

کمیر شریف میں پہلا ہسپتال جدید طرز تمام سہولیات سے آراستہ الشفا کلینک اینڈ سرجیکل سنٹر کمیر کا شاندار افتتاح کر دیا گیا

عارف والا (کرائم رپورٹر) کمیر شریف میں پہلا ہسپتال جدید طرز تمام سہولیات سے آراستہ الشفا کلینک اینڈ سرجیکل سنٹر کمیر کا شاندار افتتاح کر دیا گیا کمیر شریف میں جدید طرز کی تمام بنیادی سہولیات سے آراستہ ہسپتال الشفاء کلینک اینڈ سرجیکل سنٹر کمیر کا شاندار افتتاح کر دیا گیا افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی پیر سید خلیل الرحمٰن شاہ امیر اہلسنت صوبہ پنجاب تھے اور کمیر کی میڈیکل ایسوسی ایشن، صحافی برادری سمیت معززین علاقہ نے خصوصی شرکت کی تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک اور ہدیہ نعت سے کیا گیا

کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے ساہیوال شہر کے لئے لینڈ فل سائٹ کی تعمیر فوری شروع کرنے کی ہدایت کر دی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پراسے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے ساہیوال شہر کے لئے لینڈ فل سائٹ کی تعمیر فوری شروع کرنے کی ہدایت کر دی۔ لینڈ فل سائٹ سے کارپوریشن کا ایک دیرینہ مسئلہ حل ہو گا اور شہر سے روزانہ پیدا ہونے والا کوڑا کرکٹ جدید طریقوں سے ٹھکانے لگایا جا سکے گا۔ انہوں نے یہ ہدایت اپنے دفتر میں میونسپل کارپوریشن اور پسپ پروگرام کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کیں جس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن شیخ اشفاق احمد، پسپ پروگرام کے سٹی مینیجر محمد اسجد خان سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے عارف والا روڈ اور پاک پتن روڈ سے بھی تجاوزات ختم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ریڑھی والوں کو متبادل جگہ ضرور فراہم کی جائے تاکہ ان کا روزگار متاثر نہ ہو۔ انہوں نے دن کے اوقات میں دیپالپور بازار میں بڑی گاڑیوں خصوصاً لوڈرز کا داخلہ بند کرنے کے لئے بازار کے دونوں اطراف بیئرز لگانے کی ہدایت کی۔ کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید نے کہا کہ دھند کے موقع پر شہر کے تمام بڑے چوکوں میں لگائی گئی لائٹس کو فنکشنل رکھیں تاکہ شہریوں کو پریشانی سے بچایا جا سکے۔ انہوں نے پسپ پروگرام کے رکے ہوئے کاموں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ ٹھیکیداروں کے خلاف کاروائی کرنے کی بھی ہدایت کی۔

مہنگے داموں برائلر مرغی (گوشت) اور انڈے فروخت کرنے

والے دوکانداروں کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی ہدایات پر مہنگے داموں برائلر مرغی (گوشت) اور انڈے فروخت کرنے والے دوکانداروں کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری۔ مہنگے داموں مرغی کا گوشت اور انڈے فروخت کرنے پر 4 دوکانداروں کے خلاف مقدمات درج جبکہ متعدد دوکانداروں کو مجموعی طور پر 38 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے عوامی شکایات اور مہنگے داموں برائلر مرغی کا گوشت اور انڈے فروخت کرنے والے دوکانداروں کے خلاف بلاتفریق سخت کاروائیوں کی ہدایات کرتے ہوئے تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹوں، بازاروں کی چیکنگ کے احکامات جاری کیے۔ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے مہنگے داموں برائلر مرغی کا گوشت اور انڈے فروخت کرنے پر مختلف علاقوں میں کاروائیاں کرتے ہوئے چار دوکانداروں کے خلاف مقدمات درج کروا دیئے جبکہ متعدد دوکانداروں کو 38 ہزار روپے جرمانہ بھی کیا گیا۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

گمشدگی پاسپورٹ

میں مسمی محمد نواز ولد دوست محمد کا پاسپورٹ نمبری AZ9617471 کا پاسپورٹ کہیں گم ہوگیا۔ اگر کسی کو ملے تو درج ذیل پتہ پر ارسال کردے۔ محمد نواز ولد دوست بھیانوالہ تحصیل لالیاں ضلع چنیوٹ

بقیہ بقیہ جات 1

ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہنا تھا کہ عمران خان اور بشریٰ بی بی پر القادر ٹرسٹ کیس بنایا گیا، عمر ایوب القادر یونیورسٹی میں سیرت النبی ﷺ سکھائی جارہی ہے، نمل یونیورسٹی، شوکت خانم ہسپتال اور القادر یونیورسٹی بانی پی ٹی آئی نے بنائی، القادر ٹرسٹ کیس ایک بھونڈا کیس ہے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کا القادر ٹرسٹ سے کوئی لینا دینا نہیں، القادر ٹرسٹ ایک یونیورسٹی ہے، اس حکومت کو القادر ٹرسٹ پر بننے والی یونیورسٹی سے تکلیف ہوئی، یہ حکومت خود تو کچھ کر نہیں سکتی، اس لیے بھونڈا کیس بنا دیا اس کی سخت مذمت کرتے ہیں۔ رہنما تحریک انصاف نے کہا کہ خواجہ آصف فیصلہ آنے سے پہلے سب کچھ بتا رہے تھے، جج کا فیصلہ آنے سے پہلے اگر کابینہ کے پاس پہنچ جائے تو وہ منصفانہ فیصلہ نہیں ہوگا، حکومت کے سب ہمنوا کل شام سے شروع ہوگئے تھے، ان کے پاس فیصلے کی تحریر کہاں سے آئی، کیا آپ جج ہیں، آپ کی حیثیت کیا ہے، فیصلے کے بعد کوئی بات ہوتی ہے، یہ فارم 47 پر آئی حکومت ہے۔ عمر ایوب کا کہنا تھا کہ ملک میں کوئی ترقیاتی کام نہیں ہو رہا، آدھا سال گزر گیا ابھی تک پبلک سیکٹر کا 10 فیصد فنڈ جاری نہیں ہوا، احسن اقبال کیا کر رہے ہیں؟ احسن اقبال اپنا کام نہیں کر رہے، ایف بی آر کے لوگوں کو ایک ہزار گاڑیاں عنایت کی جائیں گی۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ انٹرنیٹ پر قدغن لگائی گئی، انٹرنیٹ کا بیڑا غرق کرکے آپ نے خاک ای گورننس کرنی ہے، کیا شارک نے صرف پاکستان کی کیبل کو کھانا ہے؟ نہ جانے شارک مچھلیاں پاکستان کی ہی تاریں کیوں کاٹتی ہیں؟ ان کا مزید کہنا تھا کہ لاکھوں کاروباری اور دیگر لوگ ملک سے باہر چلے گئے ہیں، ملک سے 14 ارب ڈالر 2 سالوں میں باہر چلا گیا ہے، ہم آئی ایم ایف سے ڈیڑھ ارب ڈالر کی بھیک مانگ رہے ہیں، پی آئی اے کی پرائیوٹائزیشن میں کھودا پہاڑ نکلا چوہا، اس وقت لارج اسکیل مینوفیکچرنگ زیرو ہے۔ سینیٹ میں قائد حزب اختلاف سینیٹر شبلی فراز بولے آج کہا گیا کہ فیصلہ سنانے کے وقت بانی پی ٹی آئی موجود نہیں تھے، بانی تو آپ کی قید میں ہیں، عدت اور توشہ خانہ کیس میں بانی کی غیر موجودگی میں فیصلہ سنایا گیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ نبی ﷺ کی زندگی کے بارے میں القادر یونیورسٹی کا سوچا، القادر یونیورسٹی کو کرپشن کا کیس بنا دیا گیا کہ آپ اس ملک میں اچھا کام نہیں کر سکتے، ہمارے حکمرانوں نے کوئی فلاحی کام نہیں کیا، اوورسیز پاکستانی کینسر جیسے مرض کیلئے فنڈنگ کر رہے تھے، انہوں نے پریشر ڈال کر فنڈنگ کو بھی متاثر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان پر بنائے سب کیسز سیاسی ہیں، القادر ٹرسٹ کیس پاکستانی عوام کے منہ پر تماچہ ہے، ان کو ہوش کے ناخن لینے چاہئیں، القادر ٹرسٹ کیس میں بانی کو سزا دی گئی تو پھر کوئی فلاحی کام نہیں کرے گا۔ شبلی فراز کا کہنا تھا کہ شوکت خانم ہسپتال میں عام پاکستانیوں نے فنڈنگ کی، شوکت خانم کے علاوہ کوئی ہسپتال نہیں جو کینسر کا مفت علاج کر رہا ہو، شوکت خانم عوامی فنڈنگ پر چل رہا ہے، عدت کیس اور القادر یونیورسٹی بھونڈے کیس ہیں، ایسی ہی حرکتوں سے ہمارا پاسپورٹ بھی پیچھے ہے۔ سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ جو کیس بنایا گیا ہے وہ رقم سپریم کورٹ میں جمع کرائی گئی، ریاست پاکستان کو اس تمام معاملے میں ایک پیسے کا نقصان نہیں ہوا بلکہ فائدہ ہوا، عمران خان اور بشریٰ بی بی اس معاملے میں ایک پیسے کا فائدہ نہیں ہوا۔ ان کا کہنا تھا کہ شوکت خانم ہسپتال 25 سالوں سے چل رہا ہے، اربوں روپے آئے ہیں، عمران خان نے پیسہ بنانا ہوتا تو شوکت خانم ہسپتال اور یونیورسٹی موجود تھی، القادر ٹرسٹ کیس وقعت نہیں رکھتا، اس کیس کا فیصلہ ہر جگہ زوال پائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 2

پٹیشن کی متفرق درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار تنظیم کے وکیل اظہر صدیق نے موقف اختیار کیا کہ عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی ہوئی ہے لیکن حکومت نے قیمت کم کرنے کے بجائے اس میں اضافہ کر دیا ہے۔ وکیل کے مطابق حکومتی اقدام بنیادی حقوق سے متصادم ہے۔ وکیل نے بتایا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا اثر روزمرہ کے اشیاء پر ہوگا اور خدشہ ہے کہ اس سے مہنگائی میں اضافہ ہوگا۔ وکیل نے استدعا کی کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 3

، عازمین حج کو بہترین سہولیات فراہم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان نے بتایا کہ حجاج کو منیٰ میں خصوصی جگہ دی جائے گی اور اس کے نرخ بھی کم ہوں گے، سعودی وزیر حج نے پاکستانی عازمین کو بہترین سہولیات کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی ہے۔ ترجمان کے مطابق سفرِ حج کو آرام دہ بنانے کے لیے 20 سے 25 دن کا مختصر پروگرام متعارف کرایا گیا ہے، عازمین کو مدینہ منورہ میں 4 سے 8 دن کی مدت کے لیے رہائش کا انتخاب کرنے کی سہولت ہوگی۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان کا کہنا تھا کہ عازمین کو مخصوص بیگ فراہم کئے جائیں گے جس میں پاکستانی پرچم، کیو آر کوڈ اور متعلقہ معلومات ہوں گی، موبائل ایپ پر عازمین حج کے لیے معلومات دستیاب ہوں گی۔

بقیہ بقیہ جات 4

اپنے سیل سے کمرہ عدالت میں ہی نہ پہنچ سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بیرسٹر سیف کے بیان پر رد عمل دیتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی والوں کی ڈیفینیشن کے مطابق کرپشن وہ ہوتی جو دولت ملک سے باہر جائے، منی لانڈرنگ کا پیسہ جو ملک میں آئے وہ حلال کرپشن ہوتی ہے۔ کیا منی لانڈرنگ کی رقم کی بندر بانٹ کے بدلے 458 کنال زمین 28 کروڑ نقدی اور پانچ قراط ہیرے کی انگوٹھی وصول کرنا کرپشن نہیں ہے؟ اگر یہ سب فائدے نہیں ہیں تو کیا لنگر خانے اور مسافر خانے فائدے ہوتے ہیں؟ چور کی داڑھی میں تنکا ہے اس لئے چور عدالت کے آگے آگے بھاگ رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرٹیفائیڈ جھوٹا، کرپٹ اور بددیانت شخص قوم کا خیر خواہ نہیں ہو سکتا۔ چوروں کا تیر احتساب سے زیادہ دیر نہیں بھاگ سکتا۔

بقیہ بقیہ جات 5

پھر شوکاز نوٹس جاری کردیا گیا۔ پی ٹی آئی رہنما شیر افضل مروت کو جاری نوٹس میں کہا گیا کہ آپ بغیر سوچے سمجھے بولتے ہیں جس کا نتیجہ پارٹی کو بھگتنا پڑتا ہے۔ شوکاز نوٹس میں شیر افضل مروت کو مخاطب کرتے ہوئے کہا گیا ہے آپ کے بیانات کے حوالے سے عمران خان کو آگاہ کیا گیا تھا، بانی چیئرمین کی ہدایت کے بعد پارٹی کی جانب سے رویہ بہتر کرنے سے متعلق شوکاز نوٹس جاری کیا گیا۔ شوکاز نوٹس کے مطابق شیر افضل مروت کو 7 دن کے اندر پارٹی کو تحریری طور پر جواب جمع کروانے کی ہدایت کی گئی ہے، مطلوبہ دنوں میں جواب نہ جمع کرنے کی صورت میں پارٹی پالیسی کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ دوسری جانب پی ٹی آئی رہنما شیر افضل مروت نے دوستوں کے مشورے پر ایک دو ہفتے الیکٹرانک میڈیا سے دور رہنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر جاری بیان میں انہوں نے میڈیا کے دوستوں سے گزارش کی کہ وہ کسی بھی پروگرام میں شامل ہونے پر اصرار نہ کریں۔ واضح رہے کہ 2024 میں بھی شیر افضل مروت کو شوکاز نوٹس جاری کیا گیا تھا۔ انہیں پی ٹی آئی رہنماؤں شبلی فراز اور عمر ایوب کے خلاف غیر ذمہ دارانہ بیانات دینے پر شوکاز نوٹس جاری کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 6

پارلیمانی سیکرٹری برائے موسمیاتی تبدیلی ایم این اے رانا احمد عتیق انور۔ ایم پی اے رانا طاہر اقبال پیر اشرف رسول صوبائی وزیر بلال یسین سمیت ارکان پارلیمنٹ ایم این ایز ایم پی ایز صوبائی افسران سمیت ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ ضلعی انتظامیہ کے افسران بھی اس موقع پر موجود تھے ۔ وزیر اعلی مریم نواز نے 100 خاندانوں کو گھروں کی الاٹمنٹ لیٹرز اور چابیاں دیں وزیر اعلی مریم نواز کا زہرہ ہومز / مسکن راوی کے معیار اور سہولتوں پر اظہار اطمینان . وزیر اعلی مریم نواز شریف کو زہرہ ہومز / مسکن راوی سے متعلق بریفنگ دی گئی کالا خطائی روڈ پر موضع نہرہ پور میں ابتدائی طور پر 100 مکانات تعمیر کیے گئے ہیں۔ زہرہ ہومز میں ہر گھر 400 مربع فٹ پر محیط ہے۔ زہرہ ہومز میں دو بیڈ روم، ایک باورچی خانہ، ایک باتھ روم اور صحن شامل ہے ۔ زہرہ ہومز کو ترین ای پی ایس سمارٹ پینل ٹیکنالوجی سے زلزلے سے محفوظ، توانائی کے لحاظ سے مؤثر اور ماحولیاتی طور پر پائیدار بنایا گیا۔ مسکن راوی کا ہر گھر 5 کلو واٹ کے سولر سسٹم سے چلایا جائے گا۔ کمیونٹی میں صاف پانی کے لیے آر او پلانٹ، ایک سکول، کھیل کے میدان، مسجد اور ڈسپنسری کی سہولتیں دی گئی ہیں۔ مسکن راوی ہاسنگ سکیم روڈا اور ای پی ایس سولوشنز پاکستان کی مشترکہ کاوش ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

دوبارہ کھل گئے تاہم پہلے روز سکولوں میں حاضری کم رہی۔ محکمہ سکولز ایجوکیشن کی جانب سے 23 دسمبر سے 10 جنوری تک موسم سرما کی تعطیلات دی گئی تھیں ۔ 11 جنوری کو ہفتہ اور 12 جنوری کو اتوار کی معمول کی تعطیلات کے باعث سکول (پیر) کے روز دوبارہ کھل گئے ۔

بقیہ بقیہ جات 8

جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت بھی پیر کو ملتوی کردی گئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت میں جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت جج امجد علی شاہ کے روبرو اڈیالہ جیل میں ہونی تھی، تاہم عدالت نے سماعت 15 جنوری تک ملتوی کردی۔ جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت اڈیالہ جیل میں زیر سماعت دیگر عدالتی امور اور سیکورٹی کے باعث ملتوی کی گئی، جس کے بعد اب آئندہ سماعت پر بیان ریکارڈ کروانے کے لیے استغاثہ کے 5 گواہان طلب کیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ نیب کے 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس کا فیصلہ آج سنایا جانا تھا، جس کی وجہ سے اڈیالہ جیل میں سیکورٹی سخت کر دی گئی تھی، جس کی وجہ سے جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت ملتوی کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

جبکہ ایٹن کے مقام پر لگنے والی آگ پر 27 فیصد قابو پا لیا گیا ہے۔ امریکی میڈیا کا کہنا ہے کہ لاس اینجلس میں آئندہ چند دن میں مزید تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق اکتوبر سے اب تک لاس اینجلس میں معمول سے بہت کم بارشیں ہوئی ہیں۔ میڈیا کی رپورٹس کے مطابق لاس اینجلس میں لگی آگ کو بجھانے کے لیے ہزاروں فائر فائٹرز مصروف ہیں، فی الحال مکمل طور پر نقصان کا اندازہ لگانا ممکن نہیں ہے۔ دوسری جانب میکسیکو اور کینیڈا کے بعد یوکرین کی جانب سے بھی لاس اینجلس میں لگی آگ کو بجھانے کے لیے مدد کی پیشکش کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 10

سماعت کی۔ دوران سماعت بشریٰ بی بی کے وکیل خالد یوسف چوہدری نے استثنٰی کی درخواست دائر کی۔ پراسیکیوٹر اقبال کاکڑ نے کہا کہ انہوں نے اپنے ضمانتی مچلکے ہی جمع نہیں کرائے۔ جج نے سوال کیا کہ آپ نے ابھی تک ضمانتی مچلکے کیوں جمع نہیں کرائے؟ وکیل خالد یوسف چوہدری نے جواب دیا کہ آج 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کا فیصلہ ہے، بشریٰ بی بی نے اڈیالہ جیل جانا ہے۔ جس پر جج نے کہا کہ عدالت کے حکم پر آپ عمل درآمد ہی نہیں کر رہے، آپ کی عبوری ضمانت کی 3 درخواستیں خارج کی جاتی ہیں۔ واضح رہے کہ بشریٰ بی بی پر 26 نومبر احتجاج پر تھانہ ترنول میں 2 اور تھانہ رمنا میں ایک مقدمہ درج ہے۔ دریں اثناء ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف ایک اور مقدمے میں عبوری ضمانت کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ بشریٰ بی بی کے خلاف ایک اور مقدمے میں عبوری ضمانت کی درخواست پر ایڈیشنل سیشن جج عامر ضیاء نے سماعت کی۔ بشریٰ بی بی کی جانب سے وکیل انصر کیانی عدالت میں پیش ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 11

کہا کہ یہ پیسے نہ بانی پی ٹی آئی کے اور نہ بشریٰ بی بی کے اکاؤنٹ میں ہیں۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ القادر ٹرسٹ میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو کوئی ذاتی فائدہ نہیں ہوا۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا نے کہا کہ کرپشن وہ ہوتی ہے جس میں پیسہ غیر قانونی طور پر بیرون ملک منتقل کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شریف اور زرداری خاندان کی طرح بانی پی ٹی آئی نے پیسہ بیرون ملک منتقل نہیں کیا۔ بیرسٹر سیف نے یہ بھی کہا کہ القادر یونیورسٹی ملک میں دینی اور عصری علوم کو فروغ دے رہی ہے جبکہ دیگر جعلی مقدمات کی طرح یہ مقدمہ بھی اپنے منطقی انجام کو پہنچے گا۔

بقیہ بقیہ جات 12

جسٹس منصور علی شاہ نے ریمارکس دیے یہ معاملہ آئین کی تشریح کا ہے اور موجودہ آئینی انتظام کے تحت اس بینچ کو یہ اختیار حاصل نہیں، لیکن سوال یہ ہے کہ کیا ہم سے دائرہ اختیار واپس لیا جاسکتا ہے؟ یہ عدلیہ کی آزادی کا سوال ہے، آرٹیکل 191 اے کے ذریعے عدالت سے دائرہ اختیار چھینا گیا ہے، اس عدالت کے اندر الگ بینچ کیسے بنایا جاسکتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ یہ عدلیہ کی آزادی اور اختیار کی شقوں سے متصادم ہے، ہم پہلے اس معاملے کو دیکھیں گے۔ دوران سماعت وکیل صلاح الدین نے موقف اختیار کیا کہ عدالت سے دائرہ اختیار نہیں چھینا جاسکتا، مارشل لا دور میں جب آئین معطل تھا تو عدالت نے اس طرح کے اقدامات کو قبول نہیں کیا، عدالت کے متوازی بنائے گئے ٹریبونلز کالعدم کیے گئے، جب بھی معاملہ دائرہ اختیار کا ہوتو عدالت نے سخت مزاحمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے عدلیہ کی آزادی کا دفاع کیا ہے۔ عدالت نے کیس کی سماعت 15 دن کے لیے ملتوی کردی، جسٹس منصور علی شاہ کی وکلا کو مکمل تیاری کیساتھ آنے کی ہدایت کردی۔

بقیہ بقیہ جات 13

سماعت 20 جنوری تک ملتوی کردی۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی جگہ ان کے نمائندے انوار حسین عدالت میں پیش ہوئے۔ لاہور کی اینٹی کرپشن عدالت میں حمزہ شہباز شریف کے وکلاء نے اپنے موقف میں کہا کہ حمزہ شہباز بیٹی کا چیک اپ کرانے ملک سے باہر گئے ہوئے ہیں، عدالت نے حمزہ شہباز کی حاضری سے استثنٰی کی درخواست منظور کرلی۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھی 16 دسمبر کو سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز عدالت کے روبرو پیش نہیں ہوئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 14

کہا ہے کہ آج بانی پی ٹی آئی سے کوئی ملاقات نہیں ہو سکی۔ علیمہ خان نے اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا ہے کہ آج القادر کیس میں بانی پی ٹی آئی کو سزا ہونی تھی، ہمیں ساڑھے 10 بجے کا وقت دیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 15

آئندہ ہفتے لاہور آئیں گے، ایک ہفتہ قیام کے دوران بلاول بھٹو زرداری لاہور سمیت صوبہ بھر کے پارٹی رہنماؤں سے ملاقاتیں کریں گے ۔ بتایا گیا ہے کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری مختلف رہنماؤں اور جیالوں کے گھروں میں بھی جائیں گے اور لاہور کی تنظیم نو کے حوالے سے اہم فیصلے کریں گے، بلاول بھٹو مسلم لیگ (ن) کے ساتھ پاور شیئرنگ کے معاملے پر صوبائی قیادت سے مشاورت بھی کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 16

اکرم راجہ نے سابق جج پر مشتمل الیکشن ٹریبونل کو چیلنج کر دیا۔ درخواست میں سابق جج لاہور ہائیکورٹ رانا زاہد محمود پر مشتمل الیکشن ٹریبونل پر اعتراض اٹھایا گیا ۔ سلمان اکرم راجہ نے درخواست میں کہا ہے کہ ایک ہی وقت میں ہائیکورٹ کے موجودہ اور سابق ججز پر مشتمل الیکشن ٹریبونل بنائے گئے۔ موجودہ ججز کے ساتھ سابق ججز پر مشتمل الیکشن ٹریبونل کی تشکیل عدلیہ کی آزادی کے خلاف ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

گوئیوں کی وجہ سے مشہور منظور وسان نے اپنے بیان میں پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین اور پارٹی سے متعلق پیش گوئی کی ہے۔ میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے پی پی رہنما منظور وسان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اب آہستہ آہستہ اپنے مطالبات سے پیچھے ہٹیں گے اور ریلیف لینے کی کوشش کریں گے۔ بانی پی ٹی آئی کے مطالبات کسی بھی صورت نہیں مانے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے جو پہلے مطالبات کیے تھے، ان سے بھی وہ پیچھے ہٹ جائیں گے۔ بانی پی ٹی آئی کا جو گزشتہ سال پریشر تھا، وہ نئے سال میں نظر نہیں آ رہا ہے۔ بانی پی ٹی آئی کی اور پارٹی کی پوزیشن کم ہوتی نظر آرہی ہے۔ منظور وسان نے مزید کہا کہ اگر بانی پی ٹی آئی کے حق میں ٹرمپ نے کچھ کہا تو پھر ہم بھی ان کو Absolutely Not کہیں گے۔ اب انٹرنیشنل حالات بدل چکے ہیں، کوئی کسی کے پریشر میں نہیں آئے گا۔ انہوں نے پیش گوئی کی کہ میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کو مختلف گروپس میں تقسیم ہوتے دیکھ رہا ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 18

نے بتایا ہے کہ تربت کے علاقے جوسک میں دھماکے کی تحقیقات کی جارہی ہیں۔ دھماکے کے بعد پولیس نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ سی ٹی ڈی اور دیگر تحقیقاتی ادارے دھماکے کی نوعیت اور دھماکا خیز مواد کا تعین کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 19

کردیئے۔ پیر کو سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق سینیٹر اعجاز احمد چوہدری سینیٹ کے اجلاس میں شرکت کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 20

اڈیالہ جیل میں کیس کی سماعت کی، ملزمان کے وکلاء عدالت تاخیر سے عدالت پہنچے جس پر عدالت نے سخت برہمی کا اظہار کیا۔ احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کے خلاف 190 ملین پاؤنڈ کا فیصلہ اڈیالہ جیل میں سنانا تھا۔ احتساب عدالت کے جج 9 بجے سے کمرہ عدالت میں موجود تھے تاہم عمران خان، بشریٰ بی بی اور ان کے وکلا کمرہ عدالت میں نہیں پہنچے۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو دوبار پیغام بھیجا لیکن وہ نہیں آئے اور نا ہی بشریٰ بی بی یا ان کے وکلا کی طرف سے کوئی پیش ہوا۔ عمران خان کی جانب سے کہا گیا کہ جب تک میری فیملی یا وکلا میں سے کوئی نہیں آجاتا تو میں کمرہ عدالت میں نہیں آؤں گا۔ نیب پراسیکیوٹر چوہدری نذر، نیب لیگل ٹیم کے ممبران عرفان احمد، سہیل عارف اور اویس ارشد، احتساب عدالت اسلام آباد کا عملہ اور بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کے وکلا سلمان اکرم راجا ایڈووکیٹ اور دیگر بھی جیل پہنچے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 21

۔ تفصیلات کے مطابق بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے بارے میں تازہ اعداد وشمار سے پتا چلتا ہے کہ نااہلیوں سے بھری ڈسکوز گردشی قرضوں میں سالانہ 600 ارب روپے سے زائد کا اضافہ کر رہی ہیں جو کہ اب بڑھ کر 2.467 ٹریلین روپے ہو گیا ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت کے اعلیٰ حکام بجلی کی وصولی اور چوری کے نقصانات کو روکنے میں بری طرح ناکام رہے ہیں اور 92.44 فیصد سے زائد وصولی کے دعوؤں کے باوجود ڈسکوز گردشی قرضے میں ماہانہ 50 ارب روپے کا اضافہ کر رہی ہیں۔ ڈسکوز کے معاملات دیکھنے والے عہدیدار کا بتانا ہے کہ صارفین سے بجلی کے بل کی وصولی میں مجموعی ریکوری میں بہتری ظاہر کرنے کے لیے ہر سال اوور بلنگ کے ذریعے 10-15 فیصد ریکوری ڈسکوز کے ذریعے کی جاتی ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ ڈسکوز بھی نجی اور سرکاری شعبے کے صارفین سے اپنے واجبات کی وصولی میں ناکام رہی ہیں جو اگر 2021 میں 1.189 ٹریلین روپے کی وصولیوں سے موازنہ کیا جائے تو اب 69.64 فیصد بڑھ کر 2.017 ٹریلین روپے ہوگئے ہیں تاہم اگر 2023 میں 1.727 ٹریلین روپے کی وصولیوں سے موازنہ کیا جائے تو ڈسکوز کے کل واجبات 16.79 فیصد زیادہ ہیں جو گردشی قرضے سے صرف 467 ارب روپے زیادہ ہیں۔ خبر کے مطابق مسلسل نادہندگان، جن میں بڑی سیاسی اور صنعتکار شخصیات شامل ہیں، ڈسکوز کے 1.094 ٹریلین روپے کے مقروض ہیں اور وہ رقم جو سسٹم کو مسلسل ڈیفالٹرز سے وصول کرنی ہے 2023-24 میں 194 ارب روپے بڑھ کر 1.094 ٹریلین روپے ہوگئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 22

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا تنویر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی سوچ ٹھیک ہوگی تو ان کے معاملات بھی ٹھیک ہوں گے، عمران خان دوغلی پالیسی کے ذریعے دھوکا نہیں دے سکتے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ دشمن طاقتیں بانی پی ٹی آئی کے ذریعے پاکستان کے خلاف سازش کررہی ہیں، جھوٹ پھیلانا پی ٹی آئی کی عادت ہے، عمران خان سیاسی نہیں سنگین مجرم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 2017 میں نواز شریف کے خلاف سازش نہ ہوتی تو پاکستانی پاسپورٹ مضبوط ترین ہوتا۔

بقیہ بقیہ جات 23

پروٹیکشن فورس کی بھرتی کا عمل رواں ماہ کے آخر تک مکمل کرلیا جائیگا۔ ذرائع نے بتایا کہ صوبائی کابینہ نے بھرتیوں اور محکمہ خزانہ نے فنڈز کی منظوری دے دی ہے جس کے تحت 399 اہلکاروں کو ڈیڑھ سال کے کنٹریکٹ پر بھرتی کیا جائیگا جبکہ بھرتیاں ریجنل پولیس افسر کوہاٹ کریں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ اہلکاروں کی عمر کی حد 45 سال تک مقرر کی گئی ہے، فورس میں 350 سپاہی اور 49 حوالدار بھرتی کیے جائیں گے، بھرتیاں سکیورٹی فورسز اور ایف سی کے سابق اہلکاروں سے کی جائیں گی، اسپیشل پروٹیکشن فورس کو جدید اسلحہ بھی فراہم کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ کرم میں کشیدگی کے باعث ٹل پاراچنار شاہراہ 3 ماہ تک بند رہی اور 3 ماہ بعد پہلا امدادی قافلہ چند دن قبل سخت سکیورٹی میں کرم کے متاثرہ علاقوں میں پہنچا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 24

کے باعث ٹل سے اپر کرم کے لیے کھانے پینے کے سامان کا دوسرا قافلہ اب تک روانہ نہ ہوسکا۔ خوراک اور دواؤں کی قلت سے عوام اور تاجر پریشان ہیں۔ تاجر رہنماؤں نے پیر تک کانوائے نہ لانے کی صورت میں بھرپور احتجاج کا اعلان کیا ہے۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ ڈیڑھ سو ٹرک تین ہفتوں سے کھڑے ہیں، سبزیاں خراب ہو رہی ہیں، مرغیاں مر رہی ہیں، کرایہ کئی گنا بڑھ چکا۔ لوئر کرم کے علاقے مندوری میں مظاہرین نے مطالبات کی منظوری تک دھرنا دے رکھا ہے۔ مشیر صحت خیبر پختونخوا کا کہنا ہے کہ 15 لاکھ مالیت کی ایمرجنسی ادویات ایم ایس صدہ کے حوالے کر دی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 25

اور انضمام کی پالیسی منظور کرتے ہوئے وزارت کے 7 اداروں کو ختم کرنے اور 9 اداروں کو صوبوں میں ضم کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق حکومت کی رائٹ سائزنگ کمیٹی کا وزارت خوراک کے 16 ذیلی اداروں سے متعلق بڑا فیصلہ سامنے آیا ہے اور کابینہ ڈویژن نے وزارت خوراک کے 16 ذیلی اداروں کو ختم، صوبوں میں منتقل اور انضمام کی پالیسی منظور کرلی ہے۔ سرکاری دستاویز کے مطابق وزارت کے 7 اداروں کو ختم کرنے اور 9 اداروں کو صوبوں میں ضم کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے، اس اقدام سے وزارت کے موجودہ ڈھانچے کے تناسب سے 30 فیصد کمی ہوگی۔ وزارت خوراک نفاذ کا منصوبہ 20 جنوری 2025 تک رائٹ سائزنگ کمیٹی کو پیش کرے گی، وزارت کی خالی اسامیوں کو مکمل طور پر ختم کردیا جائے گا اور وزارت کے افسران کے تناسب کو موجودہ 3 گنا سے کم کرکے 2.5 گنا کردیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 26

پاکستان پر کوئی امریکی پریشر نہیں ہے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 190 ملین پاؤنڈ کیس کا فیصلہ 3 مرتبہ ملتوی ہوا کیسز کے فیصلے عدالتوں نے کرنا ہیں، حکومت نے نہیں، انہیں 9 مئی اور 26 نومبر کو ملکی مفاد کیوں یاد نہیں تھا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم کئی سال سے چارٹر آف ڈیموکریسی کا کہہ رہے ہیں، ہمیں توقع کرنی چاہیے کہ مذاکرات کامیاب ہوں، مذاکرات میں کامیابی ملک کے مفاد میں ہے، ہم آپس میں لڑتے رہے اور بھارت کی معیشت ہم سے 12 گنا ہوگئی۔ ہم خود بھی چاہتے ہیں مذاکرات میں مثبت بات چیت ہو، پاکستان نے تو امریکی پریشر قبول نہ کرکے ایٹمی دھماکے کیے تھے، پاکستان پر کوئی پریشر نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

میں واقع مارخور پوائنٹ گہریت کنزرویٹو میٹی کی حدود میں اسپین کے باشندے کرسٹین پیلو آبیلو گامیزو نے کشمیری مارخور کا پرمٹ شکار کیا۔ اس پرمٹ کے لیے 2 لاکھ 19 ہزار امریکی ڈالر فیس جمع کی گئی تھی، جسکی پاکستانی رقم میں 6 کروڑ 12 لاکھ 57 ہزار روپے بنتی ہے۔ مارخور کی عمر 9 سال، سینگوں کی لمبائی 41.5 انچ تھی ۔ شکار کی رقم کا 80 فیصد مقامی کمیونٹی کے ترقیاتی منصوبوں، جبکہ 20 فیصد سرکاری خزانے میں جمع ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 28

گزشتہ کاروباری ہفتے کے اختتام پر انڈیکس 1 لاکھ 13 ہزار 247 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 29

سماعت کر رہا تھا۔ فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت شروع ہوئی تو وزارتِ دفاع کے وکیل خواجہ حارث نے دلائل دینے شروع کیے۔ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ مناسب ہوگا کل تک اپنے دلائل مکمل کرلیں، کونسے مقدمات فوجی عدالتوں کو منتقل ہوئے اور کیوں ہوئے اس کو مختصر رکھیے گا، ججز کے اس حوالے سے سوالات ہوئے تو آخر میں اس کو بھی دیکھ لیں گے۔ وکیل خواجہ حارث نے موقف اپنایا کہ سپریم کورٹ نے آرمی ایکٹ کی سیکشن 59(4) کو بھی کالعدم قرار دیا ہے، جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ آرمی ایکٹ میں کئی جرائم کا ذکر بھی موجود ہے، ایکٹ کے مطابق تمام جرائم کا اطلاق فوجی افسران پر ہوگا۔ وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ سویلینز کا ٹرائل آرمی ایکٹ کی سیکشن 31D کے تحت آتا ہے، جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ سیکشن 31D تو فوجیوں کو فرائض کی انجام دہی سے روکنے پر اکسانے سے متعلق ہے۔ وکیل خواجہ حارث نے کہا کہ فوجی عدالتوں کو آئین نے بھی تسلیم کیا ہے، جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ فوجی عدالتوں میں کیس کس کا جائے گا یہ دیکھنا ہے، جسٹس مسرت ہلالی نے ریمارکس دیے کہ آئین تو بہت سے ٹربیونلز کی بھی توثیق کرتا ہے، دیکھنا صرف یہ ہے کہ کونسے کیسز کہاں اور کیسے سنے جاسکتے ہیں، مسئلہ یہاں پروسیجر کا ہے ٹرائل کون کرے گا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ کیا سویلین کا ملٹری ٹرائل کورٹ مارشل کہلاتا ہے، خواجہ حارث نے کہا کہ ملٹری کورٹس میں کورٹ مارشل ہی ہوتا ہے، جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ اگر کوئی آرمی آفیسر آئین کو معطل کرتا ہے تو کیا سزا ہے، آرمی ایکٹ میں کیا آئین معطل کرنے کی سزا ہے۔ آئین کا آرٹیکل 6 ہر قانون پر فوقیت رکھتا ہے، آرمی ایکٹ میں حلف کی خلاف ورزی کی سزا ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ عدلیہ مارشل لاء کی توثیق کرتی رہی، کیا غیر آئینی اقدام پر ججز بھی آرٹیکل 6 کے زمرے میں آتے ہیں۔ جسٹس محمد علی مظہر نے ریمارکس دیے کہ پرویز مشرف کیس میں ججز کے نام لیے گئے تھے، سنگین غداری ٹرائل میں بعد ازاں ججز کے نام نکال دیے گئے۔ اس کے ساتھ ہی سپریم کورٹ نے ملٹری کورٹس کیس کی سماعت منگل تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 30

پاکستانی سفیر کی ملاقات یقینی بنانے کی ہدایت کردی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں امریکا میں قید ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی اور وطن واپسی سے متعلق کیس کی سماعت جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے کیس کی سماعت کی۔ ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کے وکیل عمران شفیق عدالت میں پیش ہوئے، ایڈیشنل اٹارنی جنرل منور اقبال دوگل دوسری عدالت میں ہونے کے باعث پیش نہ ہو سکے، وزیراعظم شہباز شریف کے عافیہ صدیقی کی رہائی کے خط کا امریکا نے تاحال کوئی جواب نہیں دیا۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ عافیہ صدیقی کیس سے متعلق آئندہ ہفتہ اہم ہے ، وزارت خارجہ ڈاکٹر فوزیہ صدیقی سے تعاون کرے۔ دوران سماعت عدالتی حکم کے باوجود وزیر اعظم کے بیرون ملک دوروں کا ریکارڈ پیش نہ کیا جاسکا، 20 دسمبر کو وزیر اعظم کے بیرون ملک دوروں کی تفصیلات جمع کرانے حکم دیا تھا۔ نمائندہ وزارت خارجہ نے عدالت سے استدعا کی کہ سیکریٹری خارجہ چین میں ہیں اس لیے تفصیلات جمع نہیں کروا سکے، وقت دیا جائے، عدالت نے وزیر اعظم کے بیرون ملک دوروں کی تفصیلات جمع کرانے کے لیے اگلے ہفتے تک مہلت دے دی۔ ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کے وکیل عمران شفیق نے کہا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی بہن ڈاکٹر فوزیہ صدیقی امریکا پہنچ گئی ہیں، ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کی تاحال امریکا میں تعینات پاکستانی سفیر سے ملاقات نہیں ہوسکی۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ وزارت خارجہ ڈاکٹر فوزیہ صدیقی سے امریکا میں پاکستانی سفیر کی ملاقات یقینی بنائے، عدالت نے عافیہ صدیقی کیس کی سماعت 24 جنوری تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 31

عقیدت و احترام سے منایا جائے گا۔ اس سلسلہ میں مساجد، امام بارگاہوں سمیت مختلف مقامات پر خصوصی محافل و تقاریب کا اہتمام کیا جائے گا جن میں علماء و خطیب حضرات خلیفہ چہارم حضرت علی المرتضیٰؓ کے فضائل بیان کرتے ہوئے دین اسلام کی آبیاری کیلئے پیش کی گئی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔ علاوہ ازیں پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے سیرت حضرت علیؓ اور فضائل اجاگر کیے جائیں گے۔ ولادت باسعادت امیر المومنین حضرت علی اور یوم تاسیس جامعہ عروۃ الوثقیٰ کی مناسبت سے بڑھ کے خیبر سے ہے معرکہ غزہ و فلسطین آج منگل کے روز منعقد ہوگی جس کی صدارت علامہ سید جواد نقوی کریں گے۔ اجتماع میں ملک بھر سے پیروان حیدر، جید علمائے اسلام اور معزز دانشور شریک ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 32

رہنما اور اپنے دیرینہ دوست راجہ سرفراز مرحوم کی پہلی برسی کے حوالہ سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا جس کی صدارت پیر سید ابن الحسن گیلانی سجادہ نشین دربار عالیہ بھگام شریف ملکوال ضلع منڈی بہاؤالدین نے کی راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ مرحوم راجہ سرفراز میرے بیٹوں کی طرف عزیز تھا پیار اور وفا کرنے والا شخص تھا اس کی کمی ہمیشہ رہے گی۔ اس جیسے مخلص اور ہمدرد لوگ اپنی نیکی، محبت اور دوسروں کے لیے کیے گئے اچھے کاموں کی وجہ سے دلوں میں زندہ رہتے ہیں، ان کی یادیں، اعمال ہمیشہ لوگوں کے دلوں پر نقش رہتے ہیں، اور دنیا انہیں عزت و احترام کے ساتھ یاد کرتی ہے، یہی اصل کامیابی ہے کہ انسان اپنے کردار اور اچھائیوں کی بدولت لوگوں کے دلوں میں جگہ بنائے۔ اس موقع پر صاحبزادہ پیر سید شبیہ الحسن گیلانی، سابق ایم پی اے راجہ طارق کیانی، ڈپٹی سیکرٹری قومی اسمبلی ولائت خان صدر پوٹھوہار یونین آف جرنلسٹس تحصیل گوجر خان احمد نواز کھوکھر، صدر مرکزی انجمن تاجراں راجہ محمد جواد، صدر میڈیا سنٹر اخبار یونین منیر احمد ملہوترہ، راجہ زاہد خورشید ایڈووکیٹ سید شبر عباس شاہ ایڈووکیٹ راجہ اسد ایڈووکیٹ محمد رمضان مرزا ایڈووکیٹ، طاہر راحیل اعوان ایڈووکیٹ ، ظفر محمود چشتی، سی ای او جنتری کالج راجہ محمد عاشر، ایس ایچ او ملک نذیر احمد گھیبہ، راجہ عمران کامی، چوہدری اعظم پرویز، راجہ امتیاز مٹھو، سابق ممبر ضلع کونسل راجہ حمید احمد سلیم، فیاض بٹ، قادر نواز قادری، راجہ کاشف کاشی آفیسر میونسپل کمیٹی چاند مبین، یاور منیر ملہوترہ راجہ توقیر کیانی سمیت کثیر تعداد میں موجود تھے ۔ آخر میں پیر سید ابن الحسن گیلانی نے مرحوم راجہ سرفراز کے لیے مغفرت اور عالم اسلام بالخصوص ملک پاکستان کی سلامتی اور استحکام کے لیے دعا کی۔ جبکہ راجہ سرفراز مرحوم کے بیٹوں راجہ عاقب، راجہ حمزہ ، راجہ سہراب و دیگر لواحقین نے تمام شرکا کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ بقیہ جات 33

درخواستوں پر سماعت کل (بدھ) کو ہو گی ۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شجاعت علی خان الیکشن ایکٹ 2022 کے تحت بلدیاتی انتخابات سے متعلق درخواستوں پر سماعت کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 34

تیزی سے کام جاری ہے ۔ دوسری جانب موٹروے پولیس کے ترجمان کا کہنا ہے کہ لاہور سیالکوٹ موٹر وے کو حد نگاہ میں بہتری کے بعد کھول دیا گیا ہے۔ موٹر وے پولیس کے ترجمان کا کہنا ہے کہ حد نگاہ میں بہتری کے بعد موٹروے ایم 2 کو لاہور سے ہرن مینار تک، موٹروے ایم 4 کو پنڈی بھٹیاں سے ملتان تک جبکہ موٹروے ایم 3 کو لاہور سے درخانہ تک ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 35

آزاد مجرمانہ تفتیش کار مقرر کیا ہے، سینئر وکیل نیوس کیکوس پولیس کی طرف سے کی جانے والی تحقیقات کی قیادت کریں گے۔ قبرص حکام کے مطابق دارالحکومت نکوسیا میں پولیس کو 24 سالہ پاکستانی شہری کی لاش 6 جنوری کو کھیت سے ملی تھی۔ پاکستانی شہری کو پولیس کے ہتھیار سے گولی مار کر ہلاک کیا گیا تھا، پوسٹ مارٹم کے مطابق پاکستانی شخص کی کمر کے دائیں جانب گولی کا زخم پایا گیا جبکہ ابتدائی فرانزک رپورٹ میں نوجوان کی ہلاکت میں مجرمانہ حالات کو مسترد کیا گیا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ افسران نے ایک واقعہ میں مشتبہ افراد کو روکنے، گرفتار کرنے کی کوشش میں گولیاں چلائی تھیں، واقعے کا تعلق غیر قانونی تارکین وطن کی اسمگلنگ سے تھا، پاکستانی شخص کی ہلاکت کا اس واقعے سے تعلق ہو سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

بلڈ بنک سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ سیف سٹی بلڈ بنک میں پنجاب پولیس کے 10 ہزار سے زائد جوان خود کو بطور ڈونر رجسٹر کروا چکے ہیں، بلڈ ڈونر ایجنسیز، این جی اوز، کالجز و یونیورسٹیز کے بلڈ بنکس کو سیف سٹی بلڈ بنک ڈیٹا بیس سے لنک کیا گیا ہے، شہری، سٹوڈنٹس، سول سوسائٹی ممبران خون کا عطیہ دینے کے لیے 15 کال یا ویب سائٹ پر خود کو بطور بلڈ ڈونر رجسٹر کروا سکتے ہیں، شہری تمام سرکاری ہسپتالوں میں قائم پولیس خدمت کاؤنٹرز پر خون کے حصول یا عطیہ کرنے کی درخواست بھی دے سکتے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ دوسروں کی زندگی بچانے اور تندرست رہنے کے لیے خون کا عطیہ دینا کامل عمل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

امپلانٹ کے لئے 19 لاکھ 60 ہزار روپے جاری، ٹریفک وارڈن زاہد محمود، ہیڈ کانسٹیبل صفدر اقبال، ڈرائیور کانسٹیبل گلزار احمد کو انکے بچوں کے علاج معالجے کے لیے اڑھائی لاکھ روپے فی کس جاری، کانسٹیبل محمد عمران کو بیٹی کے قوت سماعت کے علاج کے لئے 01 لاکھ 60 ہزار روپے سے زائد جاری، پاکپتن کے سب انسپکٹر محمد بلال کو 01 سالہ بیٹے کے علاج معالجے کے لئے ڈیڑھ لاکھ روپے جاری، لاہور کے کانسٹیبل رفاقت علی کو بیٹے کے علاج معالجے کے لئے 01 لاکھ 43 ہزار روپے دیئے گئے، پی ایچ پی کے سب انسپکٹر حسنین عباس، حافظ آباد کے خاکروب محمد یاسین کو بچوں کے علاج معالجے کے لئے 75 ہزار روپے فی کس جاری، کانسٹیبل وحید نور، کانسٹیبل حفیظ اکرم، کانسٹیبل کریم اکرم، سینٹری ورکر سلامت مسیح کو بچوں کے علاج معالجے کے لئے 02 لاکھ روپے سے زائد فنڈز جاری، ہیڈ کانسٹیبل عاطف بشیر، کانسٹیبل عبداللہ، اسسٹنٹ سپروائزر محمد عمران کو بچوں کے علاج معالجے کے لئے 01 لاکھ روپے سے زائد فنڈز جاری کیے گئے ۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے مذکورہ بالا رقم ویلفیئر مینجمنٹ کمیٹی کی سکروٹنی و منظوری کے بعد جاری کی۔ آئی جی ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پولیس ملازمین، انکے اہلخانہ کی تعلیم، صحت و دیگر ویلفیئر کیلئے وسائل میں مزید اضافہ کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 38

جاری کر دیئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق، لاہور کے اے ایس آئی رضوان یوسف کو قوت سماعت سے محروم 02 سالہ بیٹے کے کوکلیئر امپلانٹ کیلئے 19 لاکھ 60 ہزار روپے جاری کیے گئے۔ اسی طرح ٹریفک وارڈن زاہد محمود، ہیڈ کانسٹیبل صفدر اقبال، ڈرائیور کانسٹیبل گلزار احمد کو انکے بچوں کے علاج معالجے کے لیے اڑھائی لاکھ روپے فی کس جاری کیے گئے۔ کانسٹیبل محمد عمران کو بیٹی کے قوت سماعت کے علاج کیلئے 01 لاکھ 60 ہزار روپے سے زائد فنڈز جاری کیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 39

سے اچھائی کی کوئی امید نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی والوں نے بڑے بول بولے تھے، اللہ کو بڑے بول پسند نہیں، جن جن کے خلاف یہ باتیں کرتے تھے آج وہ ان کے سیاسی مسیحا بن گئے، مولانا فضل الرحمان کو پتا نہیں کیا کیا کہتے تھے آج ان کے پاؤں پڑے ہوئے ہیں، انہوں نے آج مولانا فضل الرحمان کو سیاسی مسیحا بنایا ہوا ہے۔ فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ یہ چاہتے ہیں ہمیں کوئی این آر او مل جائے، جو ان کے کرتوت ہیں ان کو این آر او نہیں ملنا، آپ سمجھتے ہیں کہ کرتوت ٹھیک تھے تو آپ کو سزا نہیں ملنی، اگر آپ کے کرتوت غلط تھے تو سماعت 5 بار بھی ملتوی ہو جائے سزا ملے گی، میں سمجھتا ہوں عمران خان القادر ٹرسٹ کیس میں ملوث ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 40

کے ہر میدان میں آپؓ بے نظیر نظر آتے ہیں، مصلہ نماز پر بہترین نمازی، میدان جنگ میں ناقابل شکست، میدان خطابت میں بے مثل خطیب میدان قضاوت میں بہترین قاضی، آپؓ کی تمام زندگی تربیت حضرت محمدؐ کی عکاس ہے، خدا تمام مسلمین و مسلمات کو امیر المومنین حضرت امام علیؑ کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ بقیہ جات 41

احکامات جاری کیے جبکہ اوکاڑہ کے کانسٹیبل عابد علی کے علاج معالجے کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر کو ریلیف کی ہدایت کی گئی۔ اسی طرح اوکاڑہ کے ڈرائیور کانسٹیبل جعفر علی ندیم کی علاج معالجے کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر کو ریلیف کی ہدایت کی گئی جبکہ لاہور کے کانسٹیبل عارف حسین کی سکالرشپ کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر کو ریلیف کے احکامات جاری کیے گئے ۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ سینئر ٹریفک وارڈن ناصر محمود کی سنیارٹی کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی پنجاب کو ریلیف کی ہدایت جاری کی۔ کانسٹیبل سید انوار الحسن کی مالی امداد کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر کو ریلیف کی ہدایت جاری کی گئی۔ اسی طرح ہیڈ کانسٹیبل عمران شہزاد کی ٹرانسفر کی درخواست پر ایڈیشنل آئی جی ٹریننگ کو ریلیف کی ہدایت جاری کی گئی۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ سینئر کلرک شاہنواز شوکت کی سرکاری فلیٹ کی درخواست پر برائے آئی جی ڈویلپمنٹ کو ریلیف کے احکامات جاری کیے گئے ۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ڈسپلن، ایڈمن، پروموشن اور ویلفیئر سے متعلقہ دیگر درخواستوں پر بھی احکامات جاری کیے ۔

بقیہ بقیہ جات 42

بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ ابتدائی طور پر گھروں سے کوڑا وصول کرنے کا آغاز نسبتاً پسماندہ علاقے کے ٹاؤن لاہور سے کیا گیا ہے۔ ڈور ٹو ڈور ویسٹ کولیکشن کا دائرہ کار مرحلہ وار تمام علاقوں تک وسیع ہوگا۔ ایل ڈبلیو ایم سی کو وزیر اعلی کا ویژن آگے بڑھانے پر مبارکباد دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور کی 25 یونین کونسلز میں ڈور ٹو ڈور ویسٹ کولیکشن شروع ہوگئی۔ ایل ڈبلیو ایم سی ہر روز 2 یا 3 یونین کونسلز کا اضافہ کرے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ انشااللہ 31 جنوری تک 100 یونین کونسلز اور وسط مارچ تک پورے لاہور کو اس دائرہ کار میں لائیں گے۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ ستھرا پنجاب ایک مہم نہیں بلکہ صفائی کی منظم تحریک کا نام ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ شہریوں کے تعاون کے بغیر کوئی تحریک کامیاب نہیں ہو سکتی۔ زندہ دلان لاہور سے اپیل ہے کہ شہر کو مثالی بنانے کیلئے حکومتی مساعی اور "مریم نواز کا پنجاب، ستھرا پنجاب" کے سلوگن کی کامیابی کے لئے بھرپور تعاون کریں۔ انہوں نے کہا کہ ضروری مشینری کی فراہمی کے بغیر صفائی کے اہداف حاصل نہیں ہوسکتے۔ اسی لئے وزیر اعلی کی جانب سے عملہ صفائی کو لوڈر رکشے اور ہینڈ کارٹس فراہم کر دی گئی ہیں۔ آپ کو سڑکوں، گلیوں اور محلوں میں کام ہوتا نظر آئے گا۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ ڈور ٹو ڈور ویسٹ کولیکشن پروگرام کے تحت ہر یونین کونسل میں آگاہی کیمپ بھی لگایا گیا ہے۔ بہتر نتائج کے لئے شہریوں میں آگاہی پمفلٹس بھی تقسیم کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صفائی کے لئے حکومت نے تمام درکار وسائل فراہم کرکے اپنی ذمہ داری پوری کردی۔ اب شہریوں کو بھی اس حوالے سے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ کوئی کام ناممکن نہیں ہوتا۔ ہم پنجاب کو ستھرا بنا کر دکھائیں گے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد خود تمام آپریشن کی نگرانی کر رہے ہیں۔ ہم سب مل کر وزیر اعلی مریم نواز کے ویژن کو پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ابھی آغاز ہے۔ جلد صورتحال بہتر ہو جائے گی۔ آؤٹ سورسنگ ماڈل ہی دنیا کے کئی ممالک میں کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ معمولی فیس کے عوض ایسا دیرپا نظام دیں گے کہ جسے آنے والی کوئی حکومت تبدیل نہ کر سکے۔ اس موقع پر وزیر اعلی کے معاون خصوصی ذیشان ملک نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام ایک گیم چینجر ہے جس کا کریڈٹ وزیر اعلی کو جاتا ہے۔ ہم سب نے اپنے گھروں کے ساتھ شہر کو خوبصورت بنانا ہے۔ ذیشان ملک نے کہا کہ لاہور کا کھویا ہوا حسن انشااللہ جلد دوبارہ بحال ہوگا۔ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت شہری شکایات کے ازالے کا موثر نظام بھی بنایا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

پر عائد ہوتی ہے اور وہ اپنی اس ذمہ داری کو ادا کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ انہوں نے ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کی غیرت کے نام پر خواتین کو قتل کرنے کے حوالے سے تازہ جاری شدہ رپورٹ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مزید کہا کہ جو حکومت شہریوں کی تحفظ اور امن وامان کی صورت حال کو کنٹرول نہیں کرسکتی وہ عوام کی کیا خدمت کرے گی۔ شہری شدید تشویش اور عدم تحفظ کا شکار ہو چکے ہیں، لاہور سمیت پنجاب میں منشیات کا کاروبار عروج پر پہنچ چکا ہے کمسن اور نوجوانوں کو منشیات کا عادی بنا کر نوجوانوں کے نسل کو تباہی کے دہانے پر کھڑا کر دیا ہے۔ پنجاب حکومت اور لاہور شہر کی انتظامیہ شہر میں منشیات کے کاروبار کا خاتمہ کرے تاکہ نوجوانوں کی نسل کو تباہی سے بچایا جا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ کرپٹ حکمرانوں نے ملک کے اربوں روپے لوٹ کر بیرون ملک اپنے ذاتی اکاؤنٹس میں چھپا رکھے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 44

والوں میں 3 بھائی بھی شامل ہیں۔ ڈی پی او کا کہنا ہے کہ پولیس کے لیے کام کرنے والے عثمان جانڈیو کا خاندان پولیس حفاظت میں ہے۔ عثمان جانڈیہ کی مخبری پر چند ماہ قبل اندھڑ گینگ کے سرغنہ سمیت کئی ساتھیوں کو پولیس مقابلے میں ہلاک کیا گیا تھا۔ واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے آر پی او بہاولپور رائے بابر سعید سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے ڈی پی او رحیم یار خان رضوان عمر گوندل کو فوری ملزمان کی گرفتاری کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او رحیم یار خان رضوان عمر گوندل اور پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچی جس نے کچے کے علاقے میں ڈاکوؤں کا پیچھا شروع کیا اور اس دوران فائرنگ کے تبادلے میں دو ڈاکو مارے گئے۔ ڈی پی او رضوان عمر گوندل کا کہنا ہے کہ معصوم افراد کے قتل میں ملوث ملزمان کو جلد کیفر کردار تک پہنچا دیا جائیگا۔

بقیہ بقیہ جات 45

رکن قومی اسمبلی رانا مبشر اقبال نے وزیراعظم محمد شہباز شریف اور وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے حلقے میں سیوریج اور کاچھا روہی پر ڈسپوزل سمیت یونین کونسل 241 گوالہ کالونی، تہایت، چندرائے ویلج، یونین کونسل 251 نگر، کاچھا، دپہ کا افتتاح کرتے ہوئے عوام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی سیاست کا مقصد بلاتفریق رنگ ونسل اور مذہب عوام کی خدمت کرنا ہے، وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان کا ہر مسئلہ حل ہوگا اور عوام کو خوشحالی ملے گی۔

بقیہ بقیہ جات 46

احتجاج کیا اطلاع ملتے ہی پولیس اور انتظامیہ کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ندیم ناصر کی ہدایت پر سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اسفند یار نے اپنی ٹیم کے ہمراہ نجی ہسپتال کا دورہ کیا اور ہسپتال اور اس میں موجود میڈیکل سٹور غیر رجسٹرڈ پایا گیا جبکہ ڈاکٹر صائمہ کی ڈگری نامکمل پائی گئی جس پر ہیلتھ ٹیم نے آپریشن تھیٹر اور میڈیکل سٹور کو سیل کر دیا۔

بقیہ بقیہ جات 47

کا اہتمام کیا۔ جس میں قونصل جنرل آف پاکستان مانچسٹر طارق وزیر، ممبر پارلیمنٹ ستارہ امتیاز پاکستان محمد افضل خان، برطانیہ کے معروف کاروباری و میڈیا گروپ کے ہیڈ ڈاکٹر لیاقت ملک، اوورسیز پاکستانیز ویلفیئر کونسل کے چیئرمین نعیم نقشبندی، راچڈیل کے میئر کونسلر شکیل احمد، راچڈیل کونسل کے ڈپٹی لیڈر کونسلر عدالت علی، برطانوی کراؤن کورٹ کے جج احمد ندیم اور برطانیہ بھر سے بیرسٹرز، سالیسٹرز، کونسلرز، میئرز، ڈاکٹرز، کاروباری شخصیات و کمیونٹی لیڈرز اور مسلم لیگ ن برطانیہ و اسپین اور ہانگ کانگ کے سینئر عہدیداران نے بھرپور شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 48

مسافر سجاد کو جعلی وزٹ ویزا پر عمان جاتے ہوئے ویزا سے متعلق سپورٹنگ دستاویزات نہ ہونے اور متعلقہ اتھارٹی سے ویریفکیشن نہ ہونے پر واپس بھیجا گیا۔ محمد عمران کو آذربائیجان کے ٹورزم ویزے پر جاتے ہوئے اخراجات کی مناسب رقم ایڈوانس ہوٹل بکنگ نہ ہونے پر سفر سے روک دیا گیا۔ محمد انیس کو وزٹ ویزا پر اٹلی جاتے ہوئے ایڈوانس ہوٹل بکنگ اور اخراجات کی مناسب رقم نہ ہونے پر آف لوڈ کیا گیا، نعمان مقصود کو بیٹن کے رہائشی ویزا پر جاتے ہوئے پروٹیکٹر اور متعلقہ دستاویزات نہ ہونے پر آف لوڈ کیا گیا۔ خاتون سدررا بی بی کو عمرہ ویزے پر سعودی عرب جاتے ہوئے ایڈوانس ہوٹل بکنگ اور اخراجات کے لیے مناسب رقم نہ ہونے پر روک دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 49

پر پبلک ٹرانسپورٹ کی وہی گاڑی چل سکے گی جسکی ڈیجیٹل فٹنس اور روٹ پرمٹ کلیئر ہوگا۔ ملاقات میں ملتان روڈ موٹر وے پر ٹرانسپورٹرز کے مسائل کے حل کے لیے تجاویز دی گئیں۔ ایس ایس پی موٹر وے عاطف شہزاد نے ٹرانسپورٹرز کو مسائل کے حل کی یقین دہانی بھی کرائی، ٹرانسپورٹرز کے وفد میں صدر پنجاب حاجی خالد، وائس چیئرمین لاہور چوہدری فلک شیر، میاں خان بلوچ اور دیگر ٹرانسپورٹرز رہنما موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 50

شکار روکنے کے لیے سخت نگرانی جاری رکھی جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلائنڈ انڈس ڈولفن ہمارا قومی ورثہ ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 51

محمود شیخ کے خلاف 12 مقدمات بارے رپورٹ دے چکے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 52

جزوی ابر آلود رہنے کی پیشگوئی کی گئی ہے، بالائی علاقوں میں کڑاکے کی سردی پڑنے کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لیہ، استور، گوپس، سکردو میں پارہ منفی 10 تک گر گیا، بگروٹ، کالام اور گلگت میں منفی 6 رہا۔

بقیہ بقیہ جات 53

کی اجازت دے دی گئی۔ امیگریشن حکام کے مطابق پاکستانی شہریوں کو مختلف خلاف ورزیوں اور الزامات کی بنیاد پر بے دخل کیا گیا۔ سعودی عرب سے بے دخل کیے جانے والے پاکستانیوں میں دو افراد کو بلیک لسٹ، ایک کو بھیک مانگنے، 9 افراد کو کفیل کی شکایات، 11 کو زائد المعیاد قیام، 7 کو پاسپورٹ گم ہونے اور دیگر 11 کو مختلف الزامات کے تحت واپس پاکستان بھیجا گیا۔ اس کے علاوہ سویڈن سے ایک اور امریکا سے دو پاکستانیوں کو غیر قانونی داخلے پر بے دخل کیا گیا، عمان سے ویزا معیاد ختم ہونے پر ایک پاکستانی، جبکہ متحدہ عرب امارات سے 3 افراد کو غیر قانونی قیام پر بے دخل کیا گیا۔ بیرون ملک سے 3 پاکستانی بچوں کو بھی بے دخل کیا گیا، جنہیں ایمرجنسی دستاویزات پر پاکستان واپس بھیجا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 54

استحکام اور ترقی کی خاطر کیا، سیاست صرف عزت اور عوام کی خدمت کے لیے کی ہے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کا یہ بھی کہنا ہے کہ کسی غریب کے ساتھ ظلم اور ناانصافی ہوئی تو اس کے ساتھ کھڑا ہوں گا۔

بقیہ بقیہ جات 55

اہم امور زیر بحث لائے گئے ۔ اجلاس میں پنجاب بھر سے پی ایم اے کے نمائندگان نے بھرپور حصہ لیا اور مندرجہ ذیل فیصلے کیئے گئے ۔ پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن پر دباؤ بڑھایا جائے کہ پی ایم اے پنجاب کی ٹیم کی جانب سے شب و روز کی محنت کے بعد مرتب کیئے گئے مجوزہ MSDS کو فوری طور پر منظور کیا جائے اور مفاہمتی عمل جاری رکھا جائے تاکہ ہیلتھ کیئر کمیشن اور ڈاکٹرز کے درمیان معاملات خوش اسلوبی سے طے پا جائیں اور ڈاکٹر برادری کو اس بات پر مجبور نہ کیا جائے کہ وہ احتجاج کا راستہ اختیار کریں۔ پی ایم اے کی طرف سے حکومت کے اس فیصلے کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی جس میں حکومت کی جانب سے اپنی مرضی کے مطابق پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کے کمشنرز مقرر کرنے اور ہٹانے کا اختیار دیا گیا ہے۔ اس طرح کے اقدامات سے PHCC کی خودمختار ادارے کی حیثیت متاثر ہوگی۔ اس اقدام کو پی ایم اے لاہور کی جانب سے لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کیا گیا تھا جس کا فیصلہ جلد متوقع ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے پوائنٹ آف سیلز (POS) نافذ کرنے اور اس پر عملدرآمد نہ کرنے کی صورت میں بھاری جرمانے عائد کرنے کے فیصلے کو پی ایم اے پنجاب کی صوبائی مجلس عاملہ نے یکسر مسترد کر دیا اور اس سلسلے میں حکومت پر دباؤ ڈال کر POS کو ختم یا مؤخر کروانے کی کوشش پر زور دیا۔ مزید برآں POS پر صرف صوبہ پنجاب میں عملدرآمد کو غیر منصفانہ قرار دیا۔ حکومت سے اپیل کی گئی کہ ڈاکٹرز اور طبی عملہ کے خلاف بڑھتے ہوئے پرتشدد واقعات کے پیش نظر ہیلتھ پروفیشنلز سیکیورٹی بل فوری نافذ کیا جائے۔ حکومت کی جانب سے ہیلتھ سیکٹر کی پرائیوٹائزیشن کو بھی مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 56

لاہور سمیت ملک بھر کے انڈسٹریل سیکٹر سے جڑے صنعتی و کاروباری حلقے کٹھن مرحلے سے باہر نکل سکیں۔ معاشی خوشحالی ترقی مہنگائی اور ٹیکسوں میں کمی صنعتکاروں کو میسر آسکے۔

بقیہ بقیہ جات 57

پر کتابیں فراہم کی جائیں گی۔ یہ منصوبہ پی آئی ٹی بی سے مل کر تیار کیا گیا ہے۔ لاکھوں کی تعداد کی ڈیجیٹل اور آڈیو کتابیں ملیں گی۔ سیکرٹری آرکائیو محمد خان رانجھا نے سکیم منظور کر لی ہے۔ محکمہ آرکائیو یہ سکیم پی اینڈ ڈی بورڈ کو ارسال کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 58

بھرے فیصلے دینے کی بجائے عمران خان کو انصاف دیا جائے اور قوم کے لیڈر کو باعزت بری کیا جائے۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ عمران خان کو اس لئے پابند سلاسل رکھا گیا ہے کہ انہوں نے قوم کو شعور کیوں دیا، ملک و آئین و قانون کے مطابق چلانے کی بات کیوں کی، غریبوں کے لئے شوکت خانم کینسر ہسپتال کیوں قائم کیا، تعلیم کے لئے نمل جیسا ادارہ کیوں بنایا، سیرت النبی پڑھانے کے لئے کیوں یونیورسٹی کے قیام کے لئے پیشرفت کی ۔ انہوں نے کہا کہ قوم القادر یونیورسٹی کا ایک بار ضرور چکر ضرور لگائے اور بتائے کہ اس تعلیمی ادارے کا مقصد کیا تھا، اس مقصد تھا کہ قوم کو اور دنیا کو سنت نبی سے روشناس کروایا جائے، ایسے فیصلے دلوانے والے حکمران اس ملک میں شعور اور علم کے سب سے بڑے دشمن ہیں کیونکہ وہ کم علمی اور جہالت کے سب سے بڑے بینیفشری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 59

کے مظالم سے لاکھوں فلسطینی شہید ہو چکے ہیں۔ اقوام متحدہ اور عالمی برادری اس ظلم وستم پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ اسرائیل کی طرف سے غزہ کے شہریوں کے خلاف جنگی جرائم جاری ہیں خوراک ادویات بنیادی ضروریات زندگی تک سے نہتے فلسطینی محروم ہیں۔ غزہ کا محاصرہ، شہریوں کے پینے تک کا پانی بند کرکے انہیں پیاس سے مارنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ خوراک کی فراہمی کے امکانات کو ہر طرف سے محاصرہ سخت کرکے ختم کردینا نہایت قابل مذمت ہے۔ غزہ میں بمباری سے بے گناہ نہتے فلسطینی خواتین بچے اور عام شہری نشانہ بن رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 60

اکاؤنٹس کے اضافے سے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کی تعداد 778713 ہوگئی، ان اکاؤنٹس میں جمع رقوم 9.342 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ اسٹیٹ بینک کے اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ سال دسمبر میں روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس میں 203 ملین ڈالر، نومبر میں 186 ملین ڈالر جمع ہوئے، ستمبر 2020 سے دسمبر 2024 کے دوران روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ میں سمندر پار پاکستانیوں نے مجموعی طور پر 9.342 ارب ڈالر جمع کرائے۔

بقیہ بقیہ جات 61

بنانے کیلئے ایل ڈبلیو ایم سی کے حوالہ 8 نئی گاڑیاں بھی کی گئی ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ انشاء اللہ حلقہ پی پی 153 میں صفائی ستھرائی کی اس مہم کو کامیاب بنائیں گے۔ تاریخ گواہ ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے اقتدار میں آ کر ہمیشہ عوام کی خدمت کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 62

چاہتی ہے اور اس پر زور دیتی ہے۔ سندھ نے ایک پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل تجویز کیا ہے، جس میں صوبائی حکومت آپریٹنگ کی نگرانی اور سماجی اور ماحولیاتی معیارات کی تعمیل کو یقینی بنانے میں فعال کردار ادا کرے گی۔ اسٹیل مل کی بحالی سے اسٹیل کی درآمد پر انحصار کم کیا جاسکتا ہے اور پائیدار صنعتی ایکو سسٹم کی تشکیل کی جاسکتی ہے، تاہم اسٹیل مل کی بحالی چیلنجوں سے بھرا ایک راستہ ہے۔ اسٹیل مل کی بحالی کیلئے 1 ارب ڈالر سے زیادہ سرمایہ کاری کی ضرورت ہے، جبکہ آپریشنل رکاوٹوں جیسا کہ گیس کی فراہمی، لیبر کے مسائل، ماحولیاتی مسائل وغیرہ سے نمٹنا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 63

دیتے ہوئے کہا کہ شہر میں ٹریفک پولیس و ضلعی انتظامیہ کی مشترکہ کارروائیاں جاری ہیں، شہر کے چوراہوں اور اہم سڑکوں کو تجاوزات کی تمام کیٹیگریز کے خاتمے کیلئے بھی عملی پلاننگ جاری ہے ۔ کمشنر لاہور نے محفوظ ٹریفک روانی کیلئے روڈ مارکنگ، زیبرا کراسنگ و سائینج کیلئے ٹریفک و ٹیپا پلاننگ کا جائزہ لیا اور ٹریفک فلو کو رواں رکھنے کیلئے ٹیپا کو جیل روڈ کے ایک ٹریفک یوٹرن کو ری وزٹ کرنے کی ہدایت کی۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ رنگ روڈ اتھارٹی لاہور و ٹریفک پولیس لاہور سروس لینز میں ٹریفک ڈسپلن کیلئے مشترکہ ورکنگ کریں۔ اجلاس میں مارکیٹس میں ٹریفک فلو کیلئے مختلف تجاویز بھی دی گئیں۔ اجلاس میں ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا، ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق، ڈی جی پی ایچ اے طاہر وٹو، سی ٹی او لاہور ڈاکٹر محمد اطہر وحید، چیئرپرسن لاہور رنگ روڈ اتھارٹی، ایڈیشنل کمشنر عبدالسلام عارف، ایڈیشنل کمشنر حامد ملہی، سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحب دین، چیف انجینئر ٹیپا اقرار حسین، سی او ایم سی ایل شاہد کاٹھیا، ایم ڈی واسا غفران احمد و پنجاب سیف سٹی اتھارٹی افسران نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 64

1010 گاڑیوں کی خریداری کے لیے 3 ارب روپے کی پیشگی ادائیگی کی جائے گی۔ 3 ارب روپے 500 گاڑیوں کی مکمل ادائیگی کے طور پر تصور کیے جائیں گے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ 500 گاڑیوں کی پہلی کھیپ کی ترسیل کے بعد بقیہ ادائیگی کی جائے گی۔ 1010 گاڑیوں کی ڈیلیوری جنوری سے مئی 2025 کے دوران کی جائے گی۔ پہلے مرحلے میں جنوری میں 75، فروری میں 200 گاڑیاں ڈیلور کی جائیں گی جب کہ مارچ میں 225 گاڑیوں کی ڈیلوری کی جائے گی۔ دوسرے مرحلے میں اپریل میں 250 اور مارچ میں 260 گاڑیاں ڈیلور کی جائیں گی۔ ترجمان ایف بی آر حکام کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ گاڑیوں کی خریداری ایف بی آر کے ٹرانسفارمیشن پلان کا حصہ ہے۔ یہ گاڑیاں فیلڈ افسران کی استعداد کار بہتر بنانے کے لیے لی جارہی ہیں۔ یہ گاڑیاں صرف فیلڈ افسران کے لیے ہوں گی۔

بقیہ بقیہ جات 65

فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق سکیورٹی فورسز سے شدید فائرنگ کے تبادلے میں 27 دہشت گرد جہنم واصل ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے، اسلحہ اور گولہ بارود کی بھاری کھیپ تباہ کردی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق مارے گئے دہشت گرد سکیورٹی فورسز اور معصوم شہریوں پر متعدد حملوں میں ملوث تھے، ہلاک دہشت گرد قانون نافذ کرنے والے اداروں کو انتہائی مطلوب تھے۔

بقیہ بقیہ جات 66

حکومت خود تو کچھ کر نہیں سکتی، اس لیے بھونڈا کیس بنا دیا اس کی سخت مذمت کرتے ہیں۔ رہنما تحریک انصاف نے کہا کہ خواجہ آصف فیصلہ آنے سے پہلے سب کچھ بتا رہے تھے، جج کا فیصلہ آنے سے پہلے اگر کابینہ کے پاس پہنچ جائے تو وہ منصفانہ فیصلہ نہیں ہوگا، حکومت کے سب ہمنوا کل شام سے شروع ہوگئے تھے، ان کے پاس فیصلے کی تحریر کہاں سے آئی، کیا آپ جج ہیں، آپ کی حیثیت کیا ہے، فیصلے کے بعد کوئی بات ہوتی ہے، یہ فارم 47 پر آئی حکومت ہے۔ عمر ایوب کا کہنا تھا کہ ملک میں کوئی ترقیاتی کام نہیں ہو رہا، آدھا سال گزر گیا ابھی تک پبلک سیکٹر کا 10 فیصد فنڈ جاری نہیں ہوا، احسن اقبال کیا کر رہے ہیں؟ احسن اقبال اپنا کام نہیں کر رہے، ایف بی آر کے لوگوں کو ایک ہزار گاڑیاں عنایت کی جائیں گی۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ انٹرنیٹ پر قدغن لگائی گئی، انٹرنیٹ کا بیڑا غرق کرکے آپ نے خاک ای گورننس کرنی ہے، کیا شارک نے صرف پاکستان کی کیبل کو کھانا ہے؟ نہ جانے شارک مچھلیاں پاکستان کی ہی تاریں کیوں کاٹتی ہیں؟ ان کا مزید کہنا تھا کہ لاکھوں کاروباری اور دیگر لوگ ملک سے باہر چلے گئے ہیں، ملک سے 14 ارب ڈالر 2 سالوں میں باہر چلا گیا ہے، ہم آئی ایم ایف سے ڈیڑھ ارب ڈالر کی بھیک مانگ رہے ہیں، پی آئی اے کی پرائیوٹائزیشن میں کھودا پہاڑ نکلا چوہا، اس وقت لارج اسکیل مینوفیکچرنگ زیرو ہے۔ سینیٹ میں قائد حزب اختلاف سینیٹر شبلی فراز بولے آج کہا گیا کہ فیصلہ سنانے کے وقت بانی پی ٹی آئی موجود نہیں تھے، بانی تو آپ کی قید میں ہیں، عدت اور توشہ خانہ کیس میں بانی کی غیر موجودگی میں فیصلہ سنایا گیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ نبی ﷺ کی زندگی کے بارے میں القادر یونیورسٹی کا سوچا، القادر یونیورسٹی کو کرپشن کا کیس بنا دیا گیا کہ آپ اس ملک میں اچھا کام نہیں کر سکتے، ہمارے حکمرانوں نے کوئی فلاحی کام نہیں کیا۔

بقیہ بقیہ جات 67

پٹیشن کی متفرق درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار تنظیم کے وکیل اظہر صدیق نے موقف اختیار کیا کہ عالمی منڈی میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی ہوئی ہے لیکن حکومت نے قیمت کم کرنے کے بجائے اس میں اضافہ کر دیا ہے۔ وکیل کے مطابق حکومتی اقدام بنیادی حقوق سے متصادم ہے۔ وکیل نے بتایا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا اثر روزمرہ کے اشیاء پر ہوگا اور خدشہ ہے کہ اس سے مہنگائی میں اضافہ ہوگا۔ وکیل نے استدعا کی کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 68

، عازمین حج کو بہترین سہولیات فراہم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ترجمان نے بتایا کہ حجاج کو منیٰ میں خصوصی جگہ دی جائے گی اور اس کے نرخ بھی کم ہوں گے، سعودی وزیر حج نے پاکستانی عازمین کو بہترین سہولیات کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی ہے۔ ترجمان کے مطابق سفرِ حج کو آرام دہ بنانے کے لیے 20 سے 25 دن کا مختصر پروگرام متعارف کرایا گیا ہے، عازمین کو مدینہ منورہ میں 4 سے 8 دن کی مدت کے لیے رہائش کا انتخاب کرنے کی سہولت ہوگی۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان کا کہنا تھا کہ عازمین کو مخصوص بیگ فراہم کئے جائیں گے جس میں پاکستانی پرچم، کیو آر کوڈ اور متعلقہ معلومات ہوں گی، موبائل ایپ پر عازمین حج کے لیے معلومات دستیاب ہوں گی۔

بقیہ بقیہ جات 69

کرنے کے مقدمہ میں سزا دی جارہی ہے، یہ کیس نہیں، یہ ایجنڈا ہے جس سے بانی اور پی ٹی آئی کو کوئی فرق نہیں پڑتا، یہ سب سیاست ہے، سزا سے پہلے کیا فرق پڑا تھا۔ بابر اعوان نے کہا کہ بشریٰ بی بی یا نوجوانوں کو جو ملٹری کسٹڈی میں بھی رہے، جو نوجوان ملٹری کسٹڈی میں رہے، معافی بھی نہیں مانگی، ان کا باہر نکلنے پر شاندار استقبال کیا گیا، جو کچھ ہو رہا ہے یہ کینگرو کارروائی ہے، ایسا مقدمہ جس کا فیصلہ جج نے سنانا ہے وہ سوشل میڈیا پر پہلے ہی سنایا جا چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نجومی سوشل میڈیا پر بانی پی ٹی آئی کی سزا کا اعلان کر رہے ہیں، کہہ رہے ہیں کہ اس مرتبہ بہت لمبا 72 صفحوں والا فیصلہ آئے گا، یہ کیسی عدالت ہے؟ ان کا کہنا تھا کہ یہ کیسا نظام انصاف ہے؟ سپریم کورٹ بھی اس پر خاموش ہے، یہ جلدی میں اس لیے ہیں کہ گلوبل اور ریجنل تبدیلیاں آرہی ہیں، عارضی نظام حکومت اور فرضی فارم 47 والوں کا کوئی مستقبل باقی نہیں رہا، ان کا ٹائم آگیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 70

پھر شوکاز نوٹس جاری کردیا گیا۔ پی ٹی آئی رہنما شیر افضل مروت کو جاری نوٹس میں کہا گیا کہ آپ بغیر سوچے سمجھے بولتے ہیں جس کا نتیجہ پارٹی کو بھگتنا پڑتا ہے۔ شوکاز نوٹس میں شیر افضل مروت کو مخاطب کرتے ہوئے کہا گیا ہے آپ کے بیانات کے حوالے سے عمران خان کو آگاہ کیا گیا تھا، بانی چیئرمین کی ہدایت کے بعد پارٹی کی جانب سے رویہ بہتر کرنے سے متعلق شوکاز نوٹس جاری کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 71

کے معیار اور سہولتوں پر اظہار اطمینان . وزیر اعلی مریم نواز شریف کو زہرہ ہومز / مسکن راوی سے متعلق بریفنگ دی گئی کالا خطائی روڈ پر موضع نہرہ پور میں ابتدائی طور پر 100 مکانات تعمیر کیے گئے ہیں۔ زہرہ ہومز میں ہر گھر 400 مربع فٹ پر محیط ہے۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب

دیپالپور/ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت محمد طفیل (متوفی) ولد فیض ساکن موضع چک چاندی داخلی محمد نگر تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع چک چاندی داخلی محمد نگر تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ محمد طفیل (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکا ہے۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ محمد اسلم، ارشاد بی بی پسر و دختر متوفی محمد طفیل ساکنان موضع چک چاندی داخلی محمد نگر تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت محمد طفیل (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور و تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

شہر میں ٹریفک پولیس و ضلعی انتظامیہ کی مشترکہ کاروائیاں جاری ہیں کمشنر کو بریفنگ

ضلعی انتظامیہ نے لاہور شہر میں فروری اور مارچ کے مہینے میں منعقد پروگرامز ہارس اینڈ کیٹل شو، چیمپئنز ٹرافی، ریجنل کانفرنس اور فیض فیسٹیول پروگرامز کے انعقاد بارے بریفنگ دی

کمشنر لاہور نے محفوظ ٹریفک روانی کیلئے روڈ مارکنگ. زیبرا کراسنگ و سائنیج کیلئے ٹریفک و ٹیپا پلاننگ کا جائزہ لیا، کمرشل ایریاز اور ڈومیسٹک ایریاز میں صفائی کے حوالے سے پلاننگ پر بریفنگ

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود کی زیر صدارت لاہور امور و اقدامات کیلئے کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ ضلعی انتظامیہ نے لاہور شہر میں فروری اور مارچ کے مہینے میں منعقد پروگرامز ہارس اینڈ کیٹل شو، چیمپئنز ٹرافی، ریجنل کانفرنس اور فیض فیسٹیول پروگرامز کے انعقاد بارے بریفنگ دی۔ کمشنر لاہور نے تمام پروگرامز کے انتظامات کیلئے مائیکرو پلاننگ کرنے کی ہدایت کردی۔ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے کمرشل ایریاز اور ڈومیسٹک ایریاز میں صفائی کے حوالے سے پلاننگ پر کمشنر لاہور کو بریفنگ دی گئی۔ ٹریفک پولیس و ضلعی انتظامیہ نے لاہور تجاوزات خاتمے کے حوالے سے بریفنگ (بقیہ نمبر 63)

کمشنر لاہور زید بن مقصود لاہور کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آئی جی پنجاب کا پولیس ملازمین کے بچوں کی بہترین ہیلتھ و ویلفیئر کا مشن جاری

لاہور سمیت مختلف اضلاع میں تعینات ملازمین کے سنگین بیماریوں کا شکار بچوں کے علاج معالجے کیلئے مزید 34 لاکھ روپے سے زائد فنڈز جاری

پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ کی تعلیم، صحت و دیگر ویلفیئر کیلئے وسائل میں مزید اضافہ کر رہے ہیں، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی گفتگو

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس ملازمین کے بچوں کی بہترین ہیلتھ و ویلفیئر کا مشن جاری رکھتے ہوئے لاہور سمیت مختلف اضلاع میں تعینات ملازمین کے سنگین بیماریوں کا شکار بچوں کے علاج معالجے کیلئے مزید 34 لاکھ روپے سے زائد فنڈز (بقیہ نمبر 38)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا پولیس ملازمین کے بچوں کی بہترین ہیلتھ و ویلفیئر کا مشن، 34 لاکھ روپے سے زائد فنڈز جاری

ن لیگ کی حکومت نے ہمیشہ عوام کی

خدمت کی، خواجہ سلمان رفیق

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے حلقہ پی پی 153 کی یوسی 150 میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے صاف ستھرا پنجاب پراجیکٹ کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ خواجہ سلمان رفیق نے لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران سے بریفنگ لی اور آگاہی واک کی قیادت بھی کی۔ خواجہ سلمان رفیق نے مختلف یونینز میں خود جا کر شہریوں کو صاف ستھرا پنجاب پراجیکٹ بارے آگاہی دی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ حلقہ پی پی 153 میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے صاف ستھرا پنجاب پراجیکٹ کے تحت مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق گلی محلوں کو صاف ستھرا رکھنا عزم ہے۔ صفائی ستھرائی کو یقینی (بقیہ نمبر 61)

سٹیل ملز کی بندش کا زرمبادلہ ذخائر اور توازن تجارت پر منفی اثر

سندھ حکومت اسٹیل ملز کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانا چاہتی ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹیل مل کی بحالی وفاقی حکومت اور سندھ حکومت کے درمیان بات چیت کا مرکزی موضوع بنی ہوئی ہے، یہ 2015 سے غیر فعال ہے، پاکستان اسٹیل مل کی بندش کا صنعتی شعبے پر منفی اثر پڑا ہے اور درآمدات پر انحصار بڑھتا جا رہا ہے، جس کی لاگت اربوں ڈالر سالانہ ہے، جو ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر اور تجارتی خسارے پر منفی اثر ڈال رہا ہے۔ وفاقی حکومت اسٹیل مل کی نجکاری کو ترجیح دیتی ہے، جبکہ سندھ حکومت اس کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت چلانا چاہتی ہے۔ سندھ حکومت نجی سرمایہ کاری کے حصول کے ساتھ ساتھ مقامی کمیونٹیز اور مزدوروں کی فلاح کو بھی ممکن بنانا (بقیہ نمبر 62)

آئی جی پنجاب کی پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات

آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین کے مسائل سنے، فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے احکامات جاری کیے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ لاہور کے اسسٹنٹ مظہر رفیق کی سکالرشپ کی درخواست پر ڈی آئی جی ویلفیئر کو ریلیف کے (بقیہ نمبر 41)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین اور انکے اہلخانہ سے ملاقات میں درخواستوں پر ریلیف کے احکامات جاری کر رہے ہیں

روزگار کی تلاش میں سکھر جانیوالے

3 نوجوان کچے کے ڈاکوؤں کے ہاتھوں اغوا

کراچی (این این آئی) کراچی سے سکھر جانے والے 3 نوجوانوں کو کچے کے ڈاکوں نے اغوا کرلیا، اہلخانہ کے مطابق اغوا کاروں نے رہائی کے بدلے 60 لاکھ روپے تاوان مانگا ہے، زنجیروں میں جکڑے نوجوانوں کی وڈیو وائرل ہونے پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کراچی کے رہائشی 3 نوجوانوں کو کچے کے ڈاکوؤں نے اغوا کرلیا، پولیس نے بتایا کہ تینوں مغوی کراچی کے علاقے گلبہار میں کارپٹ کی صفائی اور صوفوں کی مرمت کا کام کرتے ہیں،

محکمہ آرکائیو نے ای

لائبریری کا منصوبہ تیار کرلیا

لاہور (این این آئی) محکمہ آرکائیو نے ای لائبریری کا منصوبہ تیار کرلیا، سیکرٹری آرکائیو محمد خان رانجھا نے اسکیم کی منظوری دیدی۔ ای لائبریری منصوبے پر 80 کروڑ روپے لاگت آئے گی۔ عام ریڈر سکالر اور طلباء کو ای لائبریری (بقیہ نمبر 57)

امیر المومنین حضرت علیؓ کی زندگی ہمارے لئے مشعل راہ ہے، گل مرزا

زندگی کے ہر میدان میں آپؓ بے نظیر نظر آتے ہیں، صدر پاک چائنہ بزنس کمیونٹی

لاہور (سٹی رپورٹر) صدر پاک چائنہ بزنس کمیونٹی و چیئرمین انٹرنیشنل اسلامک کمیونٹی گل مرزا نے 13 رجب 1446ھ 14 جنوری 2025 یوم ولادت باسعادت برادر رسولؐ، زوج بتولؓ والد امام حسنؓ وامام حسینؓ مولود کعبہ حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالبؓ کی تمام عاشقان رسول کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امیر المومنین حضرت علیؓ کی زندگی ہمارے لئے مشعل راہ ہے، زندگی (بقیہ نمبر 40)

اسرائیل کے مظالم سے لاکھوں فلسطینی شہید ہو چکے، کاشف کھوکھر

فلسطین کو ظلم و بربریت سے نجات دلانا امت مسلمہ کا ایمانی اخلاقی انسانی فریضہ ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) صدر قصور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کاشف کھوکھر نے کہا ہے فلسطین کو ظلم و بربریت سے نجات دلانا امت مسلمہ کا ایمانی اخلاقی انسانی فریضہ ہے۔ اسرائیل (بقیہ نمبر 59)

عمران خان ڈیل پر یقین نہیں رکھتے، مسرت جمشید چیمہ

بغض سے بھرے فیصلے دینے کی بجائے عمران خان کو انصاف، باعزت بری کیا جائے

لاہور (سیاسی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ عمران خان ڈیل پر یقین نہیں رکھتے، القادر ٹرسٹ کیس کا فیصلہ ایک بار پھر موخر کر دیا گیا ہے جس سے واضح ہے عمران خان کی طرف سے نہ ڈیل مل رہی ہے اور نہ ڈھیل مل رہی ہے، بہتر یہی ہے بغض سے (بقیہ نمبر 58)

ایف بی آر کا 6 ارب روپے کی ایک ہزار سے زائد نئی گاڑیاں خریدنے کا فیصلہ

نئی گاڑیوں کی خریداری 2 مراحل میں ہوگی، جس کے لیے ایف بی آر مکمل رقم ادا کرے گا، 3 ارب روپے کی پیشگی ادائیگی کی جائے گی

3 ارب روپے 500 گاڑیوں کی مکمل ادائیگی کے طور پر تصور کیے جائیں گے، گاڑیوں کی خریداری ٹرانسفارمیشن پلان کا حصہ ہے، ترجمان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے 6 ارب روپے کے لگ بھگ مالیت کی ایک ہزار سے زائد نئی گاڑیاں خریدنے کا فیصلہ کیا ہے۔ دستیاب دستاویز کے مطابق ایف بی آر نے 1010 نئی گاڑیاں خریدنے کے لیے کمپنی کو لیٹر آف انٹینٹ لکھ دیا ہے، جن کی لاگت 6 ارب روپے سے زیادہ ہوگی۔ ایف بی آر کے خط کے مطابق نئی گاڑیوں کی خریداری 2 مراحل میں ہوگی، جس کے لیے ایف بی آر مکمل رقم ادا کرے گا۔ (بقیہ نمبر 64)

لاہور، صوبائی وزیر رانا سکندر ویٹرنری یونیورسٹی کے دورہ کے موقع پر پودا لگانے کے بعد دعا کر رہے ہیں

آئی جی پنجاب کا پولیس ملازمین کے

بچوں کی بہترین ہیلتھ و ویلفیئر کا مشن

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا پولیس ملازمین کے بچوں کی بہترین ہیلتھ و ویلفیئر کا مشن، لاہور سمیت مختلف اضلاع میں تعینات ملازمین کے سنگین بیماریوں کا شکار بچوں کے علاج معالجے کے لئے مزید 34 لاکھ روپے سے زائد فنڈز جاری کر دیئے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق لاہور کے اے ایس آئی رضوان یوسف کو قوت سماعت سے محروم 20 سالہ بیٹے کے کوکلیئر (بقیہ نمبر 37)

صوبائی وزیر رانا سکندر کا ویٹرنری یونیورسٹی کے راوی کیمپس پتوکی کا دورہ

صوبائی وزیر رانا سکندر حیات نے ملک بھر میں ویٹرنری یونیورسٹی کی تعلیم و تحقیق کی بدولت بڑھتی ترقی کو سراہا

لاہور (سٹاف رپورٹر): صوبائی وزیر برائے ہائیر ایجوکیشن پنجاب رانا سکندر حیات نے سابق ممبر قومی اسمبلی محمد حیات احمد خان اور ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب مسٹر محمود انور کے ہمراہ یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کے راوی کیمپس پتوکی کا دورہ کیا اور وائس چانسلر میریٹوریس پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس (تمغہ امتیاز) سمیت دیگر سینئر فیکلٹی ممبران سے ملاقات کی۔ دورہ کے دوران رانا سکندر حیات نے راوی کیمپس کے اے بلاک میں قائم پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم ایجوکیشنل کمپلیکس کے مختلف سیکشن لائبریری اور آڈیٹوریم کا دورہ کیا نیز ہریالی کو فروغ دینے کی غرض سے تمام معززین کے ہمراہ اکرم کمپلیکس کے سامنے پودا بھی لگایا جبکہ دیگر اہم شخصیات میں ڈین فیکلٹی آف اینیمل پروڈکشن اینڈ ٹیکنالوجی پروفیسر ڈاکٹر صائمہ، پرنسپل آفیسر راوی کیمپس پروفیسر ڈاکٹر ارشد جاوید سمیت دیگر فیکلٹی ممبران اور انتظامی افسران کی کثیر تعداد بھی اس موقع پر موجود تھی۔

ستھرا پنجاب: گھروں سے کوڑا جمع کرنے کا آغاز

وزیر اعلیٰ مریم نواز کے ستھرا پنجاب ویژن کے تحت کیا گیا ایک اور وعدہ پورا کر دیا گیا

وزیر بلدیات ذیشان رفیق اور وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی ذیشان ملک نے ڈور ٹو ڈور ویسٹ کولیکشن کا افتتاح کیا

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ مریم نواز کے ستھرا پنجاب ویژن کے تحت کیا گیا ایک اور وعدہ پورا کر دیا گیا ہے۔ وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق اور وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی برائے سیاسی امور ذیشان ملک نے صوبائی دارالحکومت میں گھروں سے کوڑا جمع کرنے کے پروگرام کا افتتاح کر دیا۔ نشتر ٹاؤن کے علاقے بینک سٹاپ میں ہونے والی تقریب میں سیکرٹری بلدیات شکیل احمد میاں، چیئرمین ایل ڈبلیو ایم سی ملک بلال ذوالفقار کھوکھر اور سی ای او بابر صاحب دین بھی موجود تھے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر (بقیہ نمبر 42)

لاہور: وزیر بلدیات ذیشان رفیق اور وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی ذیشان ملک گھروں سے کوڑا وصول کرنے کے پروگرام کا افتتاح کر رہے ہیں

ایک سال کے دوران غیرت کے نام پر 392 خواتین کا قتل تشویشناک، محمد جاوید قصوری

لاہور سمیت پنجاب میں منشیات کا کاروبار عروج پر پہنچ چکا ہے کمسن اور نوجوانوں کو منشیات کا عادی بنا کر نوجوانوں کے نسل کو تباہی کے دہانے پر کھڑا کر دیا ہے

جو حکومت شہریوں کو تحفظ فراہم اور امن وامان قائم نہیں کر سکتی اسے اقتدار میں رہنے کا حق نہیں، امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے مطابق 2024 میں 392 خواتین غیرت کے نام پر قتل ہوئی ہیں۔ یہ واقعات پنجاب میں 168، سندھ میں 151، خیبر پختونخوا میں 52 اور بلوچستان میں 19 رپورٹ ہوئے جبکہ صرف لاہور میں غیرت کے نام پر گزشتہ 14 برس کے دوران 132 خواتین کو موت کے گھاٹ اتارا گیا۔ خواتین کے حقوق اور آزادی کی ذمہ داری ریاست (بقیہ نمبر 43)

پی آئی اے کی یورپ کیلئے پروازیں شروع کرنا خوش آئند، سبیل اکرام

ہمیں چاہئے بحیثیت پاکستانی ہم پی آئی اے کا انتخاب کریں، سیاسی، سماجی رہنماء

لاہور (سٹی رپورٹر) پاکستان انٹرنیشنل ائرلائن کی یورپ کیلئے دوبارہ سے پروازیں شروع کرنا خوش آئند ہے۔ یورپ کی فضاؤں میں پھر سے ہلالی پرچم لہرائے گا۔ پاکستانیوں کیلئے یورپ آمدورفت میں آسانی ہوگی اور زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوگا۔ ہمیں چاہئے بحیثیت پاکستانی ہم پی آئی اے کا انتخاب کریں۔ ان خیالات کا اظہار معروف سیاسی سماجی رہنما ڈاکٹر سبیل اکرام نے اپنے دورہ یورپ سے واپسی پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل ائرلائن قومی اثاثہ ہے قومی اثاثے بیچنا قوم کو بیچنے کے برابر ہے۔ زندہ قومیں اپنے اثاثے نہیں بیچتیں بلکہ انھیں مضبوط کرتی ہیں۔

تعمیر و ترقی کا مشن تیزی سے

جاری ہے، رانا مبشر اقبال

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق تعمیر و ترقی کا مشن تیزی سے جاری ہے، پاکستان مسلم لیگ (ن) کی شبانہ روز محنت سے ملک ترقی کی جانب گامزن ہو گیا ہے، کسی بھی علاقے کی تعمیر و ترقی میں پختہ سڑکوں اور سیوریج کے نظام کا اہم کردار ہوتا ہے، حلقے میں جاری ترقیاتی منصوبے علاقے کی ترقی میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار (بقیہ نمبر 45)

فیصل آباد، نجی ہسپتال میں ڈلیوری کے دوران خاتون جاں بحق

ورثاء کا احتجاج، ڈپٹی کمشنر ندیم ناصر کا نوٹس، ہیلتھ ٹیم نے آپریشن تھیٹر اور میڈیکل سٹور کو سیل کر دیا

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد نجی ہسپتال میں ڈلیوری کے دوران خاتون جاں بحق، ورثاء کا احتجاج، ڈپٹی کمشنر ندیم ناصر کا نوٹس، ہیلتھ ٹیم نے آپریشن تھیٹر اور میڈیکل سٹور کو سیل کر دیا تفصیلات کے مطابق ڈی ٹائپ کے علاقہ میں النور ہسپتال میں ایک (س) نامی مریضہ کو ڈلیوری کے سلسلہ میں لایا یہاں پر ڈاکٹر کی غفلت سے خاتون موت کی آغوش میں چلی گئی، جس پر خاتون کے ورثاء نے (بقیہ نمبر 46)

ایم ڈی کیٹ، سوالنامے کے اجرا کی درخواست پر فریقین کو نوٹسز

سوال نامے کے بغیر سوالات کی جانچ ممکن نہیں، وکیل درخواست گزار کا موقف

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے ایم ڈی کیٹ کے امیدواروں کی سوالنامے کے اجرا سے متعلق درخواست پر آئی بی اے اور دیگر فریقین سے جواب جمع کروانے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت 20 جنوری تک ملتوی کردی۔ پیر کو سندھ ہائیکورٹ میں ایم ڈی کیٹ کے امیدواروں کی سوالنامے کے اجرا سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی۔ درخواستگزار کے وکیل نے موقف دیا کہ ایم ڈی کیٹ کے جوابات کی شیٹ فراہم کی گئی لیکن سوالنامہ فراہم نہیں کیا گیا۔ سوالنامہ کے بغیر سوالات کی جانچ ممکن نہیں ہے۔ ایم ڈی کیٹ میں غلطی یا سلیبس سے باہر کے سوالات کی موجودگی ممکن ہے

چیف کوآرڈی نیٹر اینڈ سینئر نائب صدر اور سینئر پاکستانیز بیرسٹر امجد ملک کو وائس چیئرمین اور سینئر پاکستانیز کمیشن پنجاب تعینات ہونے پر عشائیہ میں شرکاء کا گروپ فوٹو

آئی ایس ایس پی موٹروے عاطف شہزاد سے ٹرانسپورٹر کے وفد کی ملاقات

آن لائن فٹنس اور روٹ پرمٹ لازمی قرار دیئے جانے کے فیصلے پر تبادلہ خیال

لاہور (سٹی رپورٹر) ایس ایس پی موٹروے، سیکٹر کمانڈر این 5 سینٹرل ون لاہور عاطف شہزاد سے آل پاکستان پبلک ٹرانسپورٹ اونرز فیڈریشن کے صدر ملک ندیم حسین کی قیادت میں ٹرانسپورٹر کے وفد نے ملاقات کی، آئی جی موٹروے کی ہدایت پر ہونے والی ملاقات میں موٹروے پر آن لائن فٹنس اور روٹ پرمٹ لازمی قرار دیئے جانے کے فیصلے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ موٹروے اور آئی دے (بقیہ نمبر 49)

کراچی سے اٹلی، سعودیہ، قطر جاتے

ہوئے 13 مسافروں کو آف لوڈ کر دیا گیا

کراچی (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے امیگریشن سیل کے عملے نے کراچی ایئرپورٹ سے اٹلی، سعودی عرب، قطر، تنزانیہ اور دیگر ممالک جاتے ہوئے مزید 13 افراد کو آف لوڈ کر دیا۔ امیگریشن ذرائع کے مطابق عمرہ زائرین عبدالخالق، حق نواز، اکرام اللہ، سمیع اللہ، احسن اللہ کو ایڈوانس ہوٹل بکنگ اور اخراجات کی مناسب رقم نہ ہونے پر سفر سے روکا گیا۔ قطر جاتے ہوئے وسیم عباس کو ورک ویزے سے متعلق دستاویزات اقرا ین او سی نہ ہونے پر آف لوڈ کیا گیا، (بقیہ نمبر 48)

راولپنڈی، پی ٹی آئی کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ وکلاء کے ہمراہ اڈیالہ جیل آ رہی ہیں

رحیم یار خان، 4 شہریوں کو قتل کرنیوالے ڈاکوؤں کے فرار کی کوشش ناکام، 2 ہلاک

ڈاکوؤں کا تعاقب کر کے ان کا محاصرہ کیا گیا، اس دوران مقابلے میں دو ڈاکو مارے گئے

رحیم یار خان (این این آئی) پولیس نے خان پور کے چچہ عباسیہ کی بستی لاشاری پر حملے میں ملوث ڈاکوؤں کے فرار کی کوشش ناکام بنادی۔ ڈی پی او رحیم یار خان رضوان گوندل کے مطابق بستی لاشاری کے مکان میں فائرنگ کر کے معصوم شہریوں کا قتل کرنے والے ڈاکوؤں کا تعاقب کر کے ان کا محاصرہ کیا گیا، اس دوران مقابلے میں دو ڈاکو مارے گئے جن کی لاشیں قبضے میں لے لی گئی ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق اندھڑ گینگ نے عثمان چانڈیہ کے قریبی عزیزوں پر حملہ کیا تھا ڈاکوؤں کی فائرنگ سے مرنے (بقیہ نمبر 44)

فارم 47 کا طعنہ دینے والے فون کر کے مذاکرات کا کہہ رہے ہیں فیصل کریم کنڈی

یہ دہشتگردوں کے سہولت کار ہیں، جو ان کے کرتوت ہیں این آر او نہیں ملنا، فیصلہ عدالتیں کرینگی، گورنر خیبر پختونخوا کی پریس کانفرنس

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ تحریک انصاف والے کہتے تھے ان سے ہاتھ نہیں ملانا چاہتے یہ فارم 47 والے ہیں، آج یہ خود سپیکر کو فون کر رہے ہیں کہ جلدی جلدی مذاکرات کریں۔ پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی ڈائیلاگ پر یقین رکھتی ہے، ہم نے اتحادی جماعتوں کو ایک میز پر بٹھایا تھا، ہم آج بھی ڈائیلاگ کی حمایت میں ہیں لیکن مجھے اس مخلوق (بقیہ نمبر 39)

لاہور، امریکی قونصل جنرل کرسٹن ہاکنز شالامار ہسپتال میں ویمن ہیلتھ سینٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

امتیاز محمود شیخ کیخلاف مقدمات کی تفصیلات

کے متعلق درخواست پر سماعت آج ہوگی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں صدر پی ٹی آئی لاہور امتیاز محمود شیخ کے خلاف مقدمات کی تفصیلات سے متعلق دائر درخواست پر سماعت آج (منگل) کو ہوگی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس چوہدری محمد اقبال امتیاز محمود شیخ کی اہلیہ صائمہ امتیاز کی درخواست پر سماعت کریں گے۔ صائمہ امتیاز نے 29 اگست 2024 کو لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کیا، درخواست میں وفاقی حکومت، پنجاب حکومت، آئی جی پنجاب سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے، پنجاب حکومت کے وکیل گزشتہ سماعت پر امتیاز (بقیہ نمبر 51)

سری نگر ہائی وے پر انٹرچینج انڈر پاس ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا

سہروردی روڈ پر واقع انڈر پاس کو بھی ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا، باقی حصوں پر کام جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں سری نگر ہائی وے کے مقام پر انٹرچینج انڈر پاس ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا ہے۔ کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے چیئرمین کے مطابق سہروردی روڈ پر واقع انڈر پاس کو بھی ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا ہے، منصوبے کے باقی حصوں پر بھی (بقیہ نمبر 34)

سیف سٹی بلڈ بنک مشکل کی

گھڑی میں شہریوں کا مددگار ثابت

لاہور (این این آئی) سیف سٹی بلڈ بنک مشکل کی گھڑی میں شہریوں کا مددگار ثابت ہو رہا ہے، چند دنوں میں 300 سے زائد شہری اور 7 بلڈ ڈونرز ایجنسیز سیف سٹی بلڈ بنک کے ساتھ منسلک ہو چکی ہیں۔ ترجمان پنجاب سیف سٹیز نے کہا کہ سیف سٹی بلڈ بنک میں 15 پر کال کرنے والے شہریوں کا کانفرنس کال کے ذریعے ڈونرز سے رابطہ کروایا جاتا ہے، آغاز سے چند روز میں سیف سٹی 60 سے زائد شہریوں کو خون کا عطیہ فراہم کروا چکا ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صاحبہ کی خصوصی ہدایات پر سیف سٹی ایمرجنسی ورچول بلڈ بنک کا قیام عمل میں لایا گیا، شہری 15 کال پر 4 دبا کے با آسانی سیف سٹی ایمرجنسی (بقیہ نمبر 39)

قبرص میں پولیس فائرنگ سے پاکستانی کی موت کی تحقیقات کا حکم

چیف پراسیکیوٹر نے مجرمانہ تحقیقات کی نگرانی کے لیے آزاد تفتیش کار مقرر کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) قبرص میں مبینہ طور پر پولیس کی فائرنگ سے پاکستانی شہری کی ہلاکت کے معاملے پر چیف پراسیکیوٹر نے مجرمانہ تحقیقات کی نگرانی کے لیے آزاد تفتیش کار مقرر کر دیا۔ قبرص اٹارنی جنرل جارج ایل سویلیس کا کہنا ہے کہ پاکستان کے نوجوان کی ہلاکت کے سلسلے میں ایک (بقیہ نمبر 35)

سعودی عرب، امریکہ سمیت 7 ممالک سے مزید 52 پاکستانی بے دخل

3 بچوں کو بھی بے دخل کیا گیا، جنہیں ایمرجنسی دستاویزات پر پاکستان واپس بھیجا گیا

کراچی (این این آئی) سعودی عرب اور امریکہ سمیت 7 ممالک نے پاکستان سے تعلق رکھنے والے مزید 52 افراد کو اپنے ملک سے بے دخل کر دیا۔ بے دخل کرنے والے ممالک میں سعودی عرب، امریکا، متحدہ عرب امارات اور سویڈن سمیت دیگر شامل ہیں۔ بیرون ملک سے بے دخل ہو کر کراچی ایئرپورٹ پر پہنچنے والے 3 افراد کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ دیگر کو ان کے گھروں کو واپس جانے (بقیہ نمبر 53)

وائس چیئرمین او پی سی پنجاب بیرسٹر امجد ملک کے اعزاز میں عشائیہ

قونصل جنرل پاکستان طارق وزیر، ممبر پارلیمنٹ افضل خان و دیگر کی عشائیہ میں شرکت

لاہور (سٹی رپورٹر) چیف کوآرڈی نیٹر اینڈ سینئر نائب صدر اور سینئر پاکستانیز بیرسٹر امجد ملک کو وائس چیئرمین اور سینئر پاکستانیز کمیشن پنجاب تعینات ہونے پر انکے اعزاز اور برطانیہ کے میڈیا پرسنز، الیکٹرانک، پرنٹ اور سوشل میڈیا کے اعزاز میں راچڈیل کے مقامی ہال میں پاکستان مسلم لیگ ن ہیڈ آف ٹریڈ ونگ برطانیہ چوہدری خالد محمود اور محمد عابد نے ایک پر وقار استقبالیہ تقریب و پر تکلف عشائیے (بقیہ نمبر 47)

پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن پی ایم اے کے مجوزہ MSDS کو فوری طور پر منظور کرے: مجلس عاملہ

مفاہمتی عمل جاری رکھا جائے تاکہ ہیلتھ کیئر کمیشن اور ڈاکٹرز کے درمیان معاملات خوش اسلوبی سے طے پا جائیں

اجلاس میں پنجاب بھر سے پی ایم اے کے نمائندگان نے بھرپور حصہ لیا اور مندرجہ ذیل فیصلے کیئے گئے

لاہور (خبر نگار) پی ایم اے پنجاب کی صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس ڈاکٹر کامران سعید شیخ کی زیر صدارت 12 جنوری 2025 کو پی ایم اے ہاؤس لاہور میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پنجاب کے مختلف اضلاع کے صدور، سینئر راہنماؤں اور صوبائی کونسلرز کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اجلاس میں پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن، ایف بی آر کی طرف سے پوائنٹ آف سیلز (POS) ٹیکس، ہیلتھ پروفیشنلز سیکیورٹی بل، ہیلتھ سیکٹر کی پرائیویٹائزیشن سمیت دیگر (بقیہ نمبر 55)

مختلف شہروں میں شدید دھند، موٹرویز، سڑکیں بند، مسافروں کو مشکلات

موٹروے ایم 3، 4، 5 کو ٹریفک کے لئے بند رکھا گیا، ملک میں سردی کی شدت بھی برقرار

لاہور (این این آئی) ملک کے مختلف شہروں میں شدید دھند چھائی رہی، حد نگاہ کم ہونے پر موٹرویز متعدد مقامات سے بند رکھی گئی جس سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ موٹروے ایم 3 لاہور سے رجانہ، ایم 4 پر شور کوٹ سے ملتان، موٹروے ایم 5 پر بھی ملتان سے روہڑی تک بند رکھی گئی۔ شدید دھند کی وجہ سے دیگر شاہراہوں پر بھی ٹریفک سست روی کا شکار رہی جس کی وجہ سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ملک کے مختلف شہروں میں سردی کی شدت بھی برقرار رہے، اسلام آباد، مری، گلیات اور بالائی علاقوں میں کہرا پڑنے کا امکان پیدا ہو گیا، بلوچستان کے شمال مغربی اضلاع میں مطلع (بقیہ نمبر 52)

ملک کو نوجوان قیادت کی ضرورت، بلاول اگلے وزیر اعظم ہوں گے، گورنر پنجاب

پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جو غریب اور متوسط طبقے کے حقوق کے لیے آواز اٹھاتی، ہمیشہ عوامی فلاح و بہبود اور خدمت کو ترجیح دیتی ہے

مسلم لیگ ن سے اتحاد بھی ملکی استحکام اور ترقی کی خاطر کیا، سیاست صرف عزت اور عوام کی خدمت کے لیے کی ہے، سردار سلیم حیدر

اٹک (مانیٹرنگ ڈیسک) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ ملک کو نوجوان قیادت کی ضرورت ہے، بلاول بھٹو ملک کے اگلے وزیر اعظم ہوں گے۔ اٹک میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی واحد جماعت ہے جو غریب اور متوسط طبقے کے حقوق کے لیے آواز اٹھاتی ہے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ عوامی فلاح و بہبود اور خدمت کو ترجیح دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن سے اتحاد بھی ملکی (بقیہ نمبر 54)

بلائنڈ انڈس ڈولفن ہمارا قومی ورثہ ہیں، مریم اورنگزیب

وائلڈ لائف، ڈبلیو ڈبلیو ایف کی ٹیمیں تونسہ بیراج پر تعینات کر دیں، سینئر صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے نوٹس پر انڈس بلائنڈ ڈولفن کے تحفظ کے لیے اہم کارروائی کی گئی اور تونسہ بیراج پر پانی کی سطح کم ہونے کے باعث 5 بلائنڈ انڈس ڈولفن بے بیز کو کامیابی سے ریسکیو کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈولفن کے شکار میں ملوث شکاریوں کو گرفتار کر کے ان کے نیٹس اور دیگر سامان ضبط کر لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پانی کی سطح کم ہونے پر تونسہ بیراج پر ڈولفن مانیٹرنگ سخت کر دی گئی ہے اور محکمہ وائلڈ لائف اور ڈبلیو ڈبلیو ایف کی ٹیمیں تونسہ بیراج پر تعینات کر دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 13 ہزار سے زائد جانور اور پرندے ریسکیو کیے گئے ہیں، ڈولفن کے غیر قانونی شکار کے خلاف سخت کارروائی جاری ہے، پانی کی سطح بلند ہونے تک محکمہ وائلڈ لائف کی خصوصی ٹیمیں تونسہ بیراج پر موجود رہیں گی، تونسہ بیراج پر (بقیہ نمبر 50)

لاہور، طالبات سکول سے چھٹی کے بعد گھروں کو واپس جا رہی ہیں

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
منیجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

لاہور: تاجر رہنما مہر نواز اور ملک سجاد کے زیر اہتمام تقریب کے موقع پر سال ٹریڈرز اینڈ جنرل سٹورز ایسوسی ایشن کے مرکزی چیئرمین میاں محمد زاہد کا ملک شاہد اعجاز احمد، شاہد حسین، وقار کمبوہ، منشا شاہین، ریاض گجر و دیگر کے ساتھ گروپ فوٹو